کیا جانے تھی جان بے شکایت
کیون موت دم سخن نہ آئی
کیون داغ عدو کا شکوہ دل
قصہ مرا سنکے جلن نہ آئی
کیون آہ زبان زن پہ آئی
اوس کوچہ مین جو خاک مین ہوا ہون
بلبل طرف چمن نہ آئی
مومن بخدا کبھی نہ آئی

دل مین شکن ہے زلف مسلسل کو کیا ہوا
برہم ہے حال کاکل پیچان کو کیا ہوا
لذت فزا نہین الم اوس لب پہ کیا ہی
کچھ زخم ہم ہین نمکدان کو کیا ہوا
بوے قبا ہے یوسف گل ہی نسیم مین
اوسکی شمیم عطر گریبان کو کیا ہوا
گردش پہ اپنی ناز ہے چرخ روزگار کو
اوس چشم رشک فتنۂ دوران کو کیا ہوا
شرمندہ ساز مہر درخشان کو کیا ہوا
شمع کو پھر بھی جانب خورشید التفات
اوس نزاکت رشک بہم جان کو کیا ہوا
کیا جانے اوسکی زلف پریشان کو کیا ہوا
دل کی طرح ہی جان کو کیا ہوا

	آن شوخ چنان ربود از من گوئے کہ دلم نبود از من	

ترکیب بند بہ مضمون مرثیہ معشوقہ حور طلعت ملک شیم حصلنی وصالہا فی جنت النعیم

خمیازہ عیش کا مرا دل کھینچتا ہی آج
آغوش رشک حلقۂ اہل عزا ہی آج

برباد شور رعد ہوا آپ اشک پر
کیسا وفور شیون و جوش و بکا ہی آج

جیتے رہے تو لال طمانچون سے منہ کیا
تغییر رنگ شرم و خجالت فزا ہی آج

پانی کے بدلے منہ مین بھر آئے ہی لہو
لب کاٹنے مین ہاے کہان وہ مزا ہی آج

مجکو نہ اپنے ساتھ عدم مین لیگیا
ہر دم شکایت نفس نارسا ہے آج

آواز ہاے ہاے کی آتی ہی متصل
گردون طلسم گنبد ماتم سرا ہی آج

لے تنے کہان حواس کہ تدبیر مرگ ہو
اپنی خبر نہین مجھے کیا جانی کیا ہی آج

اے دل خبر لے نغمۂ شادی کو کیا ہوا
لب پر ہمارے نالۂ وا حسرتا ہی آج

پیٹے مجھے جو روئے وہ کہتے تھے بارہا
کیا روئیے اوسیکا ہمین پیٹنا ہی آج

اوترین گلے سے گھونٹ آبحیات کے
دل آہ زندگانی ہی کتنا خفا ہے آج

	مرنا یہ کس کا جان سے بیزار کر گیا ماتم مین مر رہا ہون مین یہ کون مر گیا	

اپنی خرابیون کو کہان جا کر روئیے
دل مین جگہ نہونے کا کس سے گلہ کرون
کسکو گلے لگائیے اے شوق ہمکنار
کس سے نباہیے کہ سواے دفا کیے
اب کسکو دیکھیے کہ کسی کو نہ دیکھیے
اوس نور چشم حسن کو کیونکر زر دیجے

وہ شمع روے انجمن آرا نہین رہا
وہ قدر دان شکوۂ بیجا نہین رہا
وہ خوش گلوے سینہ مصفا نہین رہا
دنیا مین ہاے نام وفا کا نہین رہا
وہ پردہ سوز چشم تماشا نہین رہا
آنکھوں مین رہ ہوے اب کوئی ایسا نہین رہا

ہر دم جبین آئینہ آلودہ نم سے تھی
یہ آب و تاب حسن اوسی مہ کی دم سے تھی

کیا ماجرا لکھون ہین کہ تاب رقم نہین
اوٹھی ہے نعش خوش قد محشر خرام کی
ایسا گیا کہ یان تلک آنا محال ہے
جاکر رہین گے عرش پہ ارباب تعزیہ
وحشت مری نگاہ سے ہو کیون نہ جلوہ گر
پہونچا دیا ہے جنو دیون نے قریب مرگ
یہ زندگانی اہل ہوس کو نصیب ہو
بیدا دیکہ تازیِ ترک فلک نپوچھ
اہل زمانہ دیدۂ بادام کی طرح

ہین نالہ ہاے صور صریر قلم نہین
یہ حادثہ نزول قیامت سے کم نہین
کہتے تھے ہم کہ اوسکی طبیعت مین رم نہین
اس جوف مین سما ہے یہ ایسا الم نہین
آتا نظر وہ سلسلۂ خم بخم نہین
اے چارہ گر اب آپ مین آئی تو ہم نہین
ہین ناتوان سزاے جفا و ستم نہین
کوئی نہین جہان مین جو کہ پامال غم نہین
وہ آنکھ پھوڑ ڈالتی ہین جسمین نم نہین

[illegible]
اب حضرت مسیح سے بھی مرض جان نہین
[illegible]

۱۷۵
دیوان مومن

اوس گھر کو [illegible] گلشن شداد سے مثال
گرتے ہین در پہ تا کہ اوٹھائے خدا ہمین
جنبش نہین کہ زخم کوئی کارگر لگے
تیغ مژہ کا لاکھ تصور بندھا ہمین
بجلی نہ ایک بار گری ہم پہ نصیب
دن رات کو خیال تبسم رہا ہمین
دامن پکڑ کے روئین نہ کیون ایک ایک کا
جب چھوڑ جائے بیکس و تنہا قضا ہمین

[illegible]

کام آئے تیری کیون نہ لب جانفزا سے ہے
خودکام ہے عجب مجھے مرجانیکا اثر
الله کیا گمان تھا عمر دراز کا
نادان دل کو مرگ کا ابتک یقین نہین
شعلہ ہمارے سوز سمندر گداز کا
گلشن خلیل جلاوے تو کیا عجب
خواب عدم مین چین ہے گر خواب ناز کا
گستاخ نالے فتنۂ محشر جگا ہین [illegible]

ایسا کہ اوس سے عرض کرے جاکے یہ پیام
یان جوش غم مین موت سہی بدتر ہے زندگی
میرا لہو پیے جو گلا کاٹنے ندے
اے ہمنشین تڑپنے ندے خاک پر ذرا
پتھر پہ سر پٹکنے دے اے مہربان کہ آج
چھوڑا آستین کہ جامۂ ہستی قبا کرون
بیچارہ بیقرار ہے درمان کی فکر مین
بیفائدہ نہین ہین مری خاک بر زبان

ملتا جہان مین کوئی پیغامبر نہین
آپ کے دیکھ جائیے باور اگر نہین
ہمدم خیال تیغ مژہ مین اثر نہین
ایسا تو آسمان بھی بیداد گر نہین
بازو سے نرم نرم وہ بالین بسر نہین
غمخوار دھیان آیا کہ مین جانتا نہین
آگاہ میرے درد سے شفق مگر نہین
اسکے حصول کی تجھے ہمدم خبر نہین

اوس سیم تن کو ہائے ملایا ہے خاک مین
گردون نے گنج حسن چھپایا ہے خاک مین

ویران ہے خانہ جلوۂ حیرت طراز کا
ہاتھون سے اپنے مہرۂ تریاک کھو دیا
پہلے ہی اذن عام کہا نعش یار پر
سر پیٹتی ہین حلقۂ ماتم مین قمریان
کب پہونچے باغ خلد مین ہمسے گناہگار
زندہ ہی دفن کر دو مجھے دوستو کہ اب
ہے کفر مت کہو اب اوسے کس سے وصال ہے

آئینہ دیکھتا ہے منھ آئینہ ساز کا
بگڑا ہے کھیل کیا فلک حقہ باز کا
غیرت سے انتظار نہ دیکھا نماز کا
نخل عزا ہے آہ یہ کس سرو ناز کا
ہے تنگ قافیہ ہوس ہرزہ تاز کا
محتاج کون ہوا اجل بے نیاز کا
اے محرم آہ فائدہ افشائے راز کا

کھودی خزان نے رونق گلزارہای باغ
پژمردہ ہوگئے گل رخسارہای ہائے
پھرتی نہ تھی جو پردہ نشین گھر مین بیحجاب
نعش اوسکی جا ہے سر بازارہای ہائے
سرو فتادہ قامت محشر خرام ہے
کیا ہوگئی وہ شوخی رفتارہای ہائے
بیخواب مہ جبین کی مری آنکھ مند گئی
کیا سوئے ہین طالع بیدارہای ہائے

وہ شمع مہ [illegible] جلوہ [illegible]
[illegible] فروغ شب تارہای ہائے
[illegible] گھر مرا ویران ہو گیا
[illegible] در و دیوارہای ہائے
[illegible] عاشق بیکس کی بات [illegible]
اب ہو گیا [illegible] گفتارہای ہائے
[illegible] طاقت [illegible] الموت کی [illegible]
روتا ہون جان کو ملک الموت [illegible]
[illegible]

[illegible]

مدفن بنے زمین چمن وا مصیبتا	معدوم ہو وہ غنچہ دہن وا مصیبتا
جس نازنین صنم پہ گران تھا حریر چین	اوسکا غلاف کعبہ کفن وا مصیبتا
دے منکر و نکیر کو ناچار وہ جواب	جو جور سے کرے نہ سخن وا مصیبتا
جسکو شکستن دلِ عاشق عذاب ہو	وہ اور جانکنی کے محن وا مصیبتا
جو عرض مہر تازہ مہ سی ہو ہر نگون	اوس پر جفاے چرخ کہن وا مصیبتا
تشبیہ آئینہ سے جو ہوتا تھا آب آب	ملجائے خاک مین وہ بدن وا مصیبتا
دیتے تھے جو روش بھی جسے آرام دل پہ جان	اوسکا غم ہلاک شدن وا مصیبتا
جھوم دھر پسے ٹوٹتی تھے جسکے ہاتھ پانون	وہ زیر بار تاب شکن وا مصیبتا
پھولونکو جسکی بو نے ملایا تھا خاک مین	ہے اوسکی خاک وقف سمن وا مصیبتا
وہ خانہ باغ عیش محل جسکا نام تھا	کہتے ہین اوسکو بیت حزن وا مصیبتا

کیا اعتبار دہر کا عبرت کی جا ہے یہ
عشرت سرا کبھی کبھی ماتم سرا ہے یہ

کیا میر اسد راہ ہے سنگ مزار حیف	چھاتی کا پتھر اونکی ہوا انتظار حیف
یارب زمین پھٹے کہ سما جاؤن ورنہ کیا	لیلی کو منھ دکھائیگا وہ مہ عذار حیف
ہون غرق آب شرم کہ ڈوبا نہین ہنوز	بے آبرو ہے مژۂ اشکبار حیف
اے مرگ چشم لطف کہ حسرت سے مرتے دم	دیکھا کیے وہ میری طرف بار بار حیف
کہتے تھے اونکو جان قیامت مین خاک ہے	کس منھ سے سر اوٹھائینگے ہم شرمسار حیف

۱۷۷ ردیف غ

دوران کا اعتبار نہین اے فلک دریغ
ہم گر نہو سواے روز قیامت ہو صعود
اتنا ہو طرز زہرہ جبین اے فلک دریغ
یوسف لقا و گرگ اجل اے زمانہ آہ
عیسیٰ نفس ہو مرگ گزین اے فلک دریغ
ظالم تری کدورت بیجا کو کیا کہون
نایاب ہو وہ دُر ثمین اے فلک دریغ
کیون لیگیا بہشت مین اوس رشک حور کو
[illegible]

[illegible]

اے جان وفا شعار مومن
جان بخش وفائے جاودانی
اے مایۂ لطف زندگانی
ناسور زوائے دیدۂ تر
اے نبض شناس جان مضطر
درد عاشق و ہم دوای عاشق
مرہم نہ زخمہائے عاشق
اے نور فزائے چشم بے خواب
اے چارہ گر مریض بیتاب
درمان دل فگار مومن
دکھیان آپکا اندوہ کدھر ہے
کچھ حال کی میری بھی خبر ہے
بیمار ہون اور قریب مردن
ہر دم ہے عذاب جان بیدن
جانسوز حرارت غریبی
ہے گرم ہوائے نفریبی

یہ نالہاے شعلہ فشان وزبانہ زن
پھونکینگے تا بعرش برین ایفلک سد ریغ

ہم پائمال مرگ بھی اب سر اوٹھائینگے
جیتے رہے تو حشر کو مہمان بلائینگے

اے جوش نالہ کاوش ہر دم کہانتلک
اوس مہروش کو روز کے رونیسے کیا حصول
گردن جھکی ہوئی بھی وہی بار دوش ہے
جل جلکے میری دل کی طرح خاک ہوگیا
مین صحن اوسکے گھر کا سمجھتا ہون گور کو
سینے کے سارے آبلے ناسور ہو گئے
ہے جستجوے یار مین سعی رہ عدم
تاثیر کو بھی آگئی موت اوسکے ساتھ ہائے
اس زندگی سے میرا دم آیا ہی ناک مین
اللہ سینہ کوبیون سے ہاتھ تھک گئے

یون موت سے شکایت پیہم کہان تلک
اے اشک بیقرار پئے شبنم کہان تلک
ایدل خیال ابروی خوش خم کہانتلک
اے آہ سینہ سوز پے ہمدم کہانتلک
اللہ رب مجھسے تنگ ہے عالم کہانتلک
ایدست عیش وصل کا ماتم کہانتلک
اے شوق دیکھیے کہ رہے دم کہانتلک
کھایا کرون امید اثر سم کہان تلک
آخر تحمل قلق و غم کہان تلک
پیٹین گے اپنی جان کو یون ہم کہان تلک

اے مرگ اس عذاب سے آکر چھپا مجھے
مومن ہون قید خانہ ہے دار الفنا مجھے

نامۂ مومن جانباز بجانب محبوبۂ دلنواز

اک آگ سی لگ رہی ہے تن بدن مین
شعلے سے بھڑکتے ہین بدن مین
[illegible] جلا یا
[illegible] نے خاک مین ملا یا
اس آگ نے جلا کے [illegible] مین نام
[illegible] زمین ہے اور آرام
[illegible] زبان کہون مین
[illegible] شمع ہون مین
[illegible]

گرمی ہی اگر ہی کوئی دن یان / ہو جائین گے برہمن مسلمان
پروانہ ہے گرچہ دل سے مجھپر / پر جلتے ہین یان طبیب کے پر
پاس آنے کی تاب کا ہیکو ہے / جلجانیکی تاب کا ہیکو ہے
سب جوش عرق سی گھل گیا جسم / ہر عضو مین کیا رہا بجز اسم
بحرِ ظلمات موج زن ہے / دریاے فرات موج زن ہے
ہے شرم سے نیل پانی پانی / موج عمان نے چین مانی
سب پاس کے گھر گستہ پیوند / طوفان زدہ کشتیون کے مانند
جوشِ خفقان سے دل کا یہ حال / ہر شعلۂ سینہ برق تمثال
برہم زدہ صدر تا بر و دوش / تا مغزِ عظام عھن منفوش
اعصاب رہینِ سر بسر پیچ / جیسے تری زلف پیچ در پیچ
یون اوردہ بخون طپیدہ / جیسے رگ گردنِ بریدہ
کیا کیجے صداع کی شکایت / کس دکھ مین ہی اسقدر سرایت
ازبسکہ ضماد کر دیا ہے / صندل کو بھی دردِ سر دیا ہے
کیا چارہ گرون کو غیرتین ہین / تشخیص مرض مین حیرتین ہین
اپنی ہی تو سوچتے ہین سب کچھ / آتا نہین دھیان مین یہ سب کچھ
خود ہو گئے اس الم مین بیمار / بے علم ہو کیا علاج بیمار
علت سبب مجھے پتا ہے تمکو معلوم / جو کچھ کہ ہوا ہے تمکو معلوم

ورنہ کاہیکو یون رہون محروم
مین وفادار ہون وفا کی قسم
تیری حسرت فزا جفا کی قسم
بیوفا بندۂ خدا اگر ہون
ایک تجھسے پھرون تو کافر ہون
تو جو ہے ہاشمی نسب اے جان
ہے محبت تری مرا ایمان

مثنویات

این نالہ شکایت ستم ایام

تجکو وہان لاف کبریائی ہے — یان بلا دین و دل پہ آئی ہے
تجکو دعوی ہے بے نیازی کا — حوصلہ کسکو پاکبازی کا
ہے تجھے پاکدامنی کا خیال — مارے ڈالے ہے مجکو شوق وصال
کیون یہ دعوے لن ترانی ہے — آخر اک دن قیامت آنی ہے
مومن ناتوان پہ ناز نہ کر — ہے خدا بھی تو احتراز نہ کر
کسلیے تجکو ہے مجھسے کام نہین — خون کرنا مگر حرام نہین
شرط دین ہے جو پاکدامانی — تو ستم بھی ہے نامسلمانی
دیکھ اک بیگناہ مرتا ہے — جان تجھپہ نثار کرتا ہے
مجھسے عاشق کی یون دل آزاری — ہووے فی النار ایسی دینداری
شعلہ کی طرح ہاتھ ملتا ہون — بیم دوزخ سے تیری جلتا ہون
تجکو ڈر سوزش الیم سے کیا — حور کو آتش جحیم سے کیا
عذر بیہودہ دلپسند نہین — باب توبہ ہنوز بند نہین
ایسے نازک کو کون دے ہے سزا — تو جوانی کا تم اوٹھاؤ مزا
ہے بفتواے اہل ذوق حرام — تجھسے شیرین دہن کو تلخی کام
ہین یہ دن لطف زندگانی کے — پھر کہان ولولے جوانی کے
بے مزا کر نہ عاقبت بینی — زہر ہیگی لبون مین شیرینی
جب کہون کو نہ سخت پاؤ گے — سخت جانی سے تنگ آؤ گے

گرم تدبیر گر ذری ہو جاے	تپ غم نار عنصری ہو جاے
چارہ سازی کرے جو بعد ہلاک	بنے خاکِ شفا مزار کی خاک
گر عرق ریز فکر درمان ہو	گریۂ ماتم آب حیوان ہو
اس سے ممکن علاج عاشق ہو	گرم و تر ہم مزاج عاشق ہو
گھووے پہ رشک شربت اعجاز	نزلۂ اشک چشم اہل نیاز
کیا کہون اسکی چارہ فرمائی	ہے یہ تریاک زہر تنہائی
مین بھی محتاج چارہ سازی ہون	خستۂ ناز بے نیازی ہون
ہے ہوا سون مین انتشار بہت	خم کی خم لاکھ ہے خمار بہت
جوش الفت ہوا اسقدر ہے ٹوٹے	نہ صراحی سے جو پیا پے ٹوٹے
پاس ناموس و ننگ اوڑ جاسے	ہوش مانند رنگ اوڑ جائے
مثل قلقل خروش مین آؤن	صورتِ بادہ جوش مین آؤن
دامنِ تر طلسم باران ہو	رعد شورِ سیاہ کاران ہو
غم کے خم متصل کرون خالی	جی بھرے یہ کہ دل کرون خالی
مطلب آنا ہو شور مستانہ	کہہ دون بیہوشی مین افسانہ
ہوش دل کو جو یک بیک آوے	راز پنہان زبان تلک آوے
گلۂ یار شکوۂ گردون	چھپ گئے جس سے وہ بیان کردون
یعنی طفلی سے ہو نمین پیر مغان	بلدِ راہ گمرہان جہان

دونون اک تازہ کار افتادہ
دونون دلدار دونون دلدادہ
ہوئی نظرون مین گفتگو باہم
غرض کی دل کی گفتگو باہم

شہرۂ عاشقانہ ہونے لگا / حال میرا فسانہ ہونے لگا
وصل کی جا سے حسرتین آئین / ذکر ہجران سے رقیبین آئین
حال قیم مقتضائے مقام / اور کیا اور بھی مرا انجام
تازہ ہر شب فسانہ پردازی / چشم بر سرگذشت افسون سازی
نیت خواب شکوۂ صحن چمن / دل شمع سا گل و ہجوم سخن

عمر تکلیف کی نہ آئی تھی / بنے تکلیف جب اوٹھائی تھی
پہونچے سن وقوف کو بھی نہ ہم / کہ ہوئے واقف رموز الم
آہ ورد زبان و نولہ تھی / نیم بسمل ہوئے یہ بسملہ تھی
کچھ نہ سیکھو سکھادیا دل نے / سبق اوستا پڑھا و یاد دل نے
لذت آئی جو لفظ الفت سے / پڑھتے وائم الف کے آگے ب
بسکہ تھا دل مین شکوۂ بیداد / سبق الحمد کا نہ رہتا یاد
زلف ولب سر خط دل غمگین / نام لکھتے تو لیلی و شیرین
جور استاد کی خوشی ہوتی / عذر فریاد کی خوشی ہوتی
رونے کو اک بہانا ہو جاتا / حیلۂ آہ و نالہ ہاتھ آتا
بسکہ یاد نگار مین روتے / تختۂ مشق اشک سے دھوتے
وا وپڑھتے تو ہونٹ کاٹتے ہم / لام آتا تو لب کو چاٹتے ہم
بے کہے سے جو ہونٹ ملجاتے / بوسۂ لب کے لطف یاد آتے
حفظ قرآن و یاد مصحف رو / فرصت الدرس نہ روز و شب مین کبھو
دن کو ورد زبان سبق ناچار / رات بھر ورس شوق کی تکرار
ہوس راحت آہ کیا کیا تھی / لے گئی بخت خواب میرا بھی
گھر سے عیش طرب کے جوش گئے / میری نیند اقربا کے ہوش گئے
ہوئے سرگرم چارۂ وتدبیر / کیسے کیا کیا علاج بے تاثیر

وہ بھی جی کا وبال ہوتا تھا / [illegible] وصال ہوتا تھا
دیکھ وہ غمزہ ہر اس کی آنکھوں [illegible]

کہان رکھون جو آہ پیہم [illegible]
صد شۂ نو بنو رہے [illegible]
الفت جان و دل فراق وصال [illegible]
جب [illegible] دونون کی قلق کی دہوم
اور تنے ملنے سے ہوئے محروم
اوس نے ناچار پھیر چھپایا منہ [illegible]

سرمہ سا چشم آبناک ہوئی | آرزوے نظارہ خاک ہوئی
خاک مین جی ملا دیا غم نے | خاک اوڑائی کدورت دم نے
دل پہ جب یہ غبار رنج چھایا | چرخ سے فتنہ گر کو رحم آیا
راہ پر آسمان کو لایا کچھ | طالعِ خفتہ کو جگایا کچھ
ہوئی شادی ہماری ہان یکبار | آئی مہمان وہ دولت بیدار
شرکت محفل سراپا زیب | اوسکے آنیکی ہوگئی تقریب
ایک خالی مکان مین آکر | مل گئی چپکے چپکے ڈھب پاکر
کیا ملاقات رشک تنہائی | دمبدم تازہ حسرت افزائی
دونون جانب سے نالہ و فریاد | شکوۂ جور و طعنۂ بیداد
گرد دل سے اوڑین زمین کے ہوش | نالۂ آسمان فگن کا جوش
صور کا نفخ اولین افغان | فتنۂ محشر آخرین افغان
اشک آنکھون سے متصل جاری | خون دل تا بہ لخت دل جاری
آرزو پائمال پاس وصال | لحظہ لحظہ خراب تر احوال
اوسپر آیا زمانۂ رخصت | دور ایام نے نہ دی فرصت
آگیا دو ہی دن مین روز نشور | منتشر ہوگئی وہ بزم سرور
آئے رنج و غم و تعب مہمان | گھر گئے اپنے اپنے سب مہمان
شعلہ زن آہ سینہ سوز وداع | مہر حشر آفتاب روز وداع

لاشۂ صور و شیون افغان تھا دل وجان
اک قیامت بنی دل و جان ہے
وہ ملاقات آخری ہے ہے
بیکسی ولدار ریان مری ہے ہے
وہ نگاہ ہراس آلودہ
حرف امید یاس آلودہ
آرزوے وصال کی باتین
یمن وداع احتمال کی باتین
سخن اتفاق اب کی باتین
ابتدا اشتیاق فسون پرداز
ہاے اوسکے وہ مرکہ آواز
ہاے چلتے ہی اوسکا کہنا مجھکو
بیکل تسکین دل کہان مجھکو
بیقراری زبان زبان مجھکو
نکلے منہ سے کرون کوئی بات آہ
آہ نومید ملاقات آہ
رہ گئے بیٹھ کے دونون ہم وہ جہان
روتے روتے بٹھا دیا وہ مکان
ہاے کعبے کے کنشت پرست
بن گئے ایک سنگ و خشت پرست
سجدہ ہاے نشان پا ہون وہان
در و دیوار پر فدا ہون وہان
جاے جانے کی وہان کی لیون بلائین
لگ گئے ہم چکین گلے سے لگائین
آہ بیشین حسرتین سدا خون ہون
اشک بیشین لحظہ لحظہ افزون ہون
او کہان احوال کچھ پریشان تر
چشم خوناب حسرت افشان تر
طبع نازک کو وہ تاب کہان
طاقت ضبط اضطراب کہان
دل بیتاب شوق ہمکناری ہے
خفقان ضبط بیقراری ہے

اک قیامت دل حزین پہ رہی / تہلکہ جان نازنین پہ رہی
ایکدن جی زیادہ گھبرایا / جان بیتاب کو نہ صبر آیا
ایک جان اور غم کا وہ انبوہ / ایسے نازک پہ شدتِ اندوہ
جوش یاس آسمان کی تاک ہوے / تاب لائے کہان تنک ہو ہے
تنگیِ دہر وحشت افزا تھی / تپش دل قیامت آرا تھی
پھر تسکین شدتِ خفقان / ٹھہری گلگشت روضۂ رضوان
گئی جنت مین بسکہ ایسی حور / ہوئی بیتاب کیسی کیسی حور
رشک سے خضرؑ پائمال ہوا / ملک الموت سے وصال ہوا
کیون نہو گرم منتِ یزدان / دہن گور کو ملی یہ زبان
اثر حسن سے بنی یکبار / رشک خورشید ذرہ ہاے غبار
مجکو جس وقت یہ خبر آئی / بیہشی مرگ کی خبر لائی
پاس بدنامی اک ذرا نرہا / ہوش ناموس و ننگ کا نرہا
خار خارِ غم آشکارہ ہوا / مثل دل جامہ پارہ پارہ ہوا
ہوگئی بس کہ لوٹے خاک مین ہم / جلد ہمرنگ کسوتِ ماتم
کیا نظر زخم اندرون آیا / چشم سے روتے روتے خون آیا
نہ لیا پھر قرار نے آرام / کھو دیا اضطراب نے آرام
سینہ کوبی سے دل فگار ہوا / تیر حسرت جگر کے پار ہوا

شور محشر خروش شیون و اویلا
اک قیامت تھی آہ و افغان سے
شور اوٹھا یا خروش پنہان سے
چاہ بابل سے جا بجا اوڑانے دھوئین
آتش دل نے کیا اوٹھائے دھوئین
ہم کہ [illegible] چھوڑ گئے
دم [illegible] توڑ گئے
نفخۂ صور جوش شیون و اویلا
تھی گور رشک زمین خاک کیا
خواہش مرگ نے ہلاک کیا
موت پر [illegible] آرزو کا دم
پیچ [illegible] دم
نالہ آخر فسون ہوا دل کو
رشک سے جنون ہوا دل کو
چارہ سازون سے نفرتین کیا کیا
حرف تسکین سے وحشتین کیا کیا

پاس ربط وفا سے بھاگے ہین ہم
[illegible] اقربا سے بھاگے ہین ہم
دور دور ان سے اور دور رہے
[illegible] بجا رہے
نامہ [illegible] غمگسار رونے
خصم [illegible] دوستدار رونے
دشمنی ہمت اور رسم احباب
تیغ بیداد الفت احباب
[illegible]
خانۂ زندان کدہ مین [illegible]
خفقان الفقون سے [illegible]
طوق گردن [illegible] جنون [illegible]
شعلہ داغ جنون [illegible]
[illegible] شفقت [illegible] عذاب
[illegible] حسرت [illegible]
[illegible]

قطرہ قطرہ سرشک حال غمین — دانہ ہائے سلاسل سجّین
ان بلاؤن سے چھوٹنا معلوم — اس سلاسل کا ٹوٹنا معلوم
غم کو وحشت فزائیان مشکل — رم کو زور آزمائیان مشکل
بیقراری کو جوش کا افسوس — خود نمائی سے وحشتین مانوس
ایک مدت تلک یہ حال رہا — ملک الموت کا خیال رہا
حسرت مرگ دادرس کیا کیا — خاک مین ملنے کی ہوس کیا کیا
خلش خار خار صد آزار — آرزوے ہلاک مین بیمار
دردمندی و بے دوائی حیف — زہر و خنجر کی نارسائی حیف
دور بینی ستم قریبون کی — چارہ سازی ستم ان طبیبونکی
جب یہ دیکھا نہین بن آتی کچھ — نہین پیش انکے آگے جاتی کچھ
دل سے کی مشورت کہ کیا کیجے — کیونکر اس درد کی دوا کیجے
اس بلا سے نجات ہو کیونکر — رفع قید حیات ہو کیونکر
کس طرح سے یہ سلسلے ٹوٹین — حلقۂ اقربا سے ہم چھوٹین
یون کہا دل نے اے زبون تقریر — نہین اسکے سوائے کچھ تدبیر
کہ ذرا جان کو سنبھالو تم — بات جب ہے کہ بات ٹالو تم
چارہ سازون کو ہو نہ حیرانی — نہ کرین اس قدر نگہبانی
جان کا ہو علاج فرصت مین — کھا سکو زہر کنج خلوت مین

جاکے خلد برین مین مل لیتا
یہی دو دن کی زندگانی ہے
آخر اک روز جان جانی ہے
جان سی یون گذر نہین جاتے

اور امید ہمارے دل لینا
ہوگا کبھی فراق تجھسے
جا کر اگر ایسا ہی اشتیاق تھا
ان کو کسی سے نہ بات کیجو تم
ان کا بھی نہ نام لیجو تم
اب تو ممکن نہین وصال اوسکا
اب آشفتہ ہے خیال اوسکا

۱۸۶

کھل گئے گر کیا ذرا فرالبتہ — ہو گئی باز چشم وابستہ
دیکھتا کیا ہوں ایک زہرہ جبین — جلوہ افروز ہے سر بالین
سال عمر اب تھے ہم شمار بروج — کہ ہوا اختر بلا کا عروج
چرخ نے داغ نو دیا مجھکو — والہ اوس ماہ کا کیا مجھکو
صدمہ جان گسل دوبارہ ہوا — جون کتان سینہ پارہ پارہ ہوا
دیکھ زانو پر اوسکے سر اپنا — تھا دماغ آسمان پر اپنا
جان سی آگئی کہ تھا سرشار — آب حیوان سے جام زانوے یار
کیا کہوں پرسش نگاہ کرم — چشم ہے غمزہ دادخواہ ستم
ذکر امید خاطر محروم — سخن دل ہی کا جوش ہجوم
حرف منہ ہی جو اوسکے نکلے پڑین — ایک غنچہ سے لاکھ پھول جھڑین
دیکھ اوس لب کی گوہر افشانی — ہو گیا آب ابر نیسانی
حال پوچھا جو ناتوانی کا — بڑھ گیا زور سخت جانی کا
لب جان بخش چارہ جو کیا — الفت آلودہ گفتگو کیا کیا
واہ اوس لب کی چارہ فرمائی — بات ہین آگئی توانائی
شادیان دل کو ہمکناری کی — ہاے باتین وہ دوستداری کی
پوچھنا اب مزاج کیسا ہے — غش یہ پھر آج تمکو کیسا ہے
دیکھ کس کس کا ہے ترا احوال — یہ بنایا ہے تمنے کیا احوال

راہ پر اپنی آگیا ہے آسمان
نہ رہا [illegible] حسین کا قہر ان
چھوڑ دی شوق دست [illegible] جنون
اپنے وادی پر آگیا ہے گردون
اس مصیبت کی ابتدا یہ ہے
ان کا ماجرا یہ ہے
بالکل ایک دن یہ ہوا اتفاق معمول
تھے نشاط و سرور میں مشغول
بادۂ شوق وصل سے مدہوش
بادۂ شوق بوسہ و آغوش
محو لذات [illegible] باہم
[illegible] اشتیاق [illegible] باہم
لب پہ لب [illegible] آنکھ سے آنکھ
نیند دونوں کو آگئی [illegible]
بخت بھی اپنے ساتھ سو رہا تھا
حائل اک پردۂ حجاب نہ تھا
[illegible] جاگتے ہے [illegible] خواب نہ تھا

ہوس مرگ و وصل کی خواہش	مبتلاے فزایش وکاہش
ہمدم و ہم مزاج لیل و نہار	حسرت خفتہ دولت بیدار
آخر آرام آگیا جی کو	چھوڑ کر غم چلا گیا جی کو
روز گلہاے انبساط کا جوش	ہر سحر خندۂ نشاط کا جوش
کیسی دونوں طرف سے یکسوئی	دونوں جانباز محو دلجوئی
چشم الطاف چارہ جو باہم	کیا نگہ ہاے آرزو باہم
دمبدم تازہ محفل آرائی	دلدہی دلبری دل آرائی
کس قدر تشنہ کام آب وصال	کاسۂ چرخ جام آب وصال
دائما ساغر سبو بیکار	مستی اشتیاق بوس و کنار
ربط جاذب دل اثر کیا کیا	دونوں مشتاق یکدگر کیا کیا
کوئی آیا تو ہٹ گئے ناچار	ورنہ ہر لحظہ شغل بوس و کنار
اک برس تک یہی رہا عالم	زندگی کے مزے اوٹھاے بہم
بعد یک سال خصم دیرینہ	چرخ بیداد گر زمین کینہ
آگیا اپنی کج خرامی پر	غش ہوا وا اثر گو نہ کامی پر
کیسی جلدی سے آگئی شب تار	دن پھرے تھے سو پھر گئے یکبار
ہوگئے نجم سعد سرگشتہ	ہاے بیداد بخت برگشتہ
کیا پامال سیر اختر نے	پانوں پھیلاے نحس اکبر نے

ایک [illegible] جا [illegible]
ایک [illegible] دوان چلی آئی
دونوں کے سر پہ بلا لائی
دونوں کو جب [illegible] دیکھ لیا
چشم بد دور اوس نے کیا دیکھا
ان کو سب [illegible] کر دیا بدنام
اوس نے [illegible] کی ایک بات
خوش بیانوں کو بات آگئی ہاتھ

ہو گئی خواب آرزوے وصال
ہم بھی سو گئے [illegible] بعد زوال
فتنۂ خفتہ کیا بیدار
نجم [illegible]
حرف [illegible] دونوں کی بات بن آئی
بات تہمت میں [illegible] بن آئی
[illegible] سخن [illegible]

دیکھتے کیا ہیں اک قیامت ہے — شور محشر دم ملامت ہے
گھر میں ہے سب کو اضطراب و شور — دہن یاوہ گو ہے روزن صور
نفس ہمدم ہے صرف طنازی — عیب جوئی و جوش غمازی
آنکھ کچھ سب کی سب چرانے لگے — بیمروت نگاہ آنے لگے
لب پہ ہر اک کے حرف ناگفتہ — گل نو غنچہ ہائے نشگفتہ
کیا جگر سوز حرف بے ادبی — برق گل خندہ ہائے زیر لبی
یاس و محرومی امان شفیع — تیر باران طعنہ و تشنیع
کوئی کہتا تھا کیا کہے کوئی — کس سے یہ ماجرا کہے کوئی
کوئی کہتا تھا آپکی کیا بات — اتنی سی عمر اور یہ حرکات
دیکھنا عشق کی فسوں سازی — کھیل سمجھو نگا ہوئی جانبازی
اور ہم دونوں رہیں حیرانی — کہ کھلا کیونکر راز پنہانی
دو گھڑی کی ہے بات کچھ بھی نہ تھا — کوئی واقف نہ تھا کہ بات ہے کیا
اتنے میں ہو گئی خبر کیونکر — ہوئے بدنام اس قدر کیونکر
کیوں ہوا بگڑی اپنی عاطر میں — گل کھلایا یہ کسنے اک دم میں
فکر و تدبیر و چارہ تھے باہم — مشورے کر رہے تھے کیا کیا ہم
اتنے میں ایک نے کہا آکر — گھر میں ہو آئیے ذرا جاکر
آپ کی سبکو یادگاری ہے — ہو گئی دیر بیقراری ہے

جب کہ ایسے صفات نا معقول
کیوں کوئی ہم سے ان میں قبول
دور ہو جا سمجھ کو پاس اپنے [illegible]
دل [illegible] حرف نادرست درست
[illegible] لطف بھی جفا ہے [illegible]

ہمکو بدنام کر دیا تو نے
سلے زبون کار گیا تو نے

کہیں کس منہ سے جائیں گے اب ہم
ہائے کیا منہ دکھائیں گے اب ہم

تجھ سے بدنام و ننگ کو کیا عیب
دل لگا کر ہمیں لگایا عیب

کیون نہ آنکھیں لڑاتی آئے حیا
تیری آنکھوں سے یہ لحاظ گیا

ہم سمجھتے تھے ابتلک معصوم
یہ سیہ کاریاں نہیں معلوم

جانتے تھے کہ ہے ابھی بیہوش
کیا خبر تھی کہ یاں ہیں لیے ہوش

لاغری کی جو یون حکایت تھی
جور استاد کی شکایت تھی

ہوئے واقف نہ حرف مطلب سے
بیٹھنا وان تھا اوٹھ گئے مکتب سے

سر مفہوم کا دماغ کہاں
جب ہزار سے زبان ہیں یہاں

نام کو خاک میں ملایا حیف
تو نے جون کاف سر اوٹھایا حیف

تو سہی ہم بھی ناک میں دم لائیں
بھیجیں مکتب میں پھر بزور پڑھائیں

کب تلک در گذر بھلا ہووے
کیا کیا یہ ترا برا ہووے

ہم سمجھتے تھے گھر کی آبادی
تو نے کی ہائے خانہ بربادی

نہ ڈرا یہ کہ کھل نجائے کہیں
کوئی آخر مرے بھی ہی کہ نہیں

آرزو تھی کہ نکلیں گے ارمان
کدخدائی کے کرتے تھے سامان

نسبتوں کے کلام تھے کیا کیا
جا بجا سے پیام تھے کیا کیا

اس توقع سے اب ہوئے مایوس
آگیا حرف بات میں افسوس

۱۸۹

کسکو تھا ان خرابیون سے کام
کون تیرے سوا ہوا بدنام

باعثِ عبرتِ جہان تو ہوا
ہائے کیا ننگ خاندان تو ہوا

تیرے جینے سے جیسا دل تھا شاد
اب خوشی سوت کی ہوئے ناشاد

سُنکے پینے کہا عتاب کے ساتھ
گریہ آیا اب مجھے جواب کے ساتھ

بات کہنے مین رو دیا مین نے
جو جواب آیا سو دیا مین نے

عرض کی وجہ افترا کیا ہے
روئے دیتے ہو ماجرا کیا ہے

خیر ہے کیون خیال مفسدہ ہے
کس شر انگیز کا یہ شعبدہ ہے

کس طرح جھوٹی باور آئی بات
کیون بگڑتے ہو ہے بنائی بات

مجھسا نادان عشق کیا جانے
شوقِ زلفِ سیہ بلا جانے

آپ کو مین ہلاک کرتا ہون
لیے مرتے ہو کس پہ مرتا ہون

بے گنہ انتقام لیتے ہو
دل نہ دینے کے طعنے دیتے ہو

جھوٹی اک آدھ جب قسم کھائی
سمجھے سچ ہے یہ سُن وہ شیدائی

صاف طوفان اوسکو جان گئے
دشمنِ جان اوسکو جان گئے

کی وہان جانے کی مگر بندی
مجھسا دل بند اور نظر بندی

دامِ تارِ نگاہ مین ہین اسیر
حلقۂ چشم حلقۂ زنجیر

ہائے کس نورِ چشم پر تاکیدا
لگے آنکھون مین رکھنے بس بیدید

اب کہان وہ وصال تنہائی
غمِ عزت ملال تنہائی

محشر آباد یاس و حرمان دل
خانہ زاد جنون پنہان دل
عشرت افتادہ وارہ خواری
حسرت آمادہ طلبگاری
سعی پرواز شوق بے پروبال
صید محرومی آرزوے وصال
سعی آرام نا صبوری ہے

بیخودی مین نہ پایا سر و پانون
اوڑ گئے ہوش رکھکے سر پر پانون

چاک دل کشت زعفران دیدہ
رخ گلگون گل خزان دیدہ

مرتے مرتے نہ دیکھا میرا منھہ
رنگ رفتہ نے ایسا پھیرا منھہ

جون ہوا چاک وو ہین سلوایا
کیا گریبان جنون کے ہاتھہ آیا

متصل خیر باد لب پر آئے
پر نہ یہ بیحیا مصیبت جاے

زخم پنہان سے دل ہوا گلزار
گل کھلاتا ہوا وسکی دیکھی بہار

دھیان ہر جلد ہوش جانے لگا
یاد سے بیشتر غش آنے لگا

مہر و مہ دونون دشمن کین توز
داغ دین کیا نئے نئی شب روز

دم شماری مین گذری ساری رات
نفس واپسین ہین سب اوقات

خواب کیسا کرون تصور بھی
چشم وا بند ہو سکے نہ کبھی

غم نگہبان دیدہ بیدار
آنکھین دکھلاے حسرت دیدار

وہم دربان دل کرے ہر شب
شکل بستر سے مشوری ہر شب

شعلہ رو کا خیال جان جلائے
شمع بالین کو دیکھہ رونا آئے

دھیان مہتاب پر کبھی جو جاے
لوٹتے لوٹتے سحر ہو جاے

چہرہ وستی کرے جنون بیباک
صبح کے ساتھہ ہو گریبان چاک

سامنے جو وہ مہروش آئے
مجکو جون تاب مہر غش آئے

گر پڑون صحن خانہ مین ناچار
صورت سایۂ در و دیوار

مضطرب ساز جان ندامت ہے
محشر آرا ایاں ہوئیں ہے ہے
کیسی رسوائیاں ہوئیں ہے ہے
بے حجابی سے شرمسار ہوئی
کر ترسا واسطے میں خوار ہوئی
قصۂ درد و غم شروع کیا
دل کو کبھی کی طرف رجوع کیا
[illegible]

صبر اب بھی نہیں یہ شامت ہے
تیری الفت تھی دشمنی اپنی
کیا کہوں تجھ سے میں ہی اپنی
پیش آئیں بلائیں کیا کیا
کاوش اقربا کی دل شکنی
طعنۂ دشمنان کی نیش زنی

ہو گئی رجعت آہ گردوں کو
عکس تھا جیسے بخت وارونوں کو

ماہ نے خاک پر لٹایا ہے
گردش دہر نے جلایا ہے

کیا فروغ آتش فراق میں ہیں
مشتری زہرہ احتراق میں ہیں

جان پامال راس سے جوں خاک
سیر مریخ نے کیا ہے ہلاک

ہے عطارد کو اندنوں میں وبال
خط تقدیر مٹ سکے یہ محال

ہندوی چرخ نے تباہ کیا
روز روشن مرا سیاہ کیا

دور لیل و نہار نے مارا
ستم روزگار نے مارا

بگڑے ایام کسقدر افسوس
بن گئی کیسی جان پر افسوس

درد دل ہر طرح سناتے تھے ہم
ہجو اسکی سدا جتاتے تھے ہم

کچھ نہ کچھ کر گئے اثر طعنے
کہ ہوا مہربان فلک جیسے

کئی دن بعد یک شب تنہا
اتفاقاً ملے وہ مہ سیما

بس مجھے دیکھتے ہی رونے لگے
سلک گوہر نثار ہونے لگے

گریہ رہ رہ کے بار بار آیا
جھوم جھوم ابر نوبہار آیا

لب پہ ہر دم وہ نالۂ غم کش
رعد جسکا نہ ہو سکے ہم کش

نفس گرم کا فلق دمساز
غیرت برق شعلہ آواز

چاہیں وہ چپکے ہوں پہ رہ نہ سکے
جی میں دل کی کہوں پہ کہہ نہ سکے

جوش میں درد دل کہا کب جائے
یوہیں برباد حرف مطلب جائے

ہین کہان اور وہ فکر آرایش | سادگی بھی ہی رنگ آسایش
مین کہان اور کہان وہ ناز و غرور | بات کرنیکا بھی نہین مقدور
مین کہان اور کہان خود آرائی | بیخودی ہو گئی تماشائی
نہ بہار رنگ شوق آئینہ کیا | روے حیران کا معائنہ کیا
ہے نظر مین مرے سیہ عالم | سرمہ آلودہ گیا ہو دیدۂ نم
چشم خود بینی آنکھ دکھلائے | بن تری دیکھے کیا نظر آئے
چشم میگون ہی خون ناب فشان | رگ حلق بریدہ ہے مژگان
ہر شب غم یہ جوش ماتم ہے | کہ شب عشرۂ محرم ہے
نیند آتی نہین کسی ڈھب سے | آنکھین ملتے ہین ایک کوکب سے
شام سے چشم باز صبح تلک | ہجر مین کیا لگے پلک سی پلک
سبزۂ خفتہ سنبل شاداب | خار بستر ہے خواب بستر خواب
لذتین شور شون مین آتی ہین | حسرتین جان کھاے جاتی ہین
منھہ مین پڑتی نہین ہے کھیل اور شکر | زندگانی ہے غصہ کھانے پر
بھوک بھی گر لگے تو غم کھاؤن | تشنگی ہو تو اشک پی جاؤن
زندگی ناگوار ہے تجھ بن | پانی اوترے گلے سی کیا ممکن
تلخ کامی ہے شہد ناب کی گھونٹ | زہر کے گھونٹ ہین شراب کی گھونٹ
کوفت پر کچھ یہ تاب لاتی ہے | کوئی سندان کہ میری چھاتی ہے

دن ملاقات کا خوشی سے کٹا
دل بڑھا جسقدر کہ روز گھٹا
شوق تفسیر سورۂ واللیل
دودۂ شام نقش صفحۂ میل
طرف ہم دمش سے زیادہ
نگہ دیدۂ فروغ سواد
گرد چشم آرزو شب تار
انتظار سواد روز گذار
نظرون مین شوق وعدۂ شب
درد ابجا حکایت مطلب
تھی یہی حالت آدھی رات تلک
دمبدم چشم شوق سوے فلک
غور تثلیث چشم کوکب مین
آرزوے وصل کی دل شب مین
نیم شب جب ہوئی عنان کش دل
جانب منزل مہ کامل

جال سے بیخبر رہین غماز | نکلے حسرت نہ پانون کی آواز
اب کی یہ بات گر ہوئی مشہور | پھر ملون تمسے اسکا کیا مذکور
آگے یان بھی نہ پانون پھیلانا | اب نہوویگا شب کا رہجانا
یہی بس ایک دو گھڑی ٹھہرے | نہ کہ دل بھرے بلکہ جی ٹھہرے
یون بھی چندی اگر رہی اوقات | راہ پر آئے چرخ بد حرکات
دور ایام کچھ ستم نکرے | شب عشرت کو روز غم نکرے
دولت بیزوال جانین ہم | شب و روز وصال جانین ہم
کیا کہون مین کہ سنتے ہی یہ نوید | ہوگئی کیسی اپنے گھر مین عید
سر کو پانون پہ دھر دیا مینے | سجدۂ شکر یون کیا مینے
صدقے کیا کیا نہ مین ہوا اوسکے | گلے کس کس طرح لگا اوسکے
ہوگیا پھر فسانہ شکوۂ غم | قسمت بخت خفتہ خواب عدم
کم کم امید بارے بر آئی | رات اس مین زیادہ تر آئی
اوسنے رخصت کیا بہ مجبوری | پھر وہی ہم وہی غم دوری
آئے گھر مین تپ الم کے ساتھ | شعلے دل سے اوٹھے قدم کے ساتھ
گھر مین آتے ہی وانکا دھیان آیا | چلدیا صبر جون مکان آیا
تا سحر جان پر عذاب رہا | ماہ کی طرح اضطراب رہا
صبحدم پھر وہی نظر بازی | چشم ناز اور ناوک اندازی

رہی پوشیدہ گرمجوشیِ شب | کھل گئی ہمہ پردہ پوشیِ شب
دوسری رات بھی وصال ہوا | روز فرقت کا انتقال ہوا
نہوا بارے پھر کوئی آگاہ | یہ حواسون کی ہوشیاری واہ
جب ہوئی خاطرِ پریشان جمع | پھر تو ہر شب بسان شعلہ و شمع
کین عجب گرمجوشیان دل نے | لگے اوس برق جلوہ سے ملنے
قصہ کوتاہ اک زمانہ دراز | نہوا گھر مین کوئی محرم راز
ایک شب جوش انبساط و سرور | ساغرِ مہ لبالبِ مےِ نور
ظلمتِ شب بیاضِ روز سپید | قمر و کاسہ لیسی خورشید
ہر ہر اختر جواب ماہ وشان | خندہ مین برقِ خطِ کاہکشان
شرم اوس شب سے شمع طور کرے | لیلۃ القدر اخذ نور کرے
جلوۂ ماہتاب نورفشان | پردۂ سایہ ہم قماش کتان
ذرہ ذرہ غبار نورانی | صبح محشر کیسی درخشانی
خون دل صاف کاشفِ اسرار | ہم فروغ ضمیر شب بیدار
روشنی سے نظر کو پائے نظر | نگہِ چشم مور آئے نظر
عالم آئینۂ تجلیِ ذات | جنبشِ عرش گردشِ اوقات
زیر خاک آسمان دکھائی دے | بے نشان کا نشان دکھائی دے
مجکو یہ رنگ دیکھکر وسواس | کثرتِ اشتیاق پر یہ ہراس

جب کسی طرح سے نہ صبر آیا ۔ سادگی نے یہ نقش بٹھلایا
کہ جو وان پھر چلو تو ڈر کس کا ۔ ہوش رکھتے ہین بیخبر کس کا
لیچلا کھینچ اضطراب مجھے ۔ کہ نہ تھی کشمکش کی تاب مجھے
لیک ہر گام مجکو وہم آجاے ۔ اپنے کھٹکون سے آپ سہما جاے
صحن مین تھا کہ بولی اک زن پیر ۔ ہین یہ دونون جوان کیسے شریر
ہم تو بیخوابیون سے مرتے ہین ۔ آپ ہر رات چین کرتے ہین
تو سہی صبح وصوم اوٹھاون مین ۔ فتنۂ خفتہ کو جگاون مین
اوٹھتے ہی یہ صدا کھڑی ہوئی کان ۔ اوڑ گیا وان کی بس مین جون اوسان
گھر مین آیا پہ خوف سے جی جاے ۔ فتنہ اوٹھنے سے جان بیٹھی جاے
کیا خیال وگمان کے نیرنجات ۔ تھی بہت سانگ او تھوڑی رات
صبح کا دم بھی ڈر سے کیا نکلا ۔ مہر نکلا تو کانپتا نکلا
اوڑ گیا رنگ روبرنگ شفق ۔ ہوگیا جون سحر مرا منھ فق
منتظر اب قیامت آتی ہے ۔ تیرہ روزون کی شامت آتی ہے
راز شب آشکارا ہوتا ہے ۔ شور محشر دوبارہ ہوتا ہے
سارے دن و سبدم یہی وسواس ۔ رشک وزنشور ہوش وحواس
لیک راز نہان نہان ہی رہا ۔ بارے او سکے کہے سے کچھ نہ کہا
بسکہ یہ بھی خیال تھا کہ مباد ۔ متردد ہو اوسکی خاطر شاد

رنگ انداز شرم ہین پیدا
مجھ سے وہ صاف دل بکدر ہو
تھا مین اس گلشن مین گرگرانی آن
ساتھ تنہا وہ راحت دل وجان
علاج کیا اضطراب کرون
شکوہ جو پیچ و تاب کرون
سو ہر شام او دھر ہوا جو گذر
ناتمام وہ شمع شعلہ عذار
چشم گرم بھی نظر مجھ کو
ہوگئی آگ دیکھ کر مجھ کو
لگی کہنے کہ چل ہوا کہ بس
جی بھر آیا آپ سے چلا جا بس

خواہشِ گردشِ زمانہ ہوئی | مہرباں وہ قمر لقا نہ ہوئی
بات بگڑی زیادہ افغان سے | منھ بنا کر وہ اٹھ گئی وان سے
مین بھی ناچار ہو چلا آیا | قرعہ برعکس مدعا آیا
نجم طالع کو پھر زوال ہوا | اپنا گھر خانۂ وبال ہوا
قلق و جوش منفعل کیا کیا | مجھسے بیتابیان خجل کیا کیا
اس عداوت پہ ربط زاری سے | بارے اس کین پہ بیقراری سے
گہہ غم ہجر و گاہ یاس وصال | جون زمان دمبدم تغیر حال
کبھی جون سایہ خاک پر گرنا | کبھی بیتاب دوڑتے پھرنا
کبھی جوش سرشک طوفان بار | کبھی آہون کا باندھ دینا تار
تار دم چلّہ عرش پہ باندھے | کیا ہوا آہ بے اثر باندھے
دم افسون نالہ بے تاثیر | جادو واولٹی ہمیشہ جون تقدیر
اشک برباد دیدۂ نم مین | خاک اثر آتشِ تپ غم مین
دور گردون سے مدعا پامال | دست حسرت کف دعای وصال
التجا داد خواہ دور قضا | عاجزی شاکی جفاے رضا
روز افزون تباہیِ احوال | الغرض یون ہی کٹ گئے دو سال
اپنے کوٹھے پہ ایک دن تنہا | پھر رہی تھی وہ آفتاب لقا
اوسی دم مین بھی ناگہان پہونچا | واد کو میری آسمان پہونچا

درد ہجران سے انتقام لیں | تلخ کامی کو تلخ کام کیں
کاہش یاس کا جگر خون تھا | دونون کا شوق روز افزون تھا
دونون جانب سے دل وہی ہر دم | دن رات اس خیال مین ہم
منھ سے کہ وہ کہ چین جبین پہ نہو | سختی اوس طرح نازنین پہ نہو
ہر طرح جان و دل کو صبر و شکیب | غم گردون رہا نہ ترس رقیب
اب پریشانیون مین خاطر جمع | رات دن تاب تم و شعلۂ شمع
یون ہی بیک چند ارتباط رہا | دورۂ عشرت و نشاط رہا
پھر نہ وہ رنگ نہ وہ ترنگ رہی | ہو گیا دل خون

جو یہین یہ حرف تا بلب آیا
گئی وہ ہاتھ سے غضب آیا
بات کہتے مین اوس کے کام آگئی
قصہ دو ہستی تمام کی
مین جو آیا تو التفات نہین
وہ نظر وہ سخن وہ بات نہین
اشک جاری ہین دیدۂ نم سے
بات ظاہر ہے حال برہم سے

یعنے اک پیر زال شعبدہ باز
چرخ کی طرح تفرقہ انداز

بے سبب ہوئی دشمن جانی
ہوئی سر گرم خانہ ویرانی

اوس سراپا وفا کی یار بنی
کیا حریفانہ دوستدار بنی

خیر خواہی جتائی رنگا رنگ
لائی اوس سادہ رو پہ کیا کیا رنگ

جب یقین ہو گیا کہ یار ہے یہ
محرم راز و راز دار ہے یہ

لگے ہونے ہر اک طرح کے کلام
ہوئے آخر ذریعۂ پیغام

جب بلائے وہ آکے لیجائے
مین جہان ہون بلا کے لیجائے

ایک دن جو بلانے آئی وہ
دن نہ تھا تھی شب جدائی وہ

ڈھونڈھکر پھر ٹھکانے مین ظالم
پہونچی دیوانخانے مین ظالم

بند دروازہ وان کا تھا ناگاہ
در کشائے سخن دل آگاہ

شوق کو مشق نالہ موزون
باندھتا تھا مین دلکشا مضمون

آکے بولی کہ کوئی ہے تو بول
آج کیا بند و بست ہے در کھول

مینے بیتاب ہو کہا کیا ہے
لگی کہنے تمہین بلایا ہے

کہا مینے کہ رہ کے آؤن گا
ایک دو شعر کہہ کے آؤن گا

گئی بگڑی ہوئی وہ مایۂ کین
منھ بنائے ہوئے جبین پر چین

جاکے اوس سے کہا کہ اے نادان
بیخبر کس طرف ہے تیرا دھیان

تو ہے اونکے لیے حزین و ملول
وہ ہے عیش و نشاط مین مشغول

لطف پیر فلک نے کیون نہ کیے | عمر کیا تھی کہ ایسے داغ دیے
کیسی کیسی سیہ شبین آئین | ایسی ایسی بلائین دکھلائین
دیکھین آگے دکھائے کیا کیا دن | ہے ابھی سترہ برس کا سن
مومن آتو بھی اپنے نام پہ جا | نام کو ان بتون کے آگ لگا
چھوڑ بس الفتِ مجازی کو | کر سلام ایسی عشق بازی کو
کب تلک حسرت وصال اناث | کیا نہین جانتا تو حال اناث
رنج و اندوہ بے نہایت کیون | حیلہ اندیش کی شکایت کیون
کسی نے کی ہے یا نہین تعلیم | آیتِ اِنَّ کَیدَ کُنَّ عَظِیم

مثنوی دوم

نام این چند نالۂ پیہم | ہیچو تاریخ گشت قصۂ غم

کج دار و مریز کب تلک یون | بس جام مین بھر شراب گلگون
پھر لب سے مرے اوسے لگا دے | ساغر کئی متصل پلا دے
ساقی ہین آرزو ہائے گلگشت | ہے غیرت باغ ہر بر و دشت
اب دور فلک سے دل ہوا شاد | ہے نام حمل کا مہر آباد
ہین جلوۂ نوبہار کے دن | بدمستیِ بادہ خوار کے دن

ہے جوش گل و لالہ سے بہار پر ہے
ہے وجد فزا نوائے بلبل
قربان ترانہ ہائے قمری
ہے کتنی غضب صدائے قمری

چل سوئے چمن بہار دیکھین
سیر گل و لالہ زار دیکھین
بیٹھین لب آب جو پہ یک دم
پی جائین سبو سبو پیہم
شاید اسی طرح چین آئے
جی ٹھہرے کچھ اضطراب جائے
دل بے قرار تسکین
مسرور ذرا ہو جان غمگین
ہو چارہ پذیر درد الفت
اس رنج عذاب سے چھٹین ہم
اس حال خراب سے چھٹین ہم

پھر داغ جنون سے سر پہ ہے گل
پھر سینہ کا زخم خندہ زن ہے
پھر نالہ ہے ہم نواے بلبل
پھر ناوک درد دل شکن ہے
پھر ہے وہ ہی پیچ و تاب دل کو
پھر ہے وہ ہی بیخودی کا عالم
پھر ہے وہ ہی اضطراب دل کو
پھر آتے ہین وہ ہی غش پیہم
پھر ہاتھ ہے بائے گریبان
پھر دیدۂ تر ہے وقف دامان
پھر چہرہ بنا ہے زعفران زار
پھر چشم ہے خونفشان خونبار
پھر ہمدم و ہم نفس ہوئی آہ
دمساز ہے نالۂ سحرگاہ

۲۰۰

پھر آتے ہین جب سیاہ بادل — اور پڑتے ہین بس نگاہ بادل
اُٹھتے ہے وہین سحاب گریہ — پہونچے ہے فلک تک آب گریہ
چلتی ہے جو بادِ نو بہاری — دم بھرتی ہے جی کا بیقراری
جب دیکھے ہے سبزہ لہلہاتا — کیا کیا ہی یہ جی ہے تلملاتا
لالہ کا خیال آئے ہے گر — پڑ جاتے ہین تازہ داغ دل پر
گلبرگ کہین جو دیکھ پایا — خونناب دل آنکھ نے بہایا
یاد آگئی اک عذار گلرنگ — دل غنچے سے بیشتر ہوا تنگ
رنگینی بزم کا بندھا دھیان — جون بوے گل اوڑ گئے بس اوسان
وہ کوچہ طلسم رشک گلزار — پھر جاے ہے پیش چشم یکبار
دیکھین تو یہ فصل کیا دکھائے — کیا کیا یہ بہار گل کھلائے
آگاہ مآل کار سے ہو — واقف مرے حال زار سے ہو
ہے یہی تو وقت دوستداری — ہے یہ ہی زمانِ غمگساری
اگلی سی ہے یعنے پھر ملالت — پھر ہوتی چلی ہے وہ ہی حالت
اب عشق ہوا ہے مہربان پھر — بیتاب ہے جان ناتوان پھر
پھر دل کو طپش سی ہو رہی ہے — سینے مین خلش سی ہو رہی ہے
پھر پہونچے ہے اب پیام الم کا — پھر آنے لگا سلام غم کا
پھر داغ کہن ہے تازہ و تر — پھر زخم جگر ہنسے ہے گل پر

ایسے نہ پڑین کسیکے پالے
ایسا نہ ہوا ایسا بے وفا ہو
مین چاہون اوسے پہ وہ نچاہے
مین اوسپہ مرون مرے نہ پروہ
اوس سے مجھے عشق بے نہایت
ہجران کا مجھے ملال ہردم
یان چشم مین سرمہ خاک در سے
یان دل مین بھری امید دیدار
یان چشم کو خواہشِ نظارہ
اورون سے وصال کی حکایات
وان بزم مین راگ ہو رہا ہو
وہ غیر کے ساتھہ شب گذارے
وان وسعتِ خوابگاہِ گلزار
وان زانوے غیر تکیۂ سر
وان سوے رقیب عشوہ باری
وان بوالہوسون سے وہ ہم آغوش
بوسون کے عدو مزے اوٹھائین

جو دور حسد سے مار ڈالے
جو رحم کو عیب جانتا ہو
مین اوس سے وہ اور سے بنا ہے
مین جان دون اوسپہ اور پروہ
مجھہ سے اوسے ناز کی شکایت
غیرون سے اوسے وصال ہردم
جھانکے وہ عدو کو چاک در سے
وان دل پہ رقیب کے وہ رخسار
وان غیر سے دمبدم اشارہ
اور میری نہ پوچھے بھولکر بات
یان نالون کا تار بندھ گیا ہو
یان نیند نہ آئے غم کے مارے
یان اپنے نصیب بسترِ خار
یان نیچے دھرا ہو سر کے پتھر
یان جان کے ساتھہ دلفگاری
یان ہمدم نیشتر بر و دوش
ہم جان سے تلخکام جائین

یان دل کو ہوا اضطراب دن رات
وہ چین سے کاٹے اپنی اوقات
لگتا ہے ڈر ان ستمگرون سے
اوسے حذر ان جفا پیشہ بیوفا ہین
معشوق ہین کس کے ارمان ہین
ہر ایک ہین عاشقون سے برہن
ہین اپنے پہ دوستون کے دشمن

ایسون سے بچے وفا نہ مانین
۱۶۰ ایسون کو نہ جانے اوسکو چاہین
بیگانہ و شوخ کو یار سمجھین
دشمن کو پہ دوستدار سمجھین
راحت کہین بے قرار کو ہی
ہنس دین جو ہو دلفگار کوئی
پر گانے مین اپنا دھیان رکھین
ہر گز نہ ادہر کو کان رکھین
عاشق کبھی لب سے گر نکالے
دو چار قلق کے مارے نالے

جوکوئی کرے علاج انکا | اوس سے رہے خوش مزاج انکا
غمخوار کی اپنے جان کھالین | جو جان دے اوسکو مار ڈالین
جو کھولے نہ دل دل اوس سے کھولین | جو ان سے نہ بولے اوس سے بولین
جو بات کرے تو اوس سے خاموش | جو یاد رکھے وہ ہو فراموش
جو انکو بھلائے یاد رکھین | ناشاد رکھے تو شاد رکھین
جو ان کے وصال سے ہو مسرور | اوس سے کہین دمبدم کہ چل دور
جس کو نہو حسرتِ ملاقات | آنکھون ہی مین رکھین اوسکو دن رات
جو کوئی کہ مائلِ وفا ہو | بیچارہ رہین صد جفا ہو
اور جسکو نہو غمِ جدائی | اوس سے نکرین یہ بیوفائی
ہون کشتنِ خون گرفتہ سے شاد | معشوق نہین ہین یہ جلاد
جو کوئی کہ ان کے پیچھے مرجائے | ان پر سے نثار جان کر جائے
وہ عشق مین انکے جان دیجائے | دوزخ کا عذاب سر پہ لیجائے
ہنگام پسین نہ آپھرین پاس | کیا عذر بجا ہے جاے وسواس
یہ مرنے سے اوسکے دلخوش و شاد | فریاد یہ کیا ستم ہے فریاد
حسرت سے نہ ہاتھ کو ملین یہ | تابوت کے ساتھ لے چلین یہ
تا حسرتِ دل نہ کچھ کہے وہ | محروم اوسی طرح رہے وہ
وہ اشک نہ آنکھ سے بہائین | چہلم مین سوم مین یہ نہ آئین

اب آپ کو اور بھی بنائین
اب وقت یسی ہو بیان کھائین
دو دن بھی رکھین نہ سوگ اوس کا
کچھ غم نہ کرین یہ لوگ اوس کا
دیکھین نہ بہار زندگی ماتم
ہووین نہ شریک محفل غم
رووین نہ یہ منھ پہ دھر کے رومال
پیٹین نہ اوسپہ پھول کہ بال

آخر وہ جفا سے دست بردار
اغیار نہ دل مین تا خفا ہون
خاطر ہو عدو کی پاس منظور
ہر روز نئے ہون زیادہ مسرور
اور اوسکا نہ ہو خیال ہرگز
محزون نہ کرے ملال ہرگز
افسوس وہ نامراد ناشاد
اک روز آئے نہ بھول کر یاد

۲۰۲

سچ ہے کہ یہ ایک بیوفا ہین
[illegible]

یہ عشق ہے رنج جاودانی
ممکن ہی نہین نجات پانی
گو آپ کہین نہین دیا دل
پر دیکھین ہین عاشقان کامل
گر سنیے تو کچھ بیان کرونمین
اک راز نہان عیان کرونمین
ہین چند فغان عاشقانہ
آلودۂ درد ہے فسانہ
ہے قصۂ دوستان صادق
نازِ صنم و نیاز عاشق
کیا حال عجیب و دلنشین ہے
افسانۂ درد آفرین ہے

آغاز داستان

اس شہر مین ایک نوجوان تھا
عشاق مین شہرۂ جہان تھا
تھا نام تو مومن اور دین کفر
جان محو بتان و دلنشین کفر
رسوائے زمان و تیرہ ایام
آوارہ و ہرزہ گرد بدنام
دل بستۂ دام تار زنار
جاروب کشِ دکان خمار
ہر لحظہ سیاہ مست کافر
تھا ایک ہی بت پرست کافر
ربط اوسکو بتان نازنین سے
دنیا سے نہ کام کچھ نہ دین سے
آشفتۂ کاکل پریشان
انداز پرست کفر کیشان
خونابہ فشان کبھو نہ دیکھا
ہر سو نگران کبھو نہ دیکھا
وقتِ غم و درد گہ نپایا
گرم دم سرد گہ نپایا

رہنے لگا بے حواس اکثر
جانے لگا اوسکے پاس اکثر
دیکھے جو ادھر سے طور الفت
سمجھا ہے اسے مری محبت
جب ہو گیا مرتبہ یقین کا
بس پھر تو یہ ہو رہا وہین کا
پایا جو ذرا وہان ٹھکانا
سب جانے کا چھوڑ آنا جانا

آتے ہی بس آیا دام مین وہ
چند ایسے خیال خام مین وہ
ایسا ہی بس آسمان بٹ گا
یہ مشغلہ ہر زمان رہے گا
اب جلوہ ہے عیش جاودانی
کٹ جائیگی یونہین زندگانی
ہم ایک سے اسکو کیا سروکار
یان غیر نہ بیگانہ زنہار

دور آنکھ سے اک ذرا نہوتا | بھولے سے کبھی جدا نہ ہوتا
جون ناز و نیاز دونون باہم | جون معنی و لفظ دونون توام
ناگاہ کسی سے دل لگایا | اک رشک پری سے دل لگایا
آنکھ آفتِ جان سے لڑائی | اک ترچھی نگہ کی برچھی کھائی
اک بت کا ہوا وہ آستان بوس | مومن سے بنا برہمن افسوس
کی دوستی ایسے بے وفا سے | بیگانہ رہے جو آشنا سے
یار اپنے ہی گون کے ایک عیّار | حیّالہ و دلفریب و مکّار
باتون سے تو ٹپکے کیا محبت | اور دل مین نہو ذرا محبت
دیکھی جو اودھر سے یون لگاوٹ | سمجھا نہ کہ سب یہ ہے بناوٹ
الفت ہی کہان کہان ہے یاری | باتین یہ فریب کی ہین ساری
ہین سب یہ فریب دینے کے رنگ | ہین دام مین اپنے لینے کے ڈھنگ
ہے اتنی جو گرمیِ ملاقات | ہے اولِ عشق کی مدارات
آخر ہے وہی غمِ جدائی | وہ ہی گلہ ہاے بے وفائی
آغاز مین پائے جو یہ آرام | سوچا نہ کہ کیا ہے اسکا انجام
سمجھا کہ سدا نبھے گی یون ہین | یہ مہر و وفا نبھے گی یون ہین
اب رنج محال مرتے مرتے | ہے عیش وصال مرتے مرتے
سننے کے نہین کبھی یہ دلسوز | افسانہ طرازیِ بد آموز

تکلیف کنِ سیاه مستی | مفتی طریق مے پرستی
برباده نشان توبه | رخنہ گرِ خانمان توبه
زاہد کی جو وه ہوا ہو قسمت | گاہے کو ہے ہوائے جنت
اور اوسپه وفور ابر و باران | ہنگامۂ عید باده خواران
ابر و گل و سبزه سب طرب ریز | افلاک و زمین سرور انگیز
بس دیکھ کر اوس گھڑی کا عالم | اپنے نتھے اختیار مین ہم
کھینچا ہے ہوائے دامنِ دل | بھڑکی تپِ شوق گلخنِ دل
جی چاہا که سیرِ دشت کیجے | ہے ابر شراب ناب پیجے
دل مین ہوئی اپنے جای صحرا | زنجیر بنی ہوائے صحرا
آخر ہوئی مضطرب شتابان | لے ہی گئی الفتِ بیابان
دیکھین تو کچھ اور ہی ہے عالم | صحرا ابھی نہین بہشت سی کم
رخسار زمین پہ سبزه ہر سو | ریحان خطِ عذار گلرو
از بسکه ہے سبزه جلوه آرا | ہے خاک طلسم چرخ خضرا
یون سبزه گیاه جانفزا ہے | گویا خطِ یار دلربا ہے
کیا یون جو ہے جوشِ سبزه بیحد | ہر جا ہے معدنِ زمرد
خودرو گل دشت کیسے کیسے | شاہد که بہشت مین ہون ایسے
ہر رنگ کے گل جو ہین نمودار | صحرا کی زمین ہے صحن گلزار

اک شخص بہت خراب و خستہ
چہرہ پہ غبار غم نشستہ
بیٹھا تھا وہ جانشین مجنون
حیران و ملول و خوار و محزون
یک تن تہ خاک اللہ اللہ
یک صورت پاک اللہ اللہ
پر جلوۂ حسن ناتوانی
زیبا اوسے لاف لن ترانی

تھا آب جو زیر کاہ پنہان — غم عین سرور مین ہوا وان
تھی سیر کہان کی کیا تماشا — کچھ اور ہی پھر تو تھا تماشا
وہ سبزہ کہ باعثِ طرب تھا — وہ گل کہ نشاط کا سبب تھا
وہ ہی مرے حق مین سم ہوا پھر — وہ ہی سببِ الم ہوا پھر
تھی برق جو موجبِ تبسم — اور موجۂ ابر کا تلاطم
ہے ہے پھر اوسی نے جی جلایا — ہے ہے پھر اوسی نے خون رولایا
طغیان سرشک چشم گریان — غارتگرِ خانمان طوفان
نالیدن رعد آہ و زاری — آتش وہ برق بیقراری
تھے ہم جو گئے پئے تماشا — سو آپ ہی بن گئے تماشا
القصہ بتنگ آگیا دل — ہرگز نہ کسی طرح لگا دل
روتے ہوئے ہم چلے وہان سے — دو چار قدم چلے وہان سے
بے طرح قلق نصیب جان تھا — گھر آنیکا ہوش پھر کہان تھا
بیتاب ہو بیخبر چلے آہ — لی جوش جنون مین اور ہی راہ
گمراہی ہر ایک گام پر تھی — گمراہی تھی کا ہیکو خضر تھی
دیکھو تو یہ بخت کی رسائی — گمراہی نے کی ہے رہنمائی
یعنے اوسی حالتِ قلق مین — وارد ہوئے دشت لق و دق مین
کیا دشت کہ رشکِ دشت مجنون — جس سے کہ ہو کربلا کا دل خون

سفید پہ بہشت لب نمایان
جون سبزۂ تربت شہیدان
پر داغ سیاہ خال سا تھا
لطف فغان شعلہ زا تھا
لب پہ سر خون بہ لالہ پنہان شعلۂ متصل خون گلگون
سوراخ سے تخم فغان و دہان کہان تھا

سب حال جبین کی چین سی ظاہر	قسمت کا لکھا جبین سی ظاہر
حیران سا چہرہ آئینہ وار	منھ زرد برنگ زعفران زار
دو دو دل و متہم بہ گیسو	ناخن کی خراش و نام ابرو
آنکھیں سبب رشک گلگون	جون جام سر شہید پر خون
مژگان موے سر شہیدان	یا خار کہ دل میں تھے وہ پنہان
اب آنکھوں مین اشک جو بھر آئے	وہ گریہ کے ساتھ باہر آئے
ظاہر رخ مردمک سے ہے غم	ہے ان کو مگر کسی کا ماتم
ہین ورنہ سیاہ پیرہن کیون	ہین دست مژہ سی سینہ زن کیون
پر غم ہے تو انکو کسکا ہے غم	ماتم ہے تو کسکا ہے یہ ماتم
جاری ہے جو متصل سدا خون	شاید دل زار کا ہوا خون
پوچھ کہان یہ ماجرا ہے	یون بھی یہ قلق کہین ہوا ہے
ہے کچھ تو کہ ہے کچھ اور ہی طور	کچھ تو ہے کہ ہے نظر ہی کچھ اور
اللہ رے نگاہ حسرت آلود	دل خون کن آہ حسرت آلود
انداز نگاہ چشم حیران	جون طرۂ خم بخم پریشان
وہ کان کہ دو جلاجل غم	وہ کان کہ برگ نخل ماتم
لخت دل چاک گوشوارہ	صدبرگ عذار پارہ پارہ
بینی تھی کہ شمع بزم ماتم	لب یا مہ عشرۂ محرم

دندان لب پہ تھے وہ وقف لب تھے الماس
بازو ہمہ تن زنجیر پا زار یار تھی
خنجر سا بے زیادہ تر روان تھی
خنجر ہمہ تن تیغ آتش پن و دم
تھی یا کوئی شعلۂ آتش جہنم
یا شعلۂ سیب ذقن تو سیب جھاڑو
تھا سیب سے زرد و ہو سرمہ سے
ہم گردن کہ سرو الم کا بینا
تھی جس مین لہو کی گھونٹ صہبا
کیا دست خفا گلو سے چسپان
آہ پانی سے کے جامہ کا گریبان
امید بغل وصال جانان
آغوش کشادہ چشم حیران
داغ اور سے کے نہ ساں گل
تھا کہان نہاں گل

آنکھوں سے جو خون دل ہے جاری
کہتا ہین متصل ہے جاری
ہان پنجۂ ماتم سے ہے فزون گرم
کیا دولت سوزش درون گرم
نخل چنار کا وہ پنجہ
اوس سوختہ دل کا تھا وہ پنجہ
جون دست نگار پنجۂ گلگون
پہونچے تھے جو اشک چشم پر خون

ہر زخم سے کیا بہار خون ہے ۔ سینہ نہین آبشار خون ہے
سینے مین زبس نہان ہی آتش ۔ یہ بال نہین دھوان ہی سرکش
کاہش سے یہ حالت تن زار ۔ پہلو کے سب استخوان نمودار
ہے فرق جو استخوان مین باہم ۔ تشبیہ بتائین اوسکی کیا ہم
ہے قید مین مرغ جان غمناک ۔ پہلو ہے قفس یہ اوسکے ہین چاک
تھی پشت خمیدہ یا کمان تھی ۔ تھا تیر کہ آہ خونچکان تھی
دل سینے مین تھا زبس کہ مضطر ۔ رعشہ کا سا تھا خلل بدن پر
اس دل کو کہون مین کیونکہ سیماب ۔ سیماب کہان ہے ایسا بیتاب
ہان کہیے تو مرغ نیم بسمل ۔ پر اوسکا کہان یہ مضطرب دل
وہ جوش قلق یہ اپنے گر آے ۔ دو چار گز آپ شاید اوڑ جاے
اسکی تپش اک جہان ہلا دے ۔ ہر زلزلہ آسمان ہلا دے
لاغر تھا یہ جسم کس ادا سے ۔ پڑتے تھے کمر مین بل ہوا سے
پیشانی چین نما کمر تھی ۔ تھی زلف کسی کی یا کمر تھی
وہ ناف کہ بحر غم کا گرداب ۔ وہ ناف کہ چشم جان بیتاب
یون دیدۂ جان سدا جو وا ہی ۔ کیا راہ اجل کی دیکھتا ہے
کہتا ہے حجاب چپ ہی رہنا ۔ یہ حرف گفتنی نہ کہنا
پھرتی نہین کام مین زبان کچھ ۔ ہے مہر دہن حجاب یان کچھ

جونالہ کہ زینتِ زبان ہے — جون نوحۂ مرگ نوجوان ہے

القصہ سُنا جو کان دھر کے — سمجھے جو بہت خیال کر کے

نالہ نہین حرف درد و غم ہے — افسانۂ الفتِ صنم ہے

ایام گذشتہ کا بیان ہے — مذکور محبتِ بتان ہے

ہے درد زبان غم نہانی — ہے حالتِ دل کی قصہ خوانی

یعنے ہے زبس تصوّر یار — ہے یار سے یون وہ گرم گفتار

اے جلوۂ برق خانمان سوز — اے شعلۂ آتش جہان سوز

اے طعنہ زن فسون نگاہان — اے موجبِ قتل بیگناہان

اے غارتِ جان و جان مومن — اے آفتِ خان مان مومن

اے دلبر و دلربائے دلدار — اے کافر بیوفائے عیار

اے محرم و محرم تمنا — اے ہمدم و ہمدم مسیحا

اے مہر عروج کج ادائی — اے ماہ برج بیوفائی

اے نقش و نگار مسکنِ حسن — اے تازہ بہار گلشن حسن

اے نورس بوستان خوبی — تجھ پر سے نثار جان خوبی

اے جادوئے پرفن و فسون ساز — بازی دہِ عاشقان جانباز

اے باعث قطع دست موسا — اے غیرت دلبر زلیخا

اے دار وئے درد بیقراران — اے مرہم زخم دلفگاران

ہین اور بھی لوگ واقف ناز — اور ون مین بھی ہین تیرے انداز

رکھتے ہین جہان مین اور بھی آن — اور ون پہ بھی لوگ دیتے ہین جان

عشاق ہین آخر اون سے بھی تو — مرتے نہین تم پہ کچھ سبھی تو

تم سا نہین کوئی شوخ جلاد — کرتا نہین کوئی ایسی بیداد

بس دیکھ کے مسکرای دینا
الفت کو بتا کے پھر بھی لینا
دلداری و دلدہی ہمیشہ
سے لطف و کرم یہی ہمیشہ
سجاتے تھے تم حرام مجھ بن
دل مین اسی طرح راہ کرنا
وہ بن مرے بے قرار ہونا
وہ بن مرے زار زار رونا

در پیش یہی ہو گر سبھی کو / چاہے کوئی کا ہے کو کسی کو
دیکھو تو نگاہ غور سے خوب / لیلی بھی تو تھی کسی کی محبوب
مجنون سے تھی کیا سلوک اوسکے / ایسے ہی تھے یا سلوک اوسکے
شیرین کہ وہ موجب جفا ہے / مشہور جہان مین بیوفا ہے
وہ بھی تو نہ تھی ستمگر ایسی / پہونچی سر کوہکن پہ کیسی
شیون کیے بعد مرگ کیا کیا / پر کیا کرے چارہ قضا کا
سب کرتے ہین پاس یار صادق / ہوتا ہے سبھی کو درد عاشق
ہوتی ہے جو گرم نالہ بلبل / کر ڈالے ہے چاک پیرہن گل
ہے سرو کے دل مین جائے قمری / سر رکھے ہے زیر پائے قمری
پروانہ جو دے ہے شمع پر جان / ہوتا ہے نثار شمع بر آن
وہ بھی تو نہین وفا مین کچھ کم / بن جاتی ہے آپ نخل ماتم
جل جاتی ہے سر سے تا قدم تک / روتی ہی رہی ہے مرتے دم تک
کتان کا ہے چاک پیرہن گر / ہے داغ کلف دل قمر پر
اک تم ہو کہ ہے یہ حال میرا / اور تمکو نہین خیال میرا
پر تم بھی تو ہو گئے اب ایسے / تھے پہلے تو لطف کیسے کیسے
یہ ظلم تھے کب کہان ستم تھے / کیا کیا مرے حال پر کرم تھے
تھی حد سے زیادہ مہربانی / اظہار محبت نہانی

بیٹھا قیتیون کا زور جان پر — یا قادر و یا قوی زبان پر

مین آیا جو تن مین جان آئی — دیکھا تو نظر مین آن آئی

کس لطف سے مُنھ کو دیکھ رہنا — کس ناز سے غصہ ہو کے کہنا

کیون دیر لگی تمھین کہان تھے — جاؤ وہین اب تلک جہان تھے

تشریف شریف جلد لائے — یان کاہیکو اب بھی آپ آئے

اب اور طرف ہے دل تمھارا — آنا ہے یہان کا ناگوارا

لگتا نہین اب یہان ذرا جی — بیزار یہان سے ہو گیا جی

اب میری نہین ہے راہ دل مین — ہے اور کسی کی چاہ دل مین

اب کاہیکو ہے وہ اگلی سی بات — یار ہتے تھے میرے پاس دن رات

یاد آنے لگے گہے گہے تم — ویسے نہین مجھسے اب رہے تم

ہے یاد وہ رات دن کی صحبت — آپس کی وہ الفت و محبت

پھرون ہی گلے سے لپٹے رہنا — یہ رنج نہ اکتون پہ سہنا

لب سے مرے لب ملائے رکھنا — بازو سے وہ سر اوٹھائے رکھنا

وہ سینے پہ لیٹ کے ستانا — مطلب کے سخن پہ روٹھ جانا

وہ صلح ادھر ادھر لڑائی — وہ وہین خفگی وہ وہین صفائی

وہ منھ مین زبان کی لذتین ہائے — ظاہر حرکت سے رغبتین ہائے

اپنا جو ہوا کچھ اور ارادہ — جی چاہا کچھ اس سے بھی زیادہ

ہنس بول کے قید غم سے چھوٹو
کیا بات ہے کچھ تو منھ سے پھوٹو
جانے بھی دو فکر کا ہے کو کرنا
اچھا نہین بے سبب غم مین اپنا
کس واسطے یون اداس ہو تم
کیا مجھ سے خفا ہو سچ کہو تم
کچھ مجھ مین سے کیا خلاف مرضی
کیا کس سے ہوا خلاف مرضی
کس سوچ مین ہو اداس کیون ہو
کس واسطے کچھ اداس سے ہو
کہتا مین کہ بات کچھ نہین ہے
پھر آپ ہی آپ دل غمین ہے
کہتے کہ مجھ سے بھی چھپاؤ
کچھ بات نہین قسم تو کھاؤ
کہتا مین قسم تمھاری جان کی
تم سے کوئی بات کب نہان کی

[illegible]

ہان ہان تری بات اب مین سمجھی | ہے بات یہی قسم خدا کی
چاہی ہے تو یہ کہ اسکو موت آئے | مرجاسے یہ اور مری بلا جاسے
پھر اور کسی سے دل لگاؤن | آنکھ اور ہی شوخ سے لڑاؤن
ہین کیا ہی سلوک عاشقانہ | یہ رہ گئی الفتِ زمانہ
بیرحم تو اب تو مجکو دے چھوڑ | بس چھوڑ خدا کیواسطے چھوڑ
اتنا نہ ستا کہ جی ہی جائے | فرصت دے کہ جان مین جان آئے
بیزار ہی مین اسکا لطف کیا ہے | آسودہ ہین وقت خواب کا ہے
ہے یاد وہ دوستی کا عالم | وہ شوخیِ و دلبری کا عالم
کس لطف سے چھیڑتے ستاتے | گدگدیون سے خوب سا ہنساتے
ہو جاتا مین ہنستے ہنستے بیدم | آتی مجھے ہچکیان بھی پیہم
کہتے کسی نے تمھین کیا یاد | آتی نہین ہچکیان سوا یاد
ہان کس نے کیا ہے یاد بولو | ہے کون تم اوسکا نام تو لو
لاتا گل و عطر مین کبھی گر | فرماتے یہ مجھ سے مسکرا کر
یہ گل تو عمل کیا ہوا ہے | یہ عطر فسون پڑھا ہوا ہے
یہ سونگھون نہ مین نہ یہ لگاؤن | ممکن نہین تیرے دم مین آؤن
گہ دیکھتے تھے مجھے غمین گر | پاتے تھی کبھی جو چین جبین پر
کہتے تھے کہ آج خیر تو ہے | کیسا ہے مزاج خیر تو ہے

[illegible]

خود بینی سے ہوش مین نہ رہتے ‏ ‏ آئینہ کو پھینک مجھ سے کہتے
دیکھو تو بغور چشم بد دور ‏ ‏ یوسف کہ وہ ہی جہان مین مشہور
کیا اوسکی بھی صورت ایسی ہی تھی ‏ ‏ کیا اوسکی بھی طلعت ایسی ہی تھی
کیا اوسکے بھی ایسے ہی تھے گیسو ‏ ‏ خمدار و سیاہ و عنبرین مو
کیا ایسا ہی حسن تھا نہ ہوگا ‏ ‏ یہ حسن کبھی ہوا نہ ہوگا
مانا بھی کہ یہ ہی رنگ رو تھا ‏ ‏ ایسا ہی وہ چہرۂ نکو تھا
اور ایسے ہی موے مشکبو تھے ‏ ‏ ایسے ہی خمیدہ مو بمو تھے
پر اوس مین یہ بات تو نہوگی ‏ ‏ کیون میری سی گات تو نہوگی
یہ چشم سیاہ تو نہ ہوگی ‏ ‏ یہ شوخ نگاہ تو نہ ہوگی
یہ خوش سخنی کبھو نہ ہوگی ‏ ‏ یہ گرمیِ گفتگو نہ ہوگی
پامال روش جہان نہوگا ‏ ‏ ایسا تو خرام ہان نہ ہوگا
یہ فتنہ فزا چلن نہ ہوگا ‏ ‏ ہر بات مین بانکپن نہ ہوگا
ایسی تو نہوگی عشوہ باری ‏ ‏ ایسی تو نہوگی طرحداری
ایسی تو نہوگی جامہ زیبی ‏ ‏ ایسی تو نہوگی دلفریبی
ایسی تو شرارتین نہ ہونگی ‏ ‏ یہ گرم اشارتین نہ ہونگی
یہ غمزۂ فتنہ گر نہون گے ‏ ‏ یہ ناز نہون گے پر نہونگے
گر فندقِ پا پہ رنگ آیا ‏ ‏ ایسا کہ بس اپنے جی کو بھایا

[illegible]

باتین بنانے کی ہین ساری
دو روز کی چاہ ہے تمہاری
ہرگز تجھین با وفا نہ جانون
غم لاکھ کہو یہین نہ مانون
ان قسمون کا اعتبار کیا ہے
معشوقون کو کسکی وفا ہے

وہ دل کہ کسیکا مبتلا ہے
وہ جان کہ مجھ پہ سے فدا ہے
وہ آہ جسے نہین ہے تاثیر
وہ جرم ہے جسکی قتل تعذیر
وہ حال کہ جسپہ رحم آوے
وہ درد کہ جس سے جی ہی جاوے
وہ دیدہ کہ خونفشان سدا ہے
وہ نالہ کہ پایہ عرش کا ہے
وہ دن کہ ہے رشک روز محشر
وہ شب عمر کی از زلف سیہ تر
شام غربا ہے سر بسر غم
صبح دہم مہ محرم
لب تشنگی حسین و عباس
امواج فرات و شرم الیاس
بیداد ستمگران بدکیش
فریاد ستم کشان دلریش
تاب و تب آتشین فسانہ
سوز دم سرد و بیکسانہ
ان سبکی مجھے ہزار سوگند
سوگند ہزار بار سوگند
ہے تجھ سے مجھے دلی محبت
گو تجھکو نہو مری محبت
اور جیسا کہ تجکو چاہتی ہون
تو دیکھیو کیا نباہتی ہون
مجکو تری جان کی قسم ہے
جسوقت تلک کہ دم مین دم ہے
ایسی ہی رہیگی آشنائی
آتی نہین مجکو بے وفائی
اس مین نہین فرق یکسر مو
یہ بات یقین جانیو تو
جھوٹی نہین مین کہ راست گو ہون
گر اسمین مین کچھ بھی جھوٹ بولون
سب قہر خدا کسی پہ ٹوٹین
آنکھین مری سامنے کی پھوٹین

اپنا ہی سا سب کو جانتا ہے

ہو کس لیے بر خلاف کہدو
بیوجہ غضب اور آہ ایسا
کچھ بات تو کہیے گو ہو بہتان
کیا جرم ہوا معاف کیجے
پھر بہر خدا تمھارے قربان
پھر خلوتِ خاص مین بلا لو
پھر سنگ شراب ناب پیجے
اب مجھ مین نہین ہے تاب فرقت
بیتابیِ دل سے لب پہ ہے جان
اب مرنے مین میرے کیا ہے باقی
اس طرح غرض بہک رہا تھا
اس جوش مین اور جوش آیا
پھر ورد زبان انا الصنم ہے
بس مومن دلگداز خاموش
باقی نہین اب تو ہم مین حالت
جاری ہے ہر ایک چشم سے خون
اس قصۂ غم نے جی کھپایا

کیا بات ہے منہ پہ صاف کہدو
کیا مجھ سے ہوا گناہ ایسا
کیون ہو گئے میرے دشمن جان
دل میری طرف سے صاف کیجے
ہو جائیے ویسے ہی مری جان
دل کی مری حسرتین نکالو
پھر وصل سے کامیاب کیجے
کب تک مین سہون عذاب فرقت
ہون کوئی گھڑی کا دم کا مہمان
فانی ہین سبھی خدا ہے باقی
کچھ جوش جنون مین بک رہا تھا
بیہوش کو طرفہ ہوش آیا
منظور سے مرتبہ نہ کم ہے
اب طاق ہوئی ہے طاقت جوش
ہے اور ہی درد و غم مین حالت
تھے شعر کہ نالہ ہاے موزون
اس سوز نہان نے دل جلایا

کب تک یون غم کی سہون کب تک
کب تک اس تشنگی کی حالت مین رہون
کاش مر جاؤن کہ چین آ جائے
ایسے جینے سے تو مرنا اچھا
کاسۂ غم کا بھرنا اچھا
بھول کر آپ مین آؤن نہ کبھی
بھر دے اک جام کہ مر جاؤن ابھی
بس چلا جی تو کہان ہے ظالم
کب خمارِ خفقان ہے ظالم

مثنوی سوم

کب تلک تاک ہین وم آہ ہے	ورد لب نعرہ اللہ رہے
کب تلک چشم سے خون ہو جاری	کب تلک ورد کرے دلداری
عمر برباد نجائے اے کاش	دل کے آئے سبب آئے اجی کاش
ہاے یہ ظلم سہا کیونکر جاے	مین جیون اور رہا دل مرجاے
ہو وصال اب نہ جدائی مجکو	آئے دشمن کی بھی آئی مجکو
جو کسی پر نہین مرتا ہرگز	جینے سے جی نہین بھرتا ہرگز
بس مرہ دنیا مین ٹھہرتا ہی نہین	مین جو مرتا ہون سو مرتا ہی نہین
ملک الموت بھی گیا ہے بیدرد	آہ سچ ہے کہ بڑا ہے بیدرد
تھامون ہون دل کو سدا بھر کر آہ	کیسی یہ آن بنی دل پر آہ
جان ہمہ رنج دسرا پا غم ہے	رنج سا رنج ہے غم سا غم ہے
دیکھتا ہون عجب احوال اپنا	کیا کہون کس سے کہون حال اپنا
درد ہجران سے سبھی کو ہی فراغ	بات پوچھے کوئی یہ کس کو دماغ
سب ہین بیدرد انھین کسکا غم	غمزدون کا ہے کسی کو کیا غم
کون پوچھے ہے کسی کا احوال	جانتے ہم ہین سبھی کا احوال
کون سنتا ہے فغان درویش	قہر درویش بجان درویش
کوئی ناشاد ہو یا ہو ناکام	اپنے سب خوش ہین کسیکو کیا کام
کوئی ہمدم ہے نہ دمساز مرا	کوئی محرم ہے نہ ہمراز مرا

سینہ چاک کا گر ہو نہ رفو
ناتک وسے چاک گریبان تو کچھ
چشم خونریز سے خون پاک کرے
دل ہو مضطر تو نہ آرام سے وہ
سر کو سنگ ملکون توڑا تو رکھو دستا
اصل جانان نہ سہی ذکر تو ہو
چارہ گر ہو نہ سکے چارہ تو ہو
مومن آوارہ کرے
کوئی اتنا نہین جو چارہ کرے
متوجہ ہو کے پوچھے حوال
کوئی اتنا نہین جو حال سنے

اس تکلم سے یہ مطلب ہے مرا
جو سُنے وہ ہی مخاطب ہے مرا

گو کہین ہو وہ کسی جا ہو وے
دل مین پر درد ذرا سا ہو وے

ہو پہ مجھسا وہ نہو دیوانہ
تا سُنے سمجھے مرا افسانہ

اوسکو پہونچا ہے جدائی کا درد
تا وہ جانے کہ ہے اسمین کیا درد

ماجرائے غمِ حرمان سمجھے
سرگذشتِ شبِ ہجران سمجھے

بات کچھ میری زبانی سُن لے
غور سے ساری کہانی سُن لے

سب مضامین و معانی سوچے
مطلبِ رازِ نہانی سوچے

یہ کہانی نہ یہ ہے افسانہ
داد و بیداد ہے مظلومانہ

نہین اشعار یہ ہین نالے کئی
سوزشِ دل کے ہین تنہائی کئی

مظہرِ حسرت و حرمان ہی یہ
باعثِ غیرتِ یاران ہی یہ

یعنے اک شوخ پہ ہم مرتے تھے
صدقے دل جان فدا کرتے تھے

اور وہ سردفترِ اربابِ جفا
جسمین الفت نہ مروت نہ وفا

حرفِ بدگو کو بھلا جانے وہ
بے ادائی کو ادا جانے وہ

بیگنہ مجکو ستایا اوس نے
اُف نہ کی تو بھی جلایا اوس نے

ہر طرح دل کو مرے داغ دیا
خاک کی مجھسے کہ جی خاک کیا

ویکھی کیا کیا نہ تباہی مین نے
مدتون تو بھی نباہی مین نے

پھر تو یکبارگی صحبت بگڑی
ہم مین اور اون مین قیامت بگڑی

پس پہ چلمن در رسیدن بہ عشرتکدۂ رشک چمن

ایک دن جاتے تھے ایک یار کے پاس
یار و غمخوار و وفادار کے پاس
راہ مین طرفہ تماشا دیکھا
غرفۂ بام دل آرا دیکھا
آگے اوس غرفے کی چلمن پڑی تھی

مشاہدۂ جوش طربگاہ

گہ وہان گاہ وہان گاہ وہان
آشنا و کہین سرا گھر مین گہمان
یارون سے ملنا مین صرف اوقات
رات دن ہنسنا ہنسانا کی بات
شعر گوئی و غزل خوانی و بس
نغمہ سنجی و خوش الحانی و بس

صبر بھی شکل دکھا جاتا تھا — دل نہ ملنے پہ بھی آجاتا تھا
اشک بھی آنکھون سے کم بہتے تھے — جان و آرام بھی مل رہتے تھے
خار و پہلو مین بگڑ جاتی تھی — دست و زانو مین بگڑ جاتی تھی
دشنہ گردن سے خفا ہوتا تھا — سنگ بھی سر سے جدا ہوتا تھا
شاد و خرم بھی ذرا ہوتے تھے — ہنسنے لگتے بھی تھے گو روتے تھے
دل پہ گہ ہاتھ بھی دھر دیتے تھے — کسی سے بات بھی کر لیتے تھے
کئی دن مین ہوا غم اور بھی کم — پھر ذرا اور بھی کم اور بھی کم
پھر تو وہ خبط وہ سودا ہی گیا — دل بیمار بحال آہی گیا
رنگ رفتہ نے جھلک دکھلائی — منھ پر اک سرخی کی تہ سی آئی
آتش شوق کی حدت نہ رہی — ناتوانی کی وہ شدت نہ رہی
زخم کاری ہوئی آخر ناکام — آگیا جوشش طپش کو آرام
سخت جانی کا گلہ دل پر شاق — حسرت وصل نہ اندوہ فراق
نہ سبک سر مین گرانجانی سے — گر پشیمان تو پشیمانی سے
نالہ و آہ فغان کچھ نہ رہا — رنج کا نام و نشان کچھ نہ رہا
اب شب و روز مسرت کا خروش — انبساط و طرب عیش کا جوش
یارون مین ہنسنے کا غل آٹھ پہر — وقف لب خندۂ گل آٹھ پہر
زمزمہ ساز برنگ بلبل — نغمہ پرداز برنگ بلبل

اور جو لطف ہی تو کیون باک نہین | کیا سبب ہے کہ خطرناک نہین

جی مین آیا کہ تجسس کیجے | کسی ڈھب بھید بیان کا لیجے

پھر ڈرا مین کہ کچھ آفت تو نہ آئے | دل کے ہمراہ کہین جان نجائے

جی خم زلف دوتا مین نہ پھنسے | پھر ستم دیدہ بلا مین نہ پھنسے

مفت مین اور بلا نازل ہو | قلق و رنج نصیب دل ہو

فکر اندیشۂ انجام و مآل | وہم ناکارہ و بیصرفہ خیال

خوب سوچا کہ برا حال نہو | بدتر آگے سے بھی احوال نہو

پھر کہین اور نہ کچھ کر گذرو | ان خیالون ہی سے بس در گذرو

گر نہ جانا کہ یہ ہے کون تو کیا | اس مین فرمایئے کیا بگڑے گا

اور جانا تو ہوا کیا حاصل | اس تجسس سے بھلا کیا حاصل

جی مین پھر آئی کہ یہ بات ہی کیا | دل کا لگنا نہوا کھیل ہوا

دل کسی سے کوئی اب لگتا ہی | کار افتادہ ہے کب لگتا ہی

جس طرح سے بنے یان آہ کرو | دل کو اس راز سے آگاہ کرو

آگئی طبع تو پھر مت آنا | کرکے معلوم الگ ہو جانا

اور جو یہ راز نہانی نہ کھلا | جیتے جی جی مین یہ ارمان رہا

کہ جانا کہ وہان کیا کچھ تھا | کیسے وہ لوگ تھے کیسا کچھ تھا

محو تدبیر صد افکار ہوئے | کیا حماقت مین گرفتار ہوئے

لطف اس طرح کا جب پانے لگا
پھر تو ہر روز وہان جانے لگا
ایک چندے یہی اوقات رہی
روز پھر ان کی ملاقات رہی
وان ہر اک طرح بہلتا تھا دل
کہین باہر سے کوئی وان آیا

کچھ نہ سمجھا مری نادانی ہا ے
عقل و بصر و پشیمانی ہا ے
کیا کرون وسوسۂ وہم نہ تھا
ورنہ ایسا بھی تو نا فہم نہ تھا
الغرض جب مین وہان جا پہونچا
تازہ پیغام اجل آ پہونچا
مرگ نو کی یہ بشارت ہے صاف
جان دینے کی اشارت ہے صاف
ہم غیب سناتے ہین بہ تیغ
دل کا لگی نہ جتاتے ہین بہ تیغ
وحشت تازہ کا دیتے ہین پیام
ہائین پر مجذوب کے لب پہ کلام
آفرین وہ ولولہ ہائے غم ہائے
کہ سمجھتا یہ شگون غم ہائے

اتنے مین دل جو مرا گھبرایا	جی مین کچھ سوچ کے مین گھر آیا
دوسرے دن جو ہوا گھر سے روان	جانب کوچۂ رشک بستان
ایک دیوانہ حقائق آگاہ	تازہ مضمون سے غزلخوان سر راہ

غزل

پھر محبت مین مزا آتا ہے	کیون نہ کھائین ہمین غم بھاتا ہے
پھر کھجائے ہے ہتھیلی دیکھون	سیم تن کونسا ہاتھ آتا ہے
مدد اے کشمکش شوق کہ پھر	دل کہین کھینچے لیے جاتا ہے
دل سے مطبوع مکان مین ہردم	جی پھر اب صبر کا گھبراتا ہے
عشق کی زمزمہ سنجی ہے ہے	ولولہ ناک مین دم لاتا ہے
کسکی چشمک سے ہے اختر شمری	فلک آنکھین مجھے دکھلاتا ہے
ہے غم پردہ نشین جو ناصح	پھر زبان کھولتے شرماتا ہے
کس سے پھر وعدۂ وصلت ہے کہ دل	میرے ملنے کی قسم کھاتا ہے
پھر ہون دیوانہ بیخود کس کا	خار تلوے مرے سہلاتا ہے
پھر دل اک بت کو دیا مومن نے	کب وہ ان باتون سے باز آتا ہے

رجوع بقصہ

گرچہ اوسنے مجھے آگاہ کیا	پر دل سادہ نے گمراہ کیا
بیخبر تھا سبب مجھے کچھ دھیان نہ تھا	الفت تازہ کا ارمان نہ تھا

دم دیا بھی نہ کہ دم دینے لگے
کیفیت گمراہی سے کہ فرصت لینے لگے

دام الفت مین گرفتار ہوے
ہم اسی بات سے ناچار ہوے
کچھ نہ تصفیۂ رسم و راہ ہوا
تشخیص چارۂ درد ہوا
کس طرح سے نہ مری تعظیم
پر ہوا حسد پیدا ہوا جنون
کیا نیچے نہ پڑا دیوانہ یون
حسن بازار ادراک ہونے لگے بعد کے بد نظر
حسن تقاضا سے کیا پیدا ہوا
عشق وارادہ ہے وہ مہمان عزیز
جان عزیز
یوسف ... جان مری جان عزیز

ایک بیمار پریشان احوال | نہ وہ جلوہ نہ وہ رونق نہ جمال
سب بدل شعشعۂ نایاب ہوا | رنگ رو ماہ سے مہتاب ہوا
سبزۂ رنگِ خواب سے غفلت محسوس | ہوگئی طرز تجاہل کا بوس
سبزہ انگشت تو گران سے جی پر | لے گیا تاب و توان رنجِ سفر
آپ کچھ چارہ گری کیجے غرض | نبض دیکھ کہ ہو تشخیص مرض
بیٹھے اوس نبض پہ جو ہاتھ دھرا | ہاتھ سے میرے مرا دل ہی چلا
صاف صندل سے زیادہ وہ ہاتھ | نرم مخمل سے زیادہ وہ ہاتھ
پنجۂ مہر کا سا شعشعۂ نور | دست گلدستہ رہے جسکے حضور
اوسکو جون ہاتھ لگایا مین نے | دل سے بس ہاتھ اوٹھایا مین نے
دھر دیا تھام جگر ہاتھ مین دل | لیے بیٹھا تھا مگر ہاتھ مین دل
آفتِ تازہ جو جان پر آئی | یہ غزل اپنی زبان پر آئی

غزل

کیا لگا دست دل آرام سے ہاتھ | دل گیا ہاتھ سے اور کام سے ہاتھ
کسکے ہاتھون سے لگا تھا کہ جدا | نہیں ہوتا دل ناکام سے ہاتھ
پختہ مغزان جنون سے ہون مین | کیون اوٹھاؤن طمعِ خام سے ہاتھ
ہاتھ دیتے تو ہوا اب ہاتھ مین یہ | کان پر رکھیے گا پھر نام سے ہاتھ
دھوئے شبنم سے نہوگا ہمرنگ | مہر کا دستِ گل اندام سے ہاتھ

اک نے تعریف دلیری کی کی
دل مین چٹکی سی کسی نے لی
ایک نے پردے مین جھٹکی دی لگی
ایک نے چپکے پر ٹھکر ڈھالی
ایک نے صاف زبان کو کھولا
ایک ایک اور پر اٹھکر بولا
سب و دھر کی طعنہ زنی ہونے لگی
طرح تو ناوک فگنی ہونے لگی
بات جو دل کی تھی پہچان گئے
نہ یہ کہتی تو سب جان گئے

ہم بھی دیکھتے ہین اسکو جواب
گر نہ تھے ہوش نہ تھی بات کی بات
طور پر اپنے لگایا سب کو
نہ ہنسنے خود ہم ہنسایا سب کو
سارے دن تو رہی صحبت یار
جب ہوئی شام تو اٹھے ناچار

جب یہ حالت ہوئی سبکو معلوم
کوئی کہنے لگی رنجیدہ ہین آج
کوئی بولی کہ لڑ آئے ہین کہین
آپ نے اتنے مین ہنسکر یہ کہا
یا کسی کی انھین یاد آئی ہے
یہ جو اسی سے نہین نام کو ہوش
کوئی پوچھو تو ہوا کیا ان کو
کیا سبب کس لیے بیہوشی ہے
انھین کچھ تاب بیان ہر کہ نہین
انھین کچھ بات بھی کر آتی ہے
کیا ہوا بیٹھے ہین کیون بیدم سے
گر ہین آزردہ تو کیون آئے ہین یہ
اور جو آئے ہین تو کچھ بات کہین
یا سدھارین کہ ہوا آئے بھی تو گھر
جائین ناکام مونہین گر ہین ناکام
مجکو ہر چند نہ تھی طاقت و تاب
کہ مین اچھا تھا یہان جب آیا

پھر تو ہنسنے کی مچی اور بھی دھوم
یہ مزہ ہین نہین کل کا سا مزاج
کچھ کسی سے بگڑ آئے ہین کہین
کہین مے پی تھی کہ اب نشہ چڑھا
یہ بیخودی بیخبری چھائی ہے
یہ نہ کچھ تو ہے کہ بیٹھے ہین خموش
آئی ور پیش بلا کیا ان کو
یہ کچھ تو ہے بات کہ خاموشی ہے
انکے بھی منھہ مین زبان ہر کہ نہین
کہین کچھ بات اگر آتی ہے
کچھ خفا تو یہ نہین ہین ہم سے
آج تشریف عبث لائے ہین یہ
یہ بھی کچھ بات ہے چپ بیٹھ رہین
بیٹھین کاہیکو جھکائے ہوئے سر
ہر دو کا زندہ دلون مین کیا کام
پر دیا آپ کو تھا اتنا جواب
پیر ہوا یان ہی پری کا سایہ

نہ گئے وان کہ نہ ہو وہ بدنام — بیجو اسی سے لیا عقل کا کام
پر بُری طرح گذاری وہ رات — جاگتے ہی کٹی وہ ساری رات
صبح تک شام سے بیتابی تھی — بسترِ خواب پہ بیخوابی تھی
یاد جو آئی وہ دن کی تقریر — لگ گئی چپ بنے رشکِ تصویر
دھیان اوس ہاتھ کا جو آن بندھا — آپ ہی ہاتھ سے اپنے مین چلا
قلزمِ اشک نے طغیانی کی — دستِ مژگان نے درافشانی کی
بنگئی جان پہ دستِ دل سے — ہوئی تو صبح پہ کس مشکل سے
صبحدم جوش زیادہ آیا — جلوۂ روز جزا دکھلایا
یعنے بیتابیِ دل اور بڑھی — خواہش صبر گسل اور بڑھی
شوق نے سلسلہ جنبانی کی — بیقراری نے یہ طغیانی کی
ایک دم گھر مین ٹھہرنے نہ دیا — نہ لیا چین ذرا پر نہ لیا
صبح کو دیکھتے ہی لے ہی گئے — نہ سُنی کچھ نہ کہی لے ہی گئے
ناگہان تھی وہ کہین کوٹھے پر — میرے آنے کی نہ تھی اوسکو خبر
بے خبر سامنے آئی یکبار — بے دھڑک ہو گئی مجھ سے وہ دوچار
دیکھتے ہی مجھے غش آنے لگا — ہوش بھی صبر نمط جانے لگا
پر ذرا آپکو تھاما ناچار — پر جو دیکھا تو نہ دیکھا زنہار
پوچھو مت کیا کہون کیا دیکھا — جو نہ دیکھا نہ سُنا تھا دیکھا

خط مشکین رقم یار دیا
اسکو اک نامۂ دلدار دیا
آمد آمد کسی ذی شان کی ہو

قطعہ

کبھی مین نازکی یہ باتین ہین | اور انداز کی یہ باتین ہین
سنکے وہ بولی کہ ہان کیا صاحب | کیا کہا آپ نے اچھا صاحب
گھر جو انکا ہے یہ تو یہ ہی رہین | ہم چلے جاتے ہین لو یہ ہی رہین
سنکے آواز یہ ہم رہ نہ سکے | آہ کی اور تو کچھ کہہ نہ سکے
پھر سخن ایسے ہی کچھ ہونے لگے | وہ تو ہنسنے لگے ہم رونے لگے
وان سے وہ طعنہ سناتی ہی رہے | ہم ادھر حال جتاتے ہی رہے
رنج و اندوہ سے جی کھوتے رہے | جب تلک بیٹھے رہے روتے رہے
پھر جو کچھ اور بھی جی بھر آیا | ہوگئے ناچار اوٹھا گھر آیا
گھر مین آیا تو زبون ترا حوال | زار کل سے بھی فزون ترا حوال
جی کو دم لینے نہ دے جوش فغان | سختی جان نقاہت سے گران
بیقراری نہ ٹھہرنے دے کہین | صبر اب کیا ہو کہ طاقت ہی نہین
بے سبب گاہ توقع گہ یاس | ہوش جینے کی نہ مرنے کے حواس
آرزوہاے نہانی کیا کیا | حسرت دل نگرانی کیا کیا
بیخودی سے دل و جان کو آرام | نہ کہ اس مین پے تعطیر مشام
بوے گل لائی صبا بستان سے | یعنی اک نامہ بر آیا وان سے
لب کچھ آمادۂ الفاظ نوید | خندہ زن جیسے گل باغ امید

[illegible]

غزل

[illegible]

کس کی وحشت کا خدا صبر پڑا
غمزے نے کس کو رلایا بیباک
خندہ زن کسکا ہوا زخم درون
کسکے یہ متصل آنسو پونچھے
کون تلخی سے ہوا شیرین کام
کسکا دل لیکے گنہگار ہوئے

شوخی چشم غزالان کیون ہے
خار داماں سر مژگان کیون ہے
شدت گریۂ پنہان کیون ہے
ہاتھہ ہم پنجۂ مرجان کیون ہے
بیمزہ شور نمکدان کیون ہے
خوار تر خشکی داماں کیون ہے

دل مومن سے ہوئی کیا صحبت
ہندوے زلف پریشان کیون ہے

مین نے آنکھون سے لگایا اوسکو
پڑھ کے وہ نامۂ لبریز عتاب
کہ ترے صدقے مریجان مومن
اس طرح رو جو یا آزار و نزار
دل مرے قابو مین ایجان نہ تھا
کہ کچھہ آتا نہ خیال انجام
اس جگہہ تو ہے بہت ضبط ضرور
کیا کہون کس سے کہون حال دل آہ
چین ہے دن کو نہ شب کو آرام

جی کا تعویذ بنایا اوس کو
مختصر سا یہ لکھا مین نے جواب
جان مومن تری قربان مومن
دل کے بھر آنے سے مین تھا ناچار
ورنہ ایسا بھی تو نادان نہ تھا
جانکر مین تجھے کرتا بدنام
پر کرون کیا کہ ہون دل سے مجبور
درد سے میرے کوئی کیا آگاہ
بیقراری سے شب و روز ہی کام

[illegible]

آخر اس طور سے ماہر تھا مین — کچھ نہو پھر بھی تو شاعر تھا مین

کھو دیا دل سے سبھی کے وہ گمان — وہم کا کچھ نہ رہا نام و نشان

جان بیتاب کو بھی سمجھایا — پھر تو معمول یہی ٹھہرایا

روز یکبار مقرر جانا — دو پہر تین پہر بیٹھہ آنا

لیک کچھ دن بدن احوال تباہ — آج تک کل سے کہین حال تباہ

منھ کی پہلی سی بحالی نہ رہی — رنگ مین نام کو لالی نہ رہی

آنکھون مین اشک بھی آئی جائے — خون دل رنگ دکھائی جائے

رہے ہونٹون پہ فغان خونبار — دمبدم دیدۂ تر جیحون بار

تھامون گو آپ کو پر تھم نسکون — تھمو تھمنے دے اگر درد درون

برسی کچھ چشم سے حیرانی سی — ٹپکی نظرون سے پریشانی سی

مجھے اس حال کو جب پہونچایا — رحم تھوڑا سا اوسے بھی آیا

سامنے چپکے سے آجانے لگی — چھپ کے وہ شکل دکھا جانے لگی

حرف تسکین و موا سا اکثر — دل وہی اور دلاسا اکثر

عذر ہر لحظہ مین مجبوری کا — ذکر ناچاری و مجبوری کا

حالت اپنی جو ہوئی اور تغیر — ہوئی اوسکو بھی زیادہ تاثیر

چھا گئی چشم مین اک بیخوابی — دل کو بھی رہنے لگی بیتابی

دیکھہ غمگین وہ مجھے غم کھاتی — اوسکے حسرت مری سن ہو جاتی

پھر تو ہم غم کے بیان پر آئے ۔ دلنشین نالے زبان پر آئے
اپنا احوال سنایا اوسکو ۔ درد دل خوب جتایا اوسکو
سُنکے فرماتے ہین وہ کیا سب جھوٹ ۔ عشق صادق کا ہی دعوی سب جھوٹ
یہ تو مانا ہے نہ مانونگی مین ۔ تمکو بیتاب نجانونگی مین
سنکے یہ مینے کہا اے بیدرد ۔ سچ تو یہ ہے کہ تو ہی ہے بیدرد
ورنہ پہونچا ہو نہین مرنیکے قریب ۔ یہ مرض اور نہ درمان نہ طبیب
غور سے سن طپش جان کو مری ۔ دیکھہ چشم جگر افشان کو مری
سختی ولولہ عشاق سے پوچھہ ۔ شوق دل والہ مشتاق سے پوچھہ
تو غم و درد کو کیا جانے ہے ۔ شب غم تیری بلا جانے ہے
کیا کہون آہ یہ قسمت اپنی ۔ جسکے پیچھے ہو یہ حالت اپنی
اوسکو پروا ہی نہو کچھہ زنہار ۔ فکر درمان نہ خیال آزار
کچھہ نہ واقف غم جان سے ہو مرے ۔ بیخبر درد نہان سے ہو مرے
جی سدا جسکے لیے بھر آوے ۔ درد دل اوسکو نہ باور آوے
کہہ کے یہ بات جو مین رونے لگا ۔ اور ہی حال مرا ہونے لگا
پھر تو اشک آنکھون مین وہ بھر لائی ۔ یہ سخن روکے زبان پر لائی
کہدون مین بھی اگر اپنا احوال ۔ پھر کہو آپ کا ہو کیا احوال
میری حالت کوئی کیا جانے ہے ۔ کیا کہون غیر خدا جانے ہے

صبحدم پھر وہی معمول ہے ہم ۔ وہی صحبت ہے وہی وہ عالم
وہی ہنسنا وہی رونا باہم ۔ وہی باعشرت و عیش و آرام
جب کہ گذرے یہین کچھہ اور ایام ۔ بعد چندے فلک ناہنجار
بد چلن بدرو بدکیش اور بیمار [illegible]
جمع احباب پریشان کر دوان ۔ گردش افزا بیابان گردان
دیکھو ان روز کا جانا میرا ۔ بیٹھنا ہنسنا ہنسانا میرا
[illegible] ظالم نے ۔ چھوڑ دی راست روی ظالم نے
سر پہ اک آفت تازہ لایا ۔ بدسلوکی سے مرے پیش آیا
وہی نقشہ دکھایا ہیہات ۔ اور ہی فتنہ اوٹھایا ہیہات
اور ہی کچھہ ستم ایجاد کیا ۔ ظلم سو طرح سے بیداد کیا
[illegible] آوارہ
ناگہان کوچ کی اون کی ٹھہری ۔ جس [illegible] کوچ کی اون کی ٹھہری

حسرت آلودہ نگاہین باہم
وہ تفنشان لب پہ وہ آہین باہم
سکتہ حیرت زدگان بیکس
دور بیٹھے ہوئے روتے ہائے بس
گہ بہم گر بھی نہ تھی تاب کلام
پہ بیہوشی کی [illegible] کو تھام
کہ یہ کیا حال ہے کیون [illegible] ہو
مفت کیون اسطرح کھوتے ہو جی
اب تم اور وہ [illegible] لگا یہو جی
ہان اگر فکر ہے تو ہم سے کہو
ہم مین اک مہر و وفا کی بو ہے
اب وطن تمکو مبارک اپنا

جس گھڑی ہم تلک آئی یہ خبر
اک غلو ہوش پہ بیہوشی کا
خود فراموشی و غفلت کوشی
اس مین پیغامبر آیا وان سے
کہ سنا تمنے سفر ٹھہر گیا
ملنے کے دھیان رہے جی ہی مین
سوچتے رہتے تھے تدبیر وصال
یون جدائی کی خبر کاہے کو تھی
جو کچھ اس وقت بلا نے چاہا
کہین کیا آہ جو کچھ سمجھے تھے
خیر وہ تو نہ ہوا پر نہ ہوا
لیکن اسوقت ذرا فرصت ہے
جی مین آجائے تو آجاؤ یہان
اور اسوقت بھی گر آپ نہ آئے
سُنکے یہ بات مین باحال تباہ
پایۂ شوق کہان تک پہونچا
گیا نئے ڈھب سے ملاقات ہوئی

چھاگئی بیخبری سی دل پر
عالم اک اپنی فراموشی کا
بیخودی بیخبری بیہوشی
ترجمان لعل لب جانان سے
اپنا جانا بس اودھر ٹھہر گیا
جی کے ارمان رہے جی ہی مین
تھے ملاقات کے کیا کیا نہ خیال
دور گردون پہ نظر کاہے کو تھی
وہ فلک نے نہ خدا نے چاہا
نہ ہوا آہ جو کچھ سب سمجھے تھے
چاہا تھا جو نہ ہوا پر نہ ہوا
ہے مکان اور کا اور خلوت ہے
آنکھ مشکل و گھاجاؤ یہان
ہم کہان اور کہان تم پھر ہائے
بیخود انہ ہوا اوس کے ہمراہ
وہ بھی جس جاے وہان تک پہونچا
کہ نہ کچھ بولی نہ کچھ بات ہوئی

سفر معشوقہ دلنواز و قلق و آوارگی عاشق جانباز

جب سفر قافلۂ شب نے کیا | کوچ ہر اختر و کوکب نے کیا
باز انداز ہوا روز سپید | نکلے وہ گھر سے کہ نکلا خورشید
وان چلی وہ تو یہان جان چلی | ہان چلی جان کہ ہان جان چلی
ہمنے بھی چاہا کہ ہم راہی ہون | ہمدم باد سحر گاہی ہون
پاس رسوائی سے پر جا نسکے | ہمرہ اہل سفر جا نہ سکے
گونہ کی مرحلہ گردی ہمنے | لیک کی دشت نوردی ہمنے
پاس کا کوئی نچھوڑا صحرا | سیر کرتے رہے صحرا صحرا
دھوم سودے مین مچائی کیسی | دشت کی خاک اوڑائی کیسی
ابتلک بھی تو ہے وہ ہی احوال | ابتلک ہے وہی سودیکا خیال
ابتلک بھی تو ہی غم ویسا ہی | ابتلک تو ہے الم ویسا ہی
ابتلک بادیہ گردی ہے وہی | ابتلک دشت نوردی ہے وہی
ابتلک تو ہے وہی بیہوشی | ابتلک تو ہے وہی خاموشی
آہ و زاری ہے وہی ابتک تو | بیقراری ہے وہی ابتک تو
وہ ہی حسرت ہے وہ ہی درمان ہے | وہی اندوہ غم ہجران ہے
وہی دن رات تصور ہے بندھا | شکل ہوتی نہین آنکھون سے جدا
ہر گھڑی دھیان وہ ہی وہ ہی خیال | وہی اندوہ وہی رنج و ملال

ہر گھڑی ہی ہو گا تصور سے وصال
ہر زمان ہو ئیگا اپنا ہی خیال
چند یہ لفظ جو آئے لب پر
صدق ان کا نہین ظاہر سب پر
جو کہ عاشق ہین سو جانین معنی
منکر عشق نمانینگے
کوئی اس بات کو کیا مانیگا
اسکو تو لوگون کی بلا جانیگا

کسی مجنون سے روایت یہ ہے	ایک اون مین سی حکایت یہ ہے

حکایت بہ تمثیل اثر عشق دل آزارو ذکر جان دادن معشوق وعاشق جان نثار

اک جوان تھا بہ الم خو کردہ — شور وحشت کا نمک پروردہ

حکم بے ربط وہ ملک جنون — افسر داغ بسر جون مجنون

کیا کہا گر یہ کہا کچھ نہ کہا — نہ رہا مرتبہ اوس کا نرہا

قیس کو اوس سے بھلا کیا نسبت — ایک شاہ ایک گدا کیا نسبت

ذرہ کو مہر سے کیا رتبہ ہے — کچھ بھی ذرے کا بھلا رتبہ ہے

قیس اک طفل دبستان جنون — اور وہ اوستاد زباندان جنون

اوس سی جب بزم غم آرائی ہو — عشق کو مرتبہ افزائی ہو

غم مین اک جان اودیکے باعث — درد کو شان اوسی کے باعث

فخر الفت کو اوسی کے دم سی — ناز وحشت کو اوسیکے دم سے

جگر وسر زنش نشتر غم — سینہ وقف خلش خار الم

سر سے لے پانون تلک غم تھا وہ — ہان مگر عشق مجسم تھا وہ

لہو اوس چشم سے پیہم جاری — سیل خون سخت دمادم جاری

دل لگانے کی تمنا اوس کو — جی کے جانے کی تمنا اوس کو

زلف کی بو جو صبا لانے لگا — جی بگڑنے لگا غش آنے لگا

گر کسی نے کبھی لیلی کی بات — پینڈ پھر اوسکو کہان ساری رات

نام شیرین کا جو آجاتا کہین — منھ مین پانی سا بھر آتا وہین

ذکر اندوہ سے جی گھبرانے لگا — عشق کا نام پہ رونے لگا

کیا بری شکل وہین بن جاتی — صورت اچھی جو نظر آجاتی

بو کچھ آئی ہے صبا سی تیری
بس لگا لے مجھی چھاتی سے کہ اب
غیر کو بھی ہے عذابِ شبِ غم
جوش وحشت ہی سہی تو اک دن
کیون کہ حسرت سی فلک کو دیکھون
نہ سُنا رنج شبِ غم ہے سے ہے
آج ہم رنگ حنا ہے گریہ
ہجر مین ہے قلق جان شکنی
مومن اوس بت سی بگڑنا ہی نہ تھا

ناک مین دم ہی جفا سی تیری
تنگ تر ہون مین قبا سے تیری
کوئی مرجاے بلا سے تیری
او لجھین گے زلف دوتا سی تیری
شرم آتی ہے حیا سے تیری
دشمنی اہلِ وفا سے تیری
مل دون آنکھین کفِ پا سی تیری
حسرتِ روح فزا سے تیری
بن چکی بات خدا سے تیری

رجوع بقصہ

یہ غزل سنتے ہی بیتاب ہوا
ولہ ہی ولولہ دررونے کی
لیلی چٹکی سی خلش نے دل مین
شدتِ غم سے بھر آئی چھاتی
اک دھوان نالہ و افغان سی اوٹھا
تپش ولولہ جان تک پہونچی
آگ ہو شعلہ اوٹھاتی دوڑی

خونفشان دیدۂ پُرآب ہوا
گرمجوشی نفسِ سرد نے کی
گدگدی سی کی تپش نے دل مین
ناخنِ غم سے کھجائی چھاتی
شعلہ کیسا دلِ سوزان سی اوٹھا
آتشِ سینہ زبان تک پہونچی
تو اجل آگ بجھاتی دوڑی

دیوان مومن
۲۳۱

وان سرِ راہ ہے اک بام بلند
سرفرازی مین فلک سی دوچند
اوس مین اک غرفہ ہے باصد تزئین
ایک مہ وش ہے وہان غرفہ نشین
ہاے اوس کو مین نہ جا سکتا تھا
ورنہ مین آپ مین آ سکتا تھا
ہاے یہ مرنا اوسی کافر کے لیے
اوسی بیدرد ستمگر کے لیے

[illegible]

زندگی مین ہوا گر وصل محال
بعد مرنے کے مقرر ہو وصال

کون مایوس بھلا ہوتا ہے
جذبۂ عشق برا ہوتا ہے

کشش دل بھی سہے کیا کوئی بلا
یار سو کوس سے آتا ہے چلا

پاس فرہاد کے گئی شیرین
مضطرب ہو کے گئی تھی لیکن

وہ بھی شاید کہین تاکہ دیکھے
غرفہ کی چلمن اوٹھا کر دیکھے

کہہ کے یہ کھینچی اک آہ جانسوز
جل گیا جون دل ہنگامہ فروز

جان سینہ سے گئی درد کے ساتھ
ہو گیا سرد دم سرد کے ساتھ

دیکھ نیرنگ محبت کا حال
اہل محفل ہوئے حیران کمال

واہ اے عشق اوسے جان سے کھویا
بات کہنے مین جہان سے کھویا

دوستدارون نے برا حال کیا
ساری یارون نے برا حال کیا

کوئی سرگرم فغان جانسوز
نالہ ہنگامۂ محشر افروز

کسیکے لب پہ مین مرجاتا کاش
کسیکے چہرے پہ ناخن کی خراش

کسیکی آہ کرے خونباری
کسیکی چشم سے دریا جاری

آخر اس طرح باحوال خراب
لیچلے نعش اوٹھا کر احباب

الغرض ہوپنچے جب اس شکل سے وان
جس جگہہ تھا بت کافر کا مکان

وہ گلی جس سے تماشا گہہ تھی
جلوہ گر غرفہ مین وہ ناگہ تھی

دیکھ اس حال کو افسوس آیا
گر پڑی دل جو ذرا گھبرایا

گرتے ہی مر گئی بس وہ دلگیر
جذب الفت نے دکھائی تاثیر

کچھ نہ سمجھی کہ یہ کیا کرتی ہون
جان کو دیتی ہون جان مرتی ہون

کیا سمجھتی اوسے تھے ہوش کہان
ہوش ہوتے بھی تو کیا ہوتا وہان

کہ یہ لکھا ہوا تقدیر کا تھا
مقتضی عشق کی تاثیر کا تھا

مثنوی چہارم

چہ در پردۂ دل فغان بیختم | کہ طرح چنین مثنوی ریختم
دم شعلہ افشان جان حزین | بود نام وسالش تف آتشین

کھولیو ساقی منھ کو سبو کے | پیتے ہین کب سے گھونٹ لہو کے
جام شراب احمر بھر دے | چشم بھر آئی ساغر بھر دے
غفلت بیجا رشک پری کیون | حال سے میرے بیخبری کیون
ہوش ہین آ نشہ ہے تجھکو | ایسا کہان کا نشہ ہے تجھکو
محو تعطل کب تک رہنا | مست تغافل کب تک رہنا
ربط لب و پیمانہ کہان تک | ہاؤہوے مستانہ کہان تک
چپ ہو سن اب آواز کسیکی | آہ فلک انداز کسیکی
شور فگن ہے بانگ تظلم | صور شکن ہے بانگ تظلم
غور سے سن فریاد ستم کش | جلد کہین جُز داد ستمکش
مست شراب غم کی خبر لے | سینہ کباب غم کی خبر لے
جان شکنی پیوند گسل ہے | جوش خمار نشۂ دل ہے
بادہ سختی خارہ ہے ظالم | شیشۂ دل صدپارہ ہی ظالم

پڑ گئے لاکھوں پانوں مین چھالے | جوش جنون نے پانوں نکالے
ہاے اذیت کیونکر جاوے | چین نہ آوے موت نہ آوے
کاوش تازہ پیہم جی کو | نزع کی حالت ہردم جی کو
سخت مشوش ہون کیا کیجے | دل کو تسلی کیونکر دیجے
کس سے کنے بیٹھون کیونکر ٹھہرون | ٹھہرے یہ دل تو دم بھر ٹھہرون
یار نہین ہین اپنے ڈھب کے | آئے ہین وحشت ملنے سب کے
سیر گلستان خار لگے ہے | موج روان تلوار لگے ہے
شعر روان سے اشک روان ہو | راگ سُننے سے مشق فغان ہو
درد نہان نے پیر نکالا | عمر ابد نے مار ہی ڈالا
راحت دل کیا تاب نہین ہے | موت تو کیسی خواب نہین ہے
چشم رکھے وا درد نہفتہ | سونے نہ دیوے طالع خفتہ
ضعف دل اپنا زور جتاوے | نیند کے بدلے غش پہ غش آوے
ڈالو لے طاقت سوز قیامت | رات کٹے جون روز قیامت
کھانا بالکل چھوٹ گیا ہے | غصہ و غم ہر وقت جدا ہے
کام نہین ہے جز ناکامی | آب کے بدلے خون آشامی
موجۂ دریا اشک دمادم | آہ و فغان دنبالۂ رو ہم
سجدۂ ہردم شعلہ فشانی | قبلۂ دو رخ داغ نہانی

بسکہ طبیعت مشعلہ جو تھی | اپنی سدا ہے چاہ کی خو تھی
اہل جفا مین دھوم تھی اپنی | جور کشی معلوم تھی اپنی
شوق نہان مشہور ہمارا | دیکھو جہان مذکور ہمارا
سبکو تمنا چاہ کی اپنی | کان کو لذت آہ کی اپنی
گرم ادا دلسوز جلن کی | تنگ وہان مشتاق سخن کی
اور ہمین بھی چاہ کا لپکا | عشق و دل و جان کاہ لپکا
مہر وشون سے لاگ سی دل کو | گرم رکھے اک آگ سی دل کو
ایک نہ ایک سے کام ہی رہوے | نام سدا بد نام ہی رہوے
تاب ہمیشہ صرف جفا ہو | عجز نیاز ناز سدا ہو
جبکہ بہت تکلیف اوٹھائی | حال پہ اپنے مرحمت آئی
سمجھے کہ بگڑا طور کچھ اپنا | حال بنا اب اور کچھ اپنا
جان بغم خوگر کو سمجھائے | عشق سراپا غم کی بر آئے
جیکو سنبھالا حیلہ و فن سے | دل بہلایا شعر و سخن سے
عیش کو پھر مہمان بلایا | ربط قدیمی یاد دلایا
تازہ کھلا گل باغ طرب مین | ربط ہوا گلخندہ و لب مین
ہوگئی یاری دل سی خوشی کی | ٹھہری تبسم سے بھی ہنسی کی
جان و فرح ہم گوہر راحت | خواب و مژہ ہم بستر راحت

سینہ سے ٹھنڈک کی سینہ جلایا
سوز پنش دل کا بیکل سے
وصلہ ہارے جان نکلے
دل سے سبھی ارمان نکالے
چین سے یونہین اوقات بسر کی
عیش و طرب مین شام و سحر کی
چرخ نے دیکھا آرام ہمارا
غم سے زمین پر سر دے مارا
جان فلک کی ہو گئی مضطر
دم مین بدل گئے نقشہ آخر
چرخ کو اپنا چین نہ بھایا
دور زمان کو چین نہ آیا
ظلم فراموش یاد کے پھر
جور ستم ایجاد کے پھر
خواب فراموش سے جگایا
عشق کو فتنہ اوٹھایا
شادی و غم کی طرح مین نشانی
اوس مین ہوئی یہ خانہ خرابی

زلف مسلسل سلسلہ جنبان
حلقۂ کاکل یاد رزندان
تیغ تنکاری جنبش ابرو
چشم کی گردش شوخی جادو
کشتۂ مژگان ترک نگاہان
سرمہ فشان تیغ صفاہان
رنگ حنا گلگونۂ گلبن

تاب جبین یا شعلۂ آتش
قامت رعنا آہ ستم کش
ہوش اوڑے یکبار پری کا
دیکھ وہ عالم جلوہ گری کا
کیسی تجلی برق طپان تھی
جون نظر آئی وہین نہان تھی
رنگ اوڑے سب مہر و فلک کا
کیا کہون عالم اوسکی جھلک کا

بسکہ تکلف تالہ اثر تھا
تھی جو وہ بزم جان و دل آرا
کارکن و مختار وہان ہین
اندر باہر شور فزائی
سوسے ہراک بزم اپنا گذر ہو
اپنا گذر جون صاحب خانہ
پردے سے اک آواز خوش آئی
وصف کی اوسکی تاب کہان ہے
لفظ جو تھے مربوط سدا سے
کیا کہون اوسکی سحر بیانی
لفظ تھے اک تازہ فسون تھے
چھیڑ کی باتین جادوے بابل
گرچہ سخن کا ہوش کہان تھا
ہم سخنی پر طور دگر سے
آہ نے کتنی تیز اثری کی
چلمن اوٹھا کے وہین گرا دی
پردہ اوٹھایا شوق نہان نے

اونکا مکان بھی اپنا ہی گھر تھا
مین ہی وان تھا محفل آرا
مہتمم ہر کار وہان مین
تھی متعدد بزم آرائی
مجکو پکارین کام جدھر ہو
تا در رنگین بزم زمانہ
جسنے یہ چپ ہے مجکو لگائی
رنگ بیان کی لال زبان ہے
سو نہ ادا ہو نطق ادا سے
لفظ کئی اور لاکھ معانی
جسکے موکل عشق و جنون تھے
جس سے مسخر ہو ہی گیا دل
لیک مجیب ناز و فغان تھا
بات اودھر سے نالہ ادھر سے
پردہ نشین نے پردہ دری کی
ایک جھلک سی اپنی دکھادی
منھ کو چھپایا تاب و توان نے

وقت سخن کب طاقت آئی | جب وہ گئے تب طاقت آئی
کسکا سخن اب تاب کہاں کی | تاب جو کچھ تھی صرف فغاں کی
جاتے ہی اوسکے آئی قیامت | راحت رفتہ لائی قیامت
دل نے اودھر کو پھر نہ کیا منھ | پھرتے ہی منھ پھیر لیا منھ
دم میں بگڑ گئی بازی ساری | تاب و توان نے طاقت ہاری
لے گئی میرا چین وہ بالکل | ساتھ سدھارے صبر و تحمل
جوش نے اوٹھکر جی ہی بٹھایا | شوق نے کیا ہنگامہ اوٹھایا
دم میں تمنا کی جو نہ آوے | دم بھی نکلے جی جاوے ہی جاوے
گر نہ فریب امید نکالے | جان کو اوس دم کون سنبھالے
تاب اجل نے جینے کا یارا | رنج میں جون تون روز گذارا
شام کو بارے آنکھ بچاکر | دیکھ گئے اوس حال کو آکر
آکے تسلی دے گئے کچھ کچھ | تاب و توان پھر لے گئے کچھ کچھ
کیا کہوں کیا کیا جلوے دکھائے | دو ہیں گئے اور وہیں پھر آئے
لطف و نوازش ہائے پیہم | ٹھہرے نہ ٹھہرے آئے پیہم
روز وداع بزم جب آیا | مژدۂ مرگ تازہ سنایا
آکے کہا سو ناز و ادا سے | بس نہیں چلتا حکم قضا سے
وصل بھلا تدبیر سے کیا ہو | جنگ و جدل تقدیر سے کیا ہو

باد صبا پیغام نہ لاوے
مرغ سلیمان اوڑنے نہ پاوے
تا دم مرگ ارمان نہ نکلے
نزع بھی ہو تو جان نہ نکلے
ضعف سے غش بھی ہونے نہ پاوے

دل نہ تھمنا ہر چند سنبھالا
دم نہ گیا سو طرح نکالا
صبر گسل بیتابی جان اب
بس وہ طاقت تنگ کمان اب
سلسلۂ ناموس جنون اب
سلسلہ جنبان شوق درون اب
اودھر سے غرض ناچار
جانب کوے یار پہ جاکر

نوشتے سے بھی چین نہ آیا
اک دن آخر جی گھبرایا
حال زبون ہم روز فزون ہو
ہم وہ سے ظاہر درد درون ہو
خندۂ گل پر رونا آوے
نغمۂ بلبل نالہ سکھاوے
ناک مین دم ہو نکہت سمن سے
خار چبھے گلگشت چمن سے

یان ہی کبھی گر آئین گے ابکی
تم سے بھی ہم مل جائین گے ابکی

وہ تو گئے سیہ کھکے اودھر کو
یان قلق آیا دیکھنے گھر کو

چھٹتے ہی ہجران سخت کی شامت
آپ سے مہمان آئی قیامت

نالۂ دل نے شور مچایا
خانۂ گردون سر پہ اوٹھایا

آہ نے آتش دی دل و جان کو
آپ جلا آیا اپنے مکان کو

زلزلۂ بیتابی جان سے
گر گئے ارکان تن کے مکان سے

اشک نے کیا کیا کی خونریزی
چشمۂ چشم و جیحون ریزی

جوشش طپیدن کام نہ آیا
جی نہ گیا آرام نہ آیا

جی پہ بنائی کیا کیا دل نے
کام بگاڑا اپنا دل نے

زردی رخ نے رنگ کیا کیا
وسعت غم نے تنگ کیا کیا

سینہ غبار غم سے مکدر
آئینۂ دل دم سے مکدر

نقش قدم گلدستۂ قالین
سنگ و زمین سے بستر و بالین

صبر خیال و تاب و زمانہ
مشغلہ خواب و خواب فسانہ

عیش وطن اندوہ غریبان
دست جنون سے خاک گریبان

پانون سے وحشت سر نہ اوڑھاوے
شوق مغیلان تلوے کھجاوے

سوز نہانی ثانی دوزخ
سینہ کرے مہمانی دوزخ

سیر گلستان سے خفقان ہو
دیکھ کے جدول اشک روان ہو

نقشہ کا عالم شوق سے ہم بر
لغزش پا پر ایک قدم پر
سوچ سمجھ دل مین عذر و بہانہ
سوچ سمجھ جو ... مضطربانہ
پیش نظر ... بات بنائی
دل نے غرض اک راہ نکالی

[illegible]

آرزوے لب بوسہ زمین کا — سجدۂ دُوار رمان جبین کا
کیا کہون کیا کیا رہ گئی دل مین — دل کی تمنا رہ گئی دل مین
اتنے مین نکلی گھر سے باہر — خادمۂ مکروہ المنظر
تفرقہ لب چاک گریبان — رُخ کی سیاہی شام غریبان
خاک و محیط گنبد مینو — مرکز چشم و دورۂ ابرو
بینی و دور رخسار فسردہ — نیچے کے خم پر ابرِ مُردہ
خرس کی پشم اشعار خمیدہ — سخت غبار آلود ژولیدہ
نقش اجل تصویر ربا تھی — صورتِ فتنہ شکل بلا تھی
ڈائنون کا وہ کھائے کلیجا — دیو کا خود پھٹ جائے کلیجا
بات مین وہ آواز مسلسل — صور کا جیسے نفخۂ اول
ہنستے نہ دیکھا اوسکو کسی نے — دل نہ دیا آسودہ دلی نے
اوسکی جبلت مین غم گینی — شیرۂ مادر سرکہ جبینی
اوس سے کہا جو دل نے بتایا — وہ ہی جو دل مین تھا ٹھہرایا
تازہ پیام سودا بھیجا — مشورۂ دل کہلا بھیجا
وان سے جواب صاف ہی لائی — بات بنائی پر نہ بن آئی
دردِ شراب سختی قاتل — تلخ سخن مانند ہلاہل
ساختہ حرفِ تلخ نمایان — اوس لب شیرین پر سو بہتان

پھر نہ سوال وصل کرے وہ
پھر نہ خیال وصل کرے وہ
اب نہ توقع وصل کرے وہ
اب نہ تمنا کر نہ ملونگی
اب نہ ملونگی یاد رہے یہ
نام نہ لونگی یاد رہے یہ
وہ نہین اپنی چاہ کے لائق
اب ہون کسی بدنام پہ عاشق

مجکو بھی کب بدنام کیا ہی
ننگ دو عالم آپ تو تھا ہی
دل کی طرح سے اوسکو جلاؤن
نام کو اوسکے آگ لگاؤن
یہ نہیں سمجھے مجکو یہ زیبا
نام نہ لین
کہنے لگین نازک بی بی

یعنے وہ رشک مہر درخشان
اور یہ مجکو بھی خبر آئی
غم سے شگون تازہ لیا پھر
دل نے کہا اے شوق مجسّم
جان سے تجھکو کھوکے رہین گے
جانے سے ہوگی پھر رسوائی
ایسا ہی گر ہے حوصلہ فرسا
لاؤن زبان پر کام تمنا
مجکو بھی دل کی بات جو بھائی
اوسکو اوسی دم اوس جا بھیجا
گرمی شوق و سوز نہانی
چشم سحر آلودہ کا شکوہ
قوت فزائی غصۂ و غم کی
ہجر قیامت زا کی شکایت
عرض حجاب رسوا کردن
حرف زبان زد ہجر کی کاہش
اوسنے لیا جون نام ہمارا

آئی میرے اک دوست کے مہمان
جان تمنا دوڑ کر آئی
مشورۂ دل سے مینے کیا پھر
مضطربانہ کام نہ لیجیے ہم
جانے ہم تو اب نہ کہین گے
جان کے کیون اندوہ فزائی
شوق سراپا روز تقاضا
بھیجوا اوسے پیغام تمنا
محرم راز اک جلد بلائی
حال دل اپنا کہلا بھیجا
آہ سحر کی شعلہ فشانی
بخت بخواب آسودہ کا شکوہ
آب دہی خوناب ستم کی
مرگ قدم فرسا کی شکایت
عذر امید بیجا کردن
عرض بکر وصل کی خواہش
دینے لگے پیغام ہمارا

پہلے بھی عاشق یون ہی ہوئے ہین	ایسے ہزارون قصے ہوئے ہین
سیکڑون ہین مشہور فسانے	اونکو بھلا کر کوئی نہ مانے
آنکھون کی دیکھی بات کہون مین	ہوش ہو گیا خاموش رہون مین

حکایت

عشق جبلت ایک جوان تھا	زمزمہ سنج آہ و فغان تھا
سر تا پا تاثیر محبت	شکل وفا تصویر محبت
نالے عظام غیرت نے مین	خون تمنا ہر رگ و پے مین
صبح جدائی شام غریبان	کام دل ناکام رقیبان
بے رخ رشک شمع منور	تاب وہ پروانہ مضطر
برق طپش آرام طپیدن	شوخی آہو رام رمیدن
چہرہ سے ٹپکے حیرت یکسر	چین و جبین آئینہ جوہر
سیر چمن گلریز جفا ہو	جلوہ لالہ داغ فزا ہو
آب روان سے جی گھبراوے	عکس سے اپنے وحشت آوے
ہو جو سرشک اوس چشم سے جاری	آنکھ چراوے ابر بہاری
ضعف سے مشکل گردش بالین	بیحرکت جون صورت قالین
کیونکہ زبان پر حرف غم آوے	بات سے پہلے لب پہ دم آوے
عشق مین پڑا جون مردہ ہووے	نیند کہان پر پہرون سووے

چہرہ گل و گل رنگ شکستہ
داغ جون خورشید قیامت
آنکھ مین آنسو خون نظر آوے
قوت غذا غم غصہ کھانا
خواب فرامش نیند کا آنا
جادہ قبا سے گل اندامان
سینہ مین تیر عشق ترازو
ضعف قوی بیچارہ کو اوسکو

سنگ ہو آب انداز نظر سے
دل کی حقیقت کچھہ نہ کہے وہ
شدت رقت مین ہنس دیوے
راز نہفتہ سب سے چھپاوے
یار و عدو بیگانہ و ہمدم
جو کوئی پوچھے حال نہ بولے
تنگ کرو تو تھوک اوڑاوے
یان کوئی اپنا کیا سر مارے
کان مین پوچھو دھوم مچاوے
کچھہ نہ کھلے احوال کسی پر
دل ہی سے دل کا حال بیان ہو
ذکر الم غمّاز نہووے
جب نہو کوئی تب تو بن آوے
اپنی سی ہووے اپنی حکایت
جور و جفاے یار کا شکوہ
سن ہی لیا اک یار نے ناگہ
آگہی اپنی اوسکو جتائی

پاس در و دیوار سے برسے
دیکھے جدھر کو دیکھہ رہے وہ
تا کوئی عاشق جان نہ لیوے
اپنے کو وہ دیوانہ بناوے
حال سے اوسکے سب نامحرم
بات تو کیا پھر منہہ بھی نہ کھولے
ہوش تو خاصی پر کف لاوے
سخت کہو تو تیجھہ مارے
بات کو یون ہی دھم مین اوڑاوے
گذرے جو کچھہ سو اپنے ہی جی پر
درد نہان کا چارہ نہان ہو
ہونٹ ہلین آواز نہووے
باتین ہزارون جب تو بناوے
طالع و چرخ و دل کی شکایت
فرقت دل آزار کا شکوہ
ہو ہی گیا سب حال سے آگہ
بگڑے سہی بھی پھر کچھہ نہ بن آئی

ورنہ یونہین مرجاؤگے اک دن | چین نہ غم سے پاؤگے اک دن
عمر کے باقی ہین جو کئی دم | ہوئین گے صرف نالۂ پیہم
جان سے وہ بھی تنگ تو تھا ہی | وہین کسیکو بھیجدیا ہی
مطلب و مضمون خوب سکھایا | قصہ سُنا کر حال دکھایا
اوسنے جب اوسکو تنہا پایا | حال سراپا رنج سُنایا
حالت عاشق شرح و بیان کی | آہ پے ہم و درد زبان کی
عرض کیا پیغام تمنا | مطلب یاس انجام تمنا
رو کے حدیث شوق ادا کی | آگ پہ روغن تھی تمنا کی
جلکے کہا یون سوز نہانی | جس سے کہ دل ہو کو کا پانی
سُنکے پیامِ زلزلۂ مضمون | اوسنے جواب ناز دیا یون
صبر نہ تھا تو عشق کیا کیون | چاہ کا میری نام لیا کیون
پہلے ہی کرنا تھا حذر اونکو | مرنے سے حاصل جانکر اونکو
ملنے کو سمجھے کیون مرے آسان | کیون نہ ہوئے اوسوقت ہراسان
فائدہ اب پیغام دیے سے | حاصل کیا بدنام کیے سے
کوئی جفائے عشق سہے کیون | تاب نہو تو زندہ رہے کیون
ایسے سے الفت ہو نہ کسیکو | آگ لگے اس گرم دلی کو
اور نہون بدنام کہین مین | کاشکے وہ مرجائے نہین مین

ساقیا اب نازِ بیجا کس لیے
چینِ ابرو بے محابا کس لیے

تند خوئی باعثِ آزار ہے
زہرِ قاتل تلخیِ گفتار ہے

بیمزہ ہے شکر افشانی تری
بے نمک ہے سرکۂ پیشانی تری

اے تنک ظرف اس قدر بدخو نہو
دل ہوا کھٹا ترش ابرو نہو

بے نیازی کا سبب ہے بدمزاج
کیا رہی ہمکو تیری احتیاج

کام کیا اب ساغرِ سرشار سے
بادہ کش ہون جامِ چشمِ یار سے

مجلسِ غم ہے مجھے بزمِ شراب
ہوگیا دل گرمیون سے جی کباب

جلوۂ مے نے پلایا خون مجھے
آگئی یاد لبِ میگون مجھے

دیکھ دورِ ساغرِ گل کی بہار
پھر گئی آنکھون کے آگے چشمِ یار

وصل کا عالم نظر مین چھا گیا
پھر نشا خودرفتگی کا آگیا

چشمِ تر لبریزِ خون پیمانہ ہی
جون صراحی گریۂ مستانہ ہے

جوش مے کیطرح کیا آتا ہی آہ
خون دل منھ مین بھرا آتا ہی آہ

ضبطِ سیم کی توانائی نہین
طاقت و صبر و شکیبائی نہین

ماجرا ہے سخت مشکل کیا کرون
کیا کرون تھمتا نہین دل کیا کرون

نازِ بیجا اور مین کم حوصلہ
کیا رکے ہے ولولہ سا ولولہ

بس چلے تاب و توان کا کب تلک
پاس ہو رازِ نہان کا کب تلک

پھر سرشکِ لالہ گون غماز ہے
رنگِ رو پھر مائلِ پرواز ہے

پھر ہوا ہے ناخنِ غم جان خراش
پارہ پارہ دل جگر ہے پاش پاش

پھر مین کیا کیا ولولے اٹھتا ہے [illegible]
پھر وہی دن نالۂ شبگیر سے

پھر وہ وقت نالہ و فریاد دل
دشمنِ جان ہے پھر اک صیاد دل

پھر کسی زلفِ سیہ کا دھیان ہے
ظلمتِ کفر آزما پھر ایمان سا

پھر عوض کھانا کہان پینا کہان
خونِ دل لختِ جگر ہے آب و نان

ذکرِ خفتن سے مجھے بیگانہ ہے
طالعِ خوابیدہ پھر افسانہ سا

فکر ہاے بیخودی کا جوش ہے
عقل کو کتنا جنون کا جوش ہے

پھر وہی ادبار کی بیچارگی
پھر وہی صحرا ہے اور آوارگی

دیوان سوم ۲۴۴

پھر اطبا نے کیا ہے کیا علاج
[illegible]

[illegible]

اکبر و عظمت سر افراز سخن | پایہ بالاتر بر فراز سخن
باعث ناز و غرور روزگار | میری مشفق میرے مونس میری یار
شیفتہ سر دفتر اہل قلم | نکتہ خاطر نشان جسکا رقم
بیعدیل و بے سہیم و بے بدل | بے نظیر و بے مثال و بے مثل
رازدان نکتہ ہاے کسمدان | معنی کرسی نشین خاطر نشان
ہم نفس ہمدم رضا جو دوستدار | شیفتہ ولدار و الہ جان نثار
یار جانی محرم راز نہان | بے ریا مونس کوئی ایسا کہان
محو امید و تمناے وصال | بعد میرے زندگی اوسکی محال
جان پر اللہ کیسی آ بنی | حال بگڑا جاے ہی یہ کیا بنی
زندگانی کے ہمین لالے پڑے | ہاے کس بیدرد کے پالے پڑے
دشمن جانی ہے یار و کیا کرون | کیا کرون لے دوستدار و کیا کرون
رشک دشمن نے ستایا ہای ہاے | سوز غیرت نے جلایا ہای ہاے
کاسۂ عمر آہ بھرتا ہی نہین | خضر ہو ہمین کیا کہ مرنا ہی نہین
ٹھوکرین کھاتی ہی مرگ دادخواہ | آئی گیا ہی سخت جانی سنگ راہ
یاد عیسی کام لب دمساز ہے | جو نفس ہے سو دم اعجاز ہے
آس ملنے کی نہین مرنا محال | ہر طرح سے ہم ہین محروم وصال
چارۂ و تدبیر کا امکان نہین | درد اپنا قابل درمان نہین

بیوفا میری وفا سے ہین گواہ
فتنہ گر طرز ستم کے داد خواہ
کام کی تلخین مری ناکامیان
ہو گئین نام اسقدر بدنامیان
ابتدا سے جان پر کھیلا کیے
جا بجا قصہ مرا مشہور ہے

چارۂ غیر از صبر خاموشی نہین — بے زبان کو حکم سرگوشی نہین
کم نگاہ و کم نما بے دید ہے — بیمروت بیوفا بے دید ہے
حال ابتر کو دکھاؤن کس طرح — ماجرائے غم سناؤن کس طرح
التماس شوق نظرون مین محال — ناتوان ہین پر نہ دیکھے میرا حال
نکلے باتو نہین اگر منہہ سے دھوان — شعلۂ رخسار ہو آتش زبان
شعر سے زینت فزای خم ہو زلف — موشگافی گر کرون برہم ہو زلف
آئے گر کچھ ہو ذکر سے مین لفظ آہ — ہو مکدر سرمہ سے چشم سیاہ
سرگذشت قیس محرومی مآل — گر کہون کچھ کچھ کہ ہے سب حال
یون کہے وحشت فزا افسانہ ہے — ایسی باتین جو کرے دیوانہ ہے
تھی زبس عاشق مجاز و دلفروز — نام لیلی ہے سیہ رو تیرہ روز
ذکر شیرین کس مزے سے ہو نمط — پر سر فرہاد پر جانا غلط
داد انصاف دل خارا شکن — بیگنہ پرویز و مجرم کوہکن
وصل شکر تہمت لذت فزا — تلخ کامی ہائے شیرین افترا
اور انداز ستم گیا کیا کہون — کیا کرون ہو پاس اوسکا کیا کہون
اور یان تو ننگ ہے نام آوری — شان و شوکت ہو خرابی ابتری
ہو چکی ہو کیسی رسوائی مری — شہرہ ہے ہنگامہ آرائی مری
وحشیان عشق مین سرخیل ہون — خانہ بربادی مین رشک سیل ہون

رک گیا دم کیا کرے ناچار ہے | گر نہ نکلے ٹھہرنا دشوار ہے
لب پر آیا قصۂ درد آفرین | دل سے نکلے نالہائے دلنشین
بہر استقبال آتا ہے اثر | گفتگوئے غیرتِ آہِ سحر
بسکہ اک رشک پری جانانہ ہے | ہمدم افسون ہر افسانہ ہے
کیا فسانہ جس سے خوب آزار ہو | فتنۂ روز جزا بیدار ہو
داستانِ عاشق حرمان نصیب | سرگذشتِ نا امیدِ ناشکیب
حیرت افزا ماجرائے شوق ہجر | انتہا و ابتدائے شوق ہے
یہ معما کون سمجھے بن سکے | عقل بھی میری طرح حیران رہے
وہ جو قصہ رہ گیا ہے ناتمام | جب تلک اوسکا نہووے اختتام
ابتدا اسکی سمجھ مین آئے کب | فہم سامع مدعا کو پائے کب
کون سا قصہ وہ خواری کا بیان | اس سے پہلے مثنوی کی داستان
یعنے جب قاصد پھر الیکر جواب | لفظہائے معنی و مضمونِ عتاب
آس ٹوٹی سن جواب جان گسل | نکلی وہ پیمان شکن پیمان گسل
اوڑ گیا رنگِ امیدِ چارہ جو | نا امیدی کی بر آئی آرزو
ہائے ہجر آرزو ہائے وصال | جان سے گذری تمنائے وصال
سر اوٹھایا خاطر مایوس نے | پانون پھیلائے کفِ افسوس نے
چشم سے ٹپکے سرشکِ لالہ گون | فوج حرمان نے کیا حسرت کا خون

جور و افغان نے اوٹھایا ہے ستم [illegible]
نفس نکلا ہے لب تک جب ہی جب [illegible] نہین
[illegible] آہ کی [illegible] گفتگو
[illegible] نالہ [illegible] جان [illegible]
[illegible] افسانہ [illegible] خواب و خیال
[illegible] امید و [illegible] آنکھون مین [illegible] وصال
داغ دل ہمراہ اشک [illegible] کھلا
خار خار رنج نے [illegible] کی اسرار
دل نے پائی جرم الفت کی سزا
جان نے چکھا [illegible] کا مزا
صد خلش خار و [illegible] جان مین ہوئی
[illegible] گریبان مین ہوئی
[illegible] سلسلہ جنبان ہوا
جوش وحشت [illegible] ویران ہوا
یاد وہ آیا وہ [illegible]

جان بیطاقت ٹھکانے لگ گئی
ضعف کی محنت ٹھکانے لگ گئی
دیکھ جوش وحشت بر و اضطرار
[illegible] تسکین و قرار
آہ و افغان سے دم آیا ناک مین
جی کدورت نے ملایا خاک مین
جلوہ اوس بیدرد کا نظرون مین چھا
جس طرف کو دیکھو دیکھا [illegible]

دل نہ ٹھہرا [illegible]
ہمدم بیتاب [illegible] جان [illegible]
ہم نفس صبر و [illegible]
ہمدم لب [illegible]
وصل کی [illegible]
دل گدازی سی [illegible]
اشک سے آنکھون [illegible]

مجلس

بھر گیا جی آسمان کا جور سے
دل کو خالی کر چکا ہر طور سے
شور آہ و نالہ سے گھبرا گیا
پاس بدنامی فلک کو آ گیا
باز آیا چرخ اپنی چال سے
جب گذر گئی چند روز اس حال سے
سہل نزع سخت دل دشوار زیست
اختیار مرگ مین ناچار زیست
صبح کی پوچھی کہ چھاتی پھٹ گئی
کل گیا دن بھی کہ شب کٹ گئی

دل گیا جوش اثر کا
طالع برگشتہ آئے راہ پر
اُف رے دعوی آہ عالم سوز کو
یون پھرے کس عاشق بر روز کو
پیر و خواہش حصول آرزو
کیا اجابت کو دعا کی جستجو

مجلس احباب سے نفرت ہوئی — بیکسی سے گرمی صحبت ہوئی
کینۂ یاران دل غمناک مین — پرسش احباب سے دم ناک مین
باغ و بستان مجلس ماتم لگے — کنج خلوت کے سوا جی کم لگے
وحشت و سودا بلاے خانگی — گوشۂ تنہائی و دیوانگی
گہ خیال چشم مین حال خراب — اشک میگون سے سیہ مست شراب
گہ فراق طرہ سے چین جبین — گاہ فکر زلف مین دل شانہ مین
یاد کو مین دوڑتے پھرنا کبھی — آپ اپنے پانون پر گرنا کبھی
شوخی وحشت سے گھبرایا کرون — جان کھونے مین مزا پایا کرون
جب تصور آئے ہون مین پائمال — اوسکو اپنے زعم مین دکھلاؤن حال
صبح سے تا شام جون مہر منیر — دمبدم رنگ رخ و حالت تغیر
شام سے تا صبح جون ماہ تمام — چشم کو آسودن و خفتن حرام
نصف شب ہم گردش امسال و تار — دورۂ خور نیمۂ نصف النہار
مہر و مہ داغ وفای روز و شب — روز و شب حسرت فزای روز و شب
آئین یہ راتین دلے جیتے رہے — روز بد دیکھے بھلے جیتے رہے
جسم سے طاقت نہ پہونچے تا بگور — سخت جانی نے جتائی اپنے زور
زندگی باقی تھی ورنہ مر مر گئے — کٹ گئی پر کیا کہون کیونکر کٹے
ہر نفس سو سو دم خنجر ہوا — مین خیال سر بریدن مین مرا

خضر نے گمکردہ رہ کو لے لیا
حاصل مطلب نے مطالب ایک
[illegible]

ہر نفس رشک نفسہاے نسیم | جلوہ گر اوس غیرت گل کی شمیم
خم حضور قامت خم قد سرو | خندہ در رفتار جون کبک تدرو
ہمزبان طوطی شکر فشان | اوس لب شیرین سے گویا ترجمان
چشم و طرز دل نوازیہاے یار | صد نگاہ آشنا بیگانہ وار
دیر لب حرف بشارات و نوید | خندۂ منت فزا جون صبح عید
گوہر افشانی لب گفتار سے | یہ پیام اوس لعل گوہر بار سے
اے خراب اے بیحیاے نابکار | اے ذلیل اے مضطرب اے بیقرار
اے ہوس آمیز رنگ عاشقی | دشمن ناموس و ننگ عاشقی
اے پشیمانی پسند اے بے تمیز | اے دل آزار و دل آرام عزیز
اے قتیل و قاتل صد آرزو | اے ستمگر اے ستمکش اے عدو
اے نصیحت ناشنو اے بے شعور | اے زبون اضطراب اے ناصبور
اے قرار اضطراب اے ناشکیب | اے مصیبت بہرہ اے حسرت نصیب
اے قبول شوق و شواری پسند | اے پسند وحشت خواری پسند
اے خراب حالت عبرت فزا | اے مطیع حسرت فرمان روا
اے عدوے عقل و ہوش اے بیحواس | دور تھا تو پر نہ آیا میرے پاس
یہ سمجھا نا سمجھ کیا ہووےگا | ساتھ میرے کون رسوا ہووےگا
کیسے خوش تجھ کو ملامت ہووےگی | کیسے نازک پر قیامت ہووےگی

وجہ نفرت یہ کہ وہ آتش عذار
دور ہی سے خوشنما تھی جون شرار

پاس سے دیکھا تو بس دیکھا نجاے
ہر نگاہ منفعل آنکھین چرائے

غم سے جی چشم غلط بین کا جلا
چشم بد دور ایک رشک صد بلا

دل ہوا سرد اختلاط گرم سے
بجھ گیا جی جوشش آب شرم سے

لاف الفت کی ندامت ہای ہای
آپ اپنے پر قیامت ہای ہای

جب نم سے دیدۂ نم منفعل
مجھ سے دل مین دل سے باہم منفعل

قدر ذوق حسرت عشاق کی
حسرت ناکامی مشتاق کی

پاس خاطر دارے طبع نفور
دلبریہائے غم اپنے سے دور

دل سے نقض عہد و پیمان کی قسم
دمبدم جان پشیمان کی قسم

وصل مین رنج جدائیہای ہجر
شکوہ ہاے کم نمائیہاے ہجر

گرمجوشی ہو جب دل تفتگی
آمد اوسکی باعث خود رفتگی

شوخیان رشک رم صبر و شکیب
کیا بلاے جان وہ شکل مہیب

شعلۂ دوزخ رخ انور کی تاب
جس سے ہر مومن کو واجب اجتناب

جبہ یا صبح وداع مہ جبین
رو سیہ پر تیرگی ظاہر نہین

گر وہ اک دلتنگی مایوس کا
ہر شکن خط تھا کف افسوس کا

موے سر سے شام غربت سفید
ظلمت شبہاے ہجران صبح عید

دیدۂ حیران سے رخ بے آب تر
زلف عاشق سے کہین بیتاب تر

یون سفیدی مین سیاہی کم نما
نرگس بیمار مرنے کے قریب
شوخی مژگان خرام ناشکیب
یا شکستہ کشتی محراب خراب
یا نیام محمل فرسودہ غبار
رنگ خوردہ چشم تیغ بیگون
ابرو سے ہوے ظاہر جلد یون
جوہر اشک دود آہ بو الہوس
طرہ یار و زنہار بو الہوس

جون بیاض صبح صادق مین نما
ہر نگاہ تیز تیغ بے نما
غیرت تیر [illegible]
خانۂ چشم ایک صحراے خراب
[illegible] چشم خوردہ آب
گوشۂ چشم با فسون فتنہ [illegible]
وہ مثلث جسکا [illegible]

[illegible]

وصف ساعد کا جو دھیان آجائے ہے
خامہ بھی ہاتھون سے نکلا جائے ہے
[illegible]

رشک نفخ صور آواز بلند
خندۂ صبح قیامت زہر خند

کیا کریہ الصوت جیسے شور رعد
شہر پر بجلی گرے ہنسنے کے بعد

خانۂ دشمن مین آواز حبیب
کوچۂ جانان مین غوغای رقیب

فصل فروردی مین فریاد زغن
بہمن و دی نغمۂ مرغ چمن

شاکی ہجران کی لب پر ہای وصل
نالۂ مرغ سحر شبہاے وصل

دام مین ہنگامۂ مرغان باغ
استخوان ہاے ہما پر شور زاغ

نالۂ آوازۂ گم کردہ راہ
شہرۂ فرمان قتیل بے گناہ

شورش واعظ دم وجد وسماع
پای جانان کی صدا وقت وداع

عاشقون پر ناصحون کا ولولہ
محتسب کا میکدہ مین غلغلہ

آہ وزاری نوجوان کی نعش پر
وہ صدا ان سب سے نامطبوع تر

اوس ذقن کو کسنے باندھا ہی کنوان
چاہ بابل کے اوٹھا دل ہی دھوان

کیسی گردن جسکے آگے دم بدم
ہووی گردن ناقۂ لیلی کی خم

پائی گردن مین جو اوس گردن کی بات
اونٹ کو کہتے ہین لٹ این کی بوات

عاشقون کو جلوہ اوسکے دوش کا
چارہ درد حسرت آغوش کا

دیکھ لے شانے کو اوسکے گر کہین
چھوڑ دے بس شانہ بینی شانہ مین

کیا عفونت آشنا بوے بغل
سبزۂ بیگانہ وہ موے بغل

سونگھے سوکھے ساعد و بازو ستم
جیسے وہ خار مغیلان ہون بہم

[illegible]

اوسکی جو چونی تھی سو معیوب تھی
سینہ صافی کتنی نامرغوب تھی
پر نمائش ہو سکے چینی سے منفعل
بار یک پیٹی سے تارزنار
کیا رگ خواب پریشان سے خجل
سنبلستان ترحم گیسوے ناف
نافۂ مشکین ہم موسے ناف

[illegible]

کیا تصور نے کیا ہے کام زہر ‏— کاسۂ زانو تھا گویا جام زہر
پھر وہ صوان اوٹھا دلِ مشتاق سے ‏— جل گیا جی یاد شمع ساق سے
پیٹھ کچھوی کی بعینہ پشت پا ‏— خار ماہی رشک ہر انگشت پا
پنجہ ایسا جیسے پاے عنکبوت ‏— ناخن اوسکے پردہ ہاے عنکبوت
وہ کفِ پا کسقدر نفرت فزا ‏— کون چھیڑے اوسکو جنہ وزو حنا
رشک تیغ اصفہانی قدِ خم ‏— خلق کا ہیبت سے نکلا جاے دم
کجروی ظاہر ہے اطوار سے ‏— فتنہ برپا صدمۂ رفتار سے
شور آواز قدم افلاک تک ‏— چونک اوٹھے خفتگان خاک تک
خانہ بربادی کو غم مین خاص و عام ‏— خاک مین ملجاے یہ طرزِ خرام
لطف تو یہ ہے کہ اس صورت پہ ناز ‏— گرمیِ خو آتش عالم گداز
بے محابا دعویِ حسن و جمال ‏— جوش لاف جلوہ ہاے بیمثال
سب کچھ ہم عشق سے جور و جفا ‏— بوالہوس سے بھی تمناے وفا
ابلہی سے دعویِ عقل و شعور ‏— اپنے نزدیک آپ کو جانے ہے دور
باتین اوس احمق کی ہین کیا کیا کہون ‏— طعنہ ہاے سامعین کبتک سہون
کب تلک اپنی خرابی کا بیان ‏— بیوقوفی بے حجابی کا بیان
وسعتِ تقریر سے تنگ آگیا ‏— آدمی ہون مجکو بھی ننگ آگیا
بندھ گیا دل مین تلافی کا خیال ‏— ذلتِ نقصِ نظر کھینچے کمال

ایک سے اک آتشین رخسار تر — ایک سے اک دلربا دلدار تر
اونمین اک رشکِ پری محسودِ حور — سب بلائین سی لگین جسکے حضور
اوس پری رخسار پر دل آگیا — جلوۂ پنہان نظر مین چھا گیا
ہو گیا کیسا ہوا عزت کا پاس — رنگ کے ساتھ اوڑ گئے ہوش و حواس
جانبِ چلون نظر جو جا پڑی — ایک بجلی تھی کہ جان پر آپڑی
ایسے رخ کی تاب کیا لائے نظر — اسلیے تھا پردہ تا آئے نظر
ورنہ کیونکر چھپ سکے ایسی چمک — پردہ کھل جائے تو حائل ہو فلک
تھی تجلی طور کی چلون کی آڑ — کیا کہون تنکے کی اوجھل ہے پہاڑ
چشمِ حق بین کو ہے مشکل امتیاز — یان حقیقت کھل گئی کیسا مجاز
جلوۂ پنہان نمایان ہو گیا — وعدۂ محشر وفا یان ہو گیا
دیکھکر وہ جلوہ ہاے دلفریب — ہو گئی غش میری جانِ ناشکیب
مین تو کیا تھا جو نہوتا ہاے غش — ہو تو موسیٰ کو مکرر آئے غش
میری بیہوشی سے ہوش آیا اوسے — خوب خاموشی نے سمجھایا اوسے
پاے بندِ غم ہوئی وارستگی — کھل گئی بیتابی و دلبستگی
مخبرِ انداز نظارہ ہو گیا — رازِ پنہان آشکارہ ہو گیا
کان کھوے اوسکے جوشِ آہ نے — قدر افزون کی غمِ جانکاہ نے
بیگمان دردِ نہان آیا یقین — جان نثاری ہو گئی سببِ دلنشین

بے زبان پاسخ دہ دندان شکن
دل شکن خاطر شکن پیمان شکن

ناسزائے لطف و شایان جفا
خوگر آزو پشیمان وفا

شور بخت لذت وصل مدام
تلخ عیش و تلخ روز و تلخ کام

خاک راہ حسرتِ مشکل پسند
از نظر افگندہ بخت بلند

دردمند زحمتِ بیچارگی
ہرزہ تاز کوچہ آوارگی

تختہ مشق فکرتِ ابلہ فریب
ہمرہ خطا اندیشہ ہجران نصیب

دورگرد بارگاہِ عاشقی
کج خرام شاہراہ عاشقی

سخت نافہم ادائے دل فریب
بے تمیز نازہائے دل فریب

ترک صحبت گفتنی آزردنی
کشتنی دل خستنی خون کردنی

خاطر مہر آشنا کو کیا ہوا
کیا ہوا تیری وفا کو کیا ہوا

سنگدل نکلا تو اور ایسا غضب
عہد سارے توڑ ڈالے بے سبب

ہائے تو بیدادگر مین دادخواہ
یہ ستم کرتا ہے کوئی بیگناہ

یون اذیت میری چاہی واہ واہ
واہ واہ اچھی نباہی واہ واہ

چھوڑ دینا تھا تو کیون رسوا کیا
کیا کیا اے بیمروت کیا کیا

وہ موکد عہد و پیمان کیا ہوئے
وہ مواثیق صد ایمان کیا ہوئے

کیا کرون دل سخت نکلا آہ تو
مجھسے یون سختی کرے اللہ تو

بیدلی کس باوفا دلدار سے
بے رخی اور بہ مجھسے مہ رخسار سے

دیکھون کیا ہوا وسمین جو مجھمین نہین
کیا ہوا ہوا وس مین جو مجھمین نہین
اب بھی آجلنے دے او سکے ...
دلفریبی ہے لگاوٹ پیار بھی
ان ستم کیشون مین غمخواری نہین
ایک مین مجھسے وفاداری نہین
ہین یہ ظاہر دار یاران دو چار دن
اور محبت بھی ہوئی دو چار دن

(۲۵)

مین بھی دیکھون وسکو جسکو دل دیا
اوس مین ہے کیا بات بتلا دو ذرا

نکتہ سنج و نکتہ فہم و نکتہ چین ہم نفس ہمدرد و ہمدم ہمنشین
چارہ ساز دردمند لا علاج دلنواز عاشق نازک مزاج
مجتنب ہم بزمی غماز سے محترز حرف خلل انداز سے
خوردہ گیر دلبر خواری پسند بوالہوس دشمن وفاداری پسند
باعث آرام جان ناشکیب کام بخش عاشق حرمان نصیب
مہربان مہربانی پیشگان قدردان جانفشانی پیشگان
کیا کہون تجھ سے کہ مجھپر کیا بنی دل گیا کس طرح کیسی آ بنی
شرم آتی ہے مین گو معذور ہون اختیار اس مین نتھا مجبور ہون
اک پریوش سبز رنگ و سبز پوش جسکے آگے حور کے اوڑ جائین ہوش
دیکھکر وہ جلوۂ جان آفرین زہر کھائے سبزۂ خلد برین
ماتم لیلی مین مجنون شاد ہو نوحہ خجلت سے مبارکباد ہو
چرخ مینو مضطرب آن آن مین خضر ڈوبے چشمۂ حیوان مین
رنگ سے اوسکے مشابہ ہے زبس مہر کو ہے مہ کے ملنے کی ہوس
زور سے ترک نگہ دل چھین لے چشم کافر دل سے پہلے دین لے
غمزۂ جادو بلا اعجاز اثر بانیِ عابد فریبے ہر نظر
گر اشارہ کچھ بھی اوس ابرو کا پائے سجدے کرتا بس امام شہر آئے
گر کرے ایما ذرا وہ مست ناز طائف میخانہ ہون اہل حجاز

۲۵۵

پیش چلتی کچھ نہ تھی مجبور تھا
دل نہ تھا اوس کو مین مقدور تھا
حال بگڑا جاتا تھا ہر آن پر
بنے طرح سی بن گئی تھی جان پر
اب بہت مضطر ہے جان ناشکیب
کب تلک آخر ہون حرمان نصیب
بس یہان زور آزمائی ہو چکی

کر سکے استقبال وہ ماہ تمام
پیکئی بار سے مجھے بالا سے بام
ہو پہنچے ہم یون منزل مقصود کو
آفرین ہے طالع مسعود کو
آئی کچھ تثلیث زہرہ کی نظر
جو ہین اوس گھر مین ہوا میم الکز
آسکے تو تم تجھ بن اسیر کے پاس
وہ زبون طالع کری اختر شناس
آج پوچھونگی کہ ہے بیتاب جان
کیا ہے بیچارگی کا راز نہان

ہستی نی یہ گردش چرخ کبود
اختر عاشق کو ہوا تب سعود
دیکھا اوج منجم نے سخن
جاہ کیوان پر عطارد طعنہ زن
پایہ بالاتر از عرش برین
خاک کو یون کردیا کرسی نشین

وہ اگر چاہے تو ملنا کیا محال | اوس سے استدعا کرون نہین کیا محال
بس نہین چلتا مرا ناچار ہون | دیکھتا حسرت سے سو سو بار ہون
بن ملے آخر رہا جاتا نہین | صبر کرتا ہون مگر آتا نہین
اس جگہ حیران ہون مین کیا کرون | کیا کرون نہین کیا کرون نہین کیا کرون
ہنس دیا اوس شوخ نے پڑھکر جواب | گریۂ غم کی بڑھی یون آب و تاب
بات سے ظاہر نہانی دلدہی | روز افزون مہربانی دلدہی
دلفریب اللہ وہ عیاریان | میری خاطر سبکی خاطر داریان
گاہ گاہے شعر پڑھوایا کرین | وصل کے مضمون سے شرمایا کرین
تذکرۂ ہجر انکے دل پر شاق ہو | حسرتون کے ذکر سے مشتاق ہو
گاہ چلون سے دکھا دیوین جھلک | یہ عنایت جھپکے ہی آنکھ ابتلک
بدگمانی گاہ عشق غیر کی | کثرت الفت سے باتین بیر کی
گاہ باور التماس اضطراب | شوخیِ بیجا کو پاس اضطراب
گاہ وہ نالائقی پر طعنہ زن | عیب جوئی حسن معشوق کہن
عمر رفتہ پر کبھی افسوس ہو | تا نہ دل پھر اوس سے کچھ مانوس ہو
ایکدن ناگاہ وہ خورشید فام | جلوہ گر خورشید سان بالای بام
وحشی السیر اضطراب شوق سے | محرق جان سوز و تاب شوق سے
آرزو دل مین قران تیر کی | اسلیے پہلے سے یہ تدبیر کی

[illegible]

[illegible]

بوسہ و آغوش کا عالم رہا | کوئی عشرت کا تقاضا کم رہا
عہد و پیمان وفا باہم ہوئے | وعدہ ہائے وصل مستحکم ہوئے
میرے گھر اقرار آنے کا کیا | قول اوس نے پھر نجانے کا کیا
وقت رخصت مضطرب ہونے لگی | دیکھکر حسرت زدہ رونے لگے
آئے کب وہ گر نہو لوگون کا پاس | ذکر سے جاتے رہے جاتی تھے حواس
جوش آیا کسمسا کر رہ گئی | تا بدامن ہاتھ لا کر رہ گئی
چلتے چلتے کہدیا جلد آئیو | کچھ بہانا ہو نہو ہو جائیو
دمبدم میل طبیعت ہو زیاد | جو مراد اپنی وہی اوسکی مراد
شام ہجران بیخودی سودای وصل | روز افزون رغبت شبہای وصل
جی سوا خلوت سے گھبرانے لگا | صحبت دشمن مین فرق آنے لگا
مضطرب رکھنے لگی آوارگی | صاحبی اور اس قدر بیچارگی
دیدۂ مشتاق مائل سوے در | حسرت نظارۂ پیغامبر
ہر کبوتر دیکھ سکر ہو بیقرار | پاس ناموس اوڑ گیا بس ایکبار
لے فغان زاغ سے وہ بے سکون | بلبل شیدا کے آنے کا شگون
سوز غم سے ہر زبان جلتی رہی | یاد دل گرمی مین جان جلتی رہی
گفتگو سب ہمدمون سے چھوڑدی | بات کرنی محرمون سے چھوڑدی
آخر اس احوال کا چرچا ہوا | راز پنہان بن کے افسانہ ہوا

دست بر دنالۂ افغان ستم | کنج عزلت مین ہجوم درد و غم
لب گزا تر ہجر سے ذکر وصال کی | دشمن جان دوستداری کا خیال
یاد مین کوٹھے کے لوٹون خاک پر | سر زمین پر اور دماغ افلاک پر
دھیان اوسکی جانفزا آواز کا | کان کا پردہ تھا پردہ ساز کا
لب گزیدن لذت آمای شکر | اب تلک محسوس بوسہ کا اثر
وصل کی خواہش بھری دل مین تمام | ہر ادا اپنا ادا کرتی تھی کام
جس تمنا کا اوٹھایا تھا مزا | وہ زیادہ تر ہوئی حسرت فزا
تلخ کامی نیشکر کھا کر ستم | بے مزا ہونا مزا پا کر ستم
ہنستے ہنستے اشکباری ہای ہای | بعد راحت بیقراری ہای ہای
چارہ دان و بیدوائی حیف حیف | کامیاب و بینوائی حیف حیف
وجہ کھلجاتی تو عقدہ باز تھا | عذر رشک افترا پرداز تھا
لیک ناگفتہ حکایت رہ گئی | حرف شکوے کی شکایت رہ گئی
اب بھی ملجائے جو ملجائی کہین | جذب دل یان تک دسہلائی کہین
کاشکے تاثیر جان بے قرار | ایک دم اوسکو نہ لینے دی قرار
کچھ اثر کو پاس ننگ نام آگے | کارگر ہی درد دوری کام آئے
پھر صفائی سے بنے آئینہ دل | پھر نہ دیکھے روے زنگ کینہ دل
پھر پھرین دن عاشق سرگشتہ کے | شکوے کم ہون طالع برگشتہ کے

پھر وہی باہم ملاقاتین رہین
پھر وہی گوشش آشنا باتین رہین
پھر مرے پہلو مین دلبر بیٹھ جائے
فتنہ جو اوٹھا ہے تھک کر بیٹھ جائے
پھر کرے وہ مہوش دل سوزیان
پھر شب عشرت کی ہون ہمروزیان
پھر ہو گرمی صحبت دلدار کی
پھر بڑھے جان تپان اغیار کی
پھر وہی چشم حیران کا تماشا دیکھون
پھر فروغ ماہ سیما دیکھون
پھر دل آزاری سے بھی ہمراز ہو
پھر وہی میلان طبع یار ہو
گوشۂ چشم وفا آ[illegible] ناز
پھر نگاہ آشنا سے ناز
جانفزائی اوسکی دلداری کرے
غمزہ پھر ایذای غمخواری کرے

[illegible] کی باتین کہین عشوہ عتاب
[illegible] کیا کیا اوس خلل انداز [illegible]
جان و دل [illegible] ہو آرام [illegible]
[illegible] نسب [illegible]
ابتدا بھی [illegible] جو ہوئین
بلکہ دل مین رہ گئی [illegible]
وہ ہی [illegible] لعل لب [illegible]
[illegible] طالع [illegible] یار [illegible]
[illegible] نصیب [illegible]
[illegible]

کب تلک بس بے نیازی کب تلک | کب تلک دشمن نوازی کب تلک

کب تلک بے جرم پر جور و جفا | بے سبب آزردگی کیوں بیوفا

کب تلک بیوجہ پیشانی میں چین | آخر اس محروم کا تو دل نہیں

تلخ گوئی تند خوئی کب تلک | انتہا بھی سرکہ روئی کب تلک

کب تلک مد نظر اظہار خشم | انتقام شور الفت زہر چشم

دعوئ غفلت سگالی کب تلک | لافہائے لاابالی کب تلک

کب تلک جلادی و غارت گری | کب تلک عاشق کشی کین پروری

عار و ننگ زیر دستی کب تلک | کب تلک بدگو پرستی کب تلک

کب تلک نا عاقبت اندیشی آہ | کب تلک نا فہم کافر کیشی آہ

کب تلک جرم بد آموزی معاف | جابجا ابلہ فریبی گاہے لاف

رحم نا انصاف کب تک واخواہ | واجب التعذیر کب تک بیگناہ

کب تلک ترک دلاسا کب تلک | کب تلک یہ ناز بیجا کب تلک

تیری بیزاری سے جی بیزار ہے | سخت کوشی نیم جان پر بار ہے

تیری باتوں سے ہوں پامال ستم | خاک سر پر خار ہیں زیر قدم

موت سوجھی بے نگاہ التفات | پھر گئیں آنکھیں تری آنکھوں کے سات

لاگ لب کو وا شدن سے لگ گئی | چپ تری ترک سخن سے لگ گئی

بات بگڑی سب بگڑنے سے ترے | بن گئی بے ڈھب بگڑنے سے ترے

مومن اتنی بیقراری کس لیے

زبان سنگدل کا بھی جو جادو
زبان کو شعلہ و دوزخ بنادے
اثر دے نالۂ افلاک رس کو
وہ علم نفی کر ہم پا ہر نفس کو
کہ ہو موج سخن کا دم بھرے یون
تموج سینہ سے طوفان کرے یون
کمند نالہ کو دے سا چین ہو
بندھا امید آہ حسرت آلود
ہو وحشت رہے لیلی سے مانوس
کرے صحرائی مجنون میرا پابوس

نا امیدی اس قدر کس واسطے	شیون شام و سحر کس واسطے
آیۂ لا تقنطوا تو ہو گی یاد	قول حق پر کیون نہین ہی اعتماد
ساتھہ دل کے کھو دیا کیا دین بھی	نذر اوس بت کی کیا کیا دین بھی
رحمت حق سے ہی کیون مایوس تو	کافر ایسا ہو گیا افسوس تو
نالہاے نارسا سے فائدہ	ان بتون کی التجا سے فائدہ
سنگ دل ہین انکو کیونکر آئے رحم	کس پر آیا ہے کہ تجھہ پر آئے رحم
مدعا بیدین دعا سے چاہیے	چاہیے جو کچھہ خدا سے چاہیے
ضبط آہ و نالہ فرما و کر	بھول جا سب کچھہ خدا کو یاد کر
پھر تماشاے نیاز و ناز دیکھہ	انتقام تفرقہ پرداز دیکھہ
رحم کن بر حال زار خویشتن	با خدا بسیار کار خویشتن

مثنوی ششم

نام و تاریخ این فشاغموم	نیست جز آہ و زاری مظلوم
الٰہی نالۂ اخگر فشان دے	فغان شعلہ ریز و خونچکان دے
عنایت کر مجھے آتش زبانی	کہ لب تک لا سکون سوز نہانی
دے اتنی گرمی طرز تکلم	کہ ہو غرق عرق برق تبسم
جھڑین باتو نہین میری منہہ سے وہ پھول	کہ جائین شعلہ رو گلریز کو بھول

مری حالت پہ رحم آجائے اسکو
عدو کی تلخکامی بھائے اسکو

مرے سوز دروں سے چشم تر ہو
نگاہ حسرت آلا پہ نظر ہو

اوٹھا دے پردۂ روے منور
کرے روز سیہ کو صبح محشر

وہ سوچے تپ دل تفتگی کی
خبر رکھے مری خود رفتگی کی

تمیز عشقبازی نکتہ رس ہو
تغافل صرف ارباب ہوس ہو

دم رفتن قیامت کا جو ہو ذکر
جواب خون مومن کی پڑے فکر

کرے درمان بیمار محبت
نہ سمجھے سہل دشوار محبت

مرے اقرار ذلت کو نہ مانے
مری نالائقی کی قدر جانے

کرے ہر ہر طرح عاشق نوازی
مرے اشعار سے ہو نغمہ سازی

مرا احوال سن لے گوش دل سے
نہ گھبرائے فغان متصل سے

کرے بیداد دوری کی مکافات
نکالے کوئی تدبیر ملاقات

سہے گرمی تو پیمانے کی میرے
قسم کھائی تو غم کھائیگی میرے

الٰہی کیا کروں خود کام ہے وہ
بت غارت گر اسلام ہے وہ

تعجب کیا دعا کی ناشکیبی
اثر ہونے نہ دے عابد فریبی

نچھوڑے وہ صنم ایمان کسی کا
بنائے داغ جبہہ شیخ ٹیکا

اگر قشقہ نگہ چاہے سوے چرخ
تو کر دے مشتری کو ہندوی چرخ

اگر لاف ورع ہو ورد دیندار
بنا دے وہ رگ گردن کو زنار

[illegible] فضائے [illegible] کلے اپنے شہیدوں [illegible]

[illegible] جسے [illegible] مرادی کا اوس [illegible]

[illegible] مسلمانوں [illegible]

کہے کفار کو مومن وہ [illegible]

[illegible] صفت [illegible]

مری الفت چھپائے [illegible]

[illegible]

[illegible] عاشق [illegible] عذاب

اگر ارض و سما کا ذکر آجائے [illegible]

[illegible] کا نام

[illegible] کا کام

دم رفتار جو ہو [illegible] امواج

[illegible]

عذاب اندیشہ ہجران کو جانے
جہنم آتش ہجران کو جانے

کہے کوچہ کو فردوس برین وہ
پری رویون کو جانے حور عین وہ

الٰہی غیرت شان الٰہی
بچا نے سہل مومن کی تباہی

مصیبت ہے بلا عشق بتان کی
کہان بندے مین طاقت امتحان کی

کہان تک بے نیازی کبریائی
نہین اب تاب ایمان آزمائی

وہ بت دیتا ہے طعنہ کس ادا سے
کہ اب تم چاہتے ہو کیا خدا سے

گذر اوس گھر مین جو ہی رشک جنت
ملا معشوق مجھسا حور طلعت

غلط جلوہ ہے میرا شعلہ طور
جہنم مین گئی ہے کیا بلا حور

ہوا رحمت کو گیا کہ کیا ستم ہے
ترے بندے پہ بیداد صنم ہے

نہین زنہار شایان غیوری
غرور اوس بت کا ہے ری ناصبوری

جلال غنچہ پرور جوش مین آئے
تلافی کچھ مری خواری کی ہو جائے

یہ دن دکھلائے ہان قدرت نمائی
کہ صبح وصل ہو شام جدائی

کرے تزئین تو تشریف اسلام
دل و جان سے ہو وہ زیبا صنم رام

نکالے عرض ایمان مطلب اپنا
کرون آخر اوسے ہم مذہب اپنا

پڑھے کلمہ مرا وہ نامسلمان
مبارک باد دین کیا کیا مسلمان

ادا ہو احتساب پارسائی
بنے دیندار کافر ماجرائی

امام شہر کی تجدید ایمان
کرے کس کس طرح تایید ایمان

نہ نکلا ایک ارمان آہ میرا ‖ گیا جی مفت مین القصہ میرا

رہا خمیازہ فرسائی بر و دوش ‖ خمار بادۂ شوق ہم آغوش

شکر ریز فسون تھا حرفِ مطلب ‖ ہوئی بند التماسِ بوسہ مین لب

مری یہ شورشِ شیرین کلامی ‖ وہی لذت فزائے تلخکامی

نہ پہونچی خلوتِ دلدار مین گاہ ‖ ملے تو خانۂ اغیار مین آہ

ملے کیونکر نہ مژگان دستِ افسوس ‖ کفِ پا کے ہے سہلانے سے مایوس

نگیون ہو روکے بس اپنا کرے خون ‖ نہ رکھے چشم پر وہ پائے گلگون

جگر خون گشتۂ بیدستی و پائی ‖ نہ آئے ہاتھ وہ پائے حنائی

الٰہی ہاتھ میرے ٹوٹ جائین ‖ جو لیتے ہون اوس ستمگر کی بلائین

ہوا اک شب نہ مین قربان جانان ‖ کرون ایسے سیہ روزی کو قربان

چراغ بزم دشمن وہ دل افروز ‖ یہان پر آتشِ حرمان جانسوز

اگر اوس شمع رو کے گرد پھرتے ‖ تو پروانون کی نظرون سے نہ گرتے

متاع صبر و راحت گر تلف ہے ‖ الٰہی حق مرے دل کی طرف ہے

سکون کیا ہو سکون کی کون سی بات ‖ نہین وعدہ بھی کیا ذکرِ ملاقات

ملاقات اوسکو بھی ہے گرچہ منظور ‖ ولیکن کیا کرے ناچار و مجبور

اگر بھیجے تو کیونکر نہ بھیجے پیغام ‖ کرے کسطرح خود داری کو بدنام

غرورِ حسن سے آسان ہے دشوار ‖ بھلا مطلوب کیونکر ہو طلبگار

تمنا وصل کی کیونکر جتاؤن
پیام شوق کیونکر لب پہ لاؤن
کہون کیا وہ اوسے مین آرزو سے
کہ ملتی بھی ہین تو گھر مین عدو سے
کہان سے لاؤن وہ پیغام پرداز
کہ ہو اوس شوخ کا بھی محرم راز
وگر نہ ہم طرح نازنین ہے
کہ گھر مین کیا نہین وہ بھی نہین ہے

ذرا امیر ابھی سنکے جاے پیغام — نہیں آتے ہیں کیا ناکام کی کام

کرے پیکان مین اوس گل کی اظہار — یہ راز عندلیب تو گرفتار

کہ ظالم کب تلک غفلت شعاری — ذرا بیخود کی اپنے پاسداری

کہاں تک سینہ سوزیہای ہیجا — غضب ہے پک گیا ہے میرا کلیجا

کہاں تک مشق ناز بے نیازی — خط باطل ہے کیا عاجز نوازی

کہاں تک بید ماغی سرگرانی — کہ جان ہے پائمال ناتوانی

کہاں تک دورباش جور و بیداد — ستم ہے انتہا ہے نالہ فریاد

کہاں تک صرف ہمت کست زمین — نہیں اب خاک بھی غیر از گھر مین

کہاں تک کثرت عشاق کی فکر — کبھی تو کچھ بھی اس مشتاق کی فکر

کہاں تک طرز بے پروا خرامی — قیامت کو ہے لاف نیکنامی

کہاں تک خواہش عشق نسا بس — عذاب غیرت لذت فزا بس

کہاں تک ضبط جوش نوجوانی — ہوس مرحوم لطف زندگانی

کہاں تک جبر دل بر اختیاری — طبیعت کیا نہیں راغب تمہاری

کہاں تک پاس رسوائی کہاں تک — مری فریاد پہونچی آسمان تک

کہاں تک وہم دامن کب پاپاک — کہ داغ خون دمی دونوں ہین مایاک

کہاں تک دور اندیشی سود و سواس — ہجوم شوق مین کیا ننگ کا پاس

کوئی پیغامبر جو راز دان ہو — ادا فہم اشارات نہان ہو

وگرنہ کام آخر ہو چکا ہے — نہیں چارہ فراموش ہو چکا ہے

نہیں کچھ بھی امید زندگانی — ابھی اس کشمکش مین سخت جانی

دل بیخود رفتہ کو او سامان آرے — ابھی اگر نازش ہم گران اب

ابھی کچھ کہ جان مین جان آئے — تو یہ پامال دوری پھر کہان اب

نظر باز فریب چشم جادوس — اس آغاز محبت کا مآل آہ

محفل اعتماد و ننگ و ناموس — کہ ہو وے سو وصل سے پہلے وصال آہ

فنون خوان زبان بیمزی اعجاز

ذرا امتحان فریب و دو ناز

کہیں شاگرد چشم سرمہ فرسود

زبان دان نگاہ لطف

قرار ہمکناری نے ستایا | کنارے گور کے مجکو لگایا
خبر پایال غم کی اپنے تو تم | ملے ہم خاک مین اب تو ملو تم
غلام اپنا کیا بازی لگا کر | یہ کھل کھیلے نہ تھے کچھ داؤ کھا کر
نہ تھے صاحب کہ نکلے بے وفا تم | کہوین بھاگتا پھرتا ہون یا تم
عدو کی عشقبازی آشکارا | غرض سچ ہی کہ تم جیتے مین ہارا
نظر تیری پھری اے مہ جبین اب | وہ چشم مہر کا ایما نہین اب
کہان اے بدر سیما وہ ترحم | کہ ہون ہین راز دان میرا انجم
نہین کیا تمنے احکام آزمائی | انہین باتون نے تو یہ دن دکھائی
مجھے جب زائچہ تمنے دکھایا | قران ہی اول و ہفتم مین پایا
نہ زہرا سب سعادت پر تو انجم | رہین رونق فزای برج پنجم
سدا ساعت دبیر آسمان کی | ضمیر الفت حکیم نکتہ دان کی
ہمیشہ اختر بد طالع غیر | شرف بخش ہبوط و راجع السیر
نہین کچھ اعتبار دور افلاک | کہ اک گردش مین مجکو کردیا خاک
سیہ روزی کا جلوہ کس قدر ہے | کہ شام ہجر کی ظلمت سحر ہے
مرے داغ آفتاب عالم افروز | کہ جسکی روشنی ہی شام غم روز
یہ سب کچھ سچ پر اتنا بھی کہینگے | کہ جیتے ہین تو اک دن مل رہینگے
سلیمان ہمدم بلقیس ہوگا | قران زہرہ و برجیس ہوگا

اگر دو اظہار گر شوق ملاقات	تمھین اول تو گیا ہے شرم کی بات
نہ ہو کیون گرمی صحبت کا ایما	کہ مین پروانہ ہون تم شمع سیما
کہانتک بیوفا غفلت شعاری	خبر لے ہے بری حالت ہماری
مرے غوغا سے غل ہے آسمان پر	یہ کیسی آگئی آفت جہان پر
فراز عرش ہے شور تظلم	خدا کے واسطے کا قہر ترحم
اجازت دو دو دل کو اپنے گردون	اوڑھا کر پھینک دے بنیاد گردون
کہین شعلہ شرر افشان فغان کی	اور اڑا لین دھوئین جنت آسمان کی
مری آہین جلاوین خرمن برق	فغان سے رعد آب شرم مین غرق
مرے نالو نسے نالان ایک عالم	سبھی بیگانہ و احباب و ہمدم
مرے گریہ سے آب و رنگ طوفان	ترے گھر کے سوا سب شہر ویران
مرے غوغا سے شب ہے صبح گاہان	سدا دیوان مین شور داد خواہان
مرے ہاتھون سے سودا ظلم پیشہ	گریبان پاؤن پڑتا ہے ہمیشہ
رفو سازون سے وہ گستاخی دست	کہ جیب محتسب اور پنجہ مست
جنون کی کیا کہون زور آزمائی	جواب حرف ناصح ہاتھ پائی
بلا از شوخ تر گستاخ تر مین	کہین تمسے زیادہ خرقہ در مین
جہنم تاب حرف ہر جگر سوز	قیامت ہمنشین کی جان پر روز
سدا سودائیون کی طرح بکنا	در و دیوار کو حیرت سے تکنا

کچھ آپ ہی آپ مضطر ہونے لگنا
ہنسی کی بات مین بھی رونے لگنا
کبھی ہنسنا تو حال چشم تر ...
کبھی طعن رقیبون سے لگنا
کبھی شکوے نصیبون کے ہزارون
کبھی ہر ہر پیمان و وفا پر
کبھی قول و قسم ترک جفا پر
ہوس کے سطح بار سے مہربان ہم
کبھی کہنا کہ کیونکر آئے یان تم
کہ شوق وصل ہے اور بے نہایت
تصور سے ترے ہر دم جکاین

ہمیشہ نوحہ تا بوت چشم ...
[illegible]
سے آرام شوق وحشت کر دی

[illegible]

نظر ہے محو شوق گرم جوشی — نگر لے بیمروت چشم پوشی
یہ بے پروا ترے انداز کب تک — تغافل ناز ہے پر ناز کب تک
اگر ہے شوق بے اندازہ بیداد — بگڑ بلکہ کہ ہے یہ تازہ بیداد
مجھے بھی اک ذرا آجاے طاقت — تو شاید تاب پھر کچھ لاے طاقت
نہین اب قابل جور و جفا مین — سدا غش رہتے رہتے مر گیا مین
نجانو یہ تکانے دو ہرزہ تازی — نہ سمجھو کھیل میری عشقبازی
نہ بھولو اس قدر سنگین دلی پر — نہین فریاد سے کچھ مین بھی کمتر
نجاؤ آہ بے تاثیر پر تم — کرو تغییر حالت پر نظر تم
بدل جاتا ہے اک دم مین زمانہ — نہین اس چرخ کجرو کا ٹھکانا
نہ سمجھو یہ غرور جاودانی — کہ میری جانثاری جانفشانی
معاذ اللہ اگر سعجز نما ہو — تو بعد مرگ بھی کیا جانے کیا ہو
نہوتی خاک مضطر مین جو نافیر — نہ بنتا کشتۂ سیماب اکسیر
سرایت عشق کی وہ بد بلا ہے — کہ جس سے خاک مین عاشق بلا ہے
ہوئے جب ملتفت یہ سوی معشوق — تو کیا مشکل کہ بدلے خوے معشوق
کیے مین جذب دل نے کام کیا کیا — نہین تمنے سنا یا ماجرا کیا

آغاز داستان

پھری دیوانہ وار اک اک گلی مین ۔ یہ کیا سودا ہوا بس سود ہی کے جی مین
ہوا اس سے آتش سوز نہان تیز ۔ پڑھے اشعار کیا کیا درد آمیز
کوئی گر حال پوچھے تو نہ بولے ۔ نگہ بستہ مطلب پر نکھولے
سبب ہے دل ہی مین دل کی پہ عیان ۔ نکوئی رازدان اور رازدان سب
اقارب کو گلہ بیگانگی کا ۔ مین دیوانہ ہون اوس دیوانگی کا
احبا کو شکایت بلکہ سو بیر ۔ کہ ہمکو جانتا ہے بدگمان غیر
ہوئے ایک روز آخر سب فراہم ۔ پریشان گفتگو کرنے لگے باہم
یہ فکر باطل آشفتہ سری کی ۔ بلا لائی ہوئی ہے کس پری کی
بلا اک جنبش ابرو ہے کس کا ۔ اسیر حلقہ گیسو ہے کس کا
یہ کی کس چشم مشکین نے خرابی ۔ کہ ہے خود رفتہ جون رند شرابی
جلایا اس طرح کس شعلہ خو نے ۔ یہ دل وکھلا ہی کس خورشید رو نے
یہ فتنہ کسکی قامت نے اوٹھایا ۔ بلا مین کسکی زلفون نے پھنسایا
یہ کس دست نگارین کی ہے نیرنگ ۔ کہ رنگ خون بنا کچھ لائے ہے رنگ
لگایا آخر اک کافر پہ بہتان ۔ کہ وہ ہے آفت عقل و دل و جان
یقین کا نہ گمانی سے لیا کام ۔ کیا اوس بدگمان کو مفت بدنام
سمجھا سب غلط کو سچ بجانا ۔ ہوا یہ تذکرہ آخر فسانہ
کسے رسوائی سے نے جرم کی فکر ۔ جہان سنئیے یہی چرچا یہی ذکر

نظر بازی کرے مدنظر ہے
کہ پردہ ہی مین ہی شوخی بھی اگر ہے
کہان ایسی حیا پہ بے حجابی
پری سے ہو سکے دیوانگی کب
ہوا بے پردہ کب حسن نقابی
نکلتے پانون مجھ سے خانگی کب
کہان سے بینک کی چشم نادرے
اگر شہرت ہے کی پہ بے حجابی
کہ میرا جلوہ دیکھا کہو نے
کہ گھر بیٹھے ہوئی خانہ خرابی
ہوئی وہ سادہ رو حیران بہانے
زبس تھا اعتماد و بردباری
نہ جب تھا ورقی اور ورقی پہ حکایت
نہ چھپی تہمت آشفتہ حالی
علاج اب ہم کریں اخر بابک
ہوا تشہیر و فریب و دور کیا لک

رہی بیٹھی صبا کی رہگذر مین | کٹے دن انتظارِ نامہ بر مین
اسی حالت مین گذرے جب کئی سال | کہ تھے مثلِ زمان تغییرِ احوال
زبس مطلوب نازش تھا طلبگار | بنی سو خود فروشی پر خریدار
نہ آیا صبر بے دیدارِ مشتاق | نہ ٹھہری جان طاقت ہوگئی طاق
کی آخر مشورت اک ہمنشین سے | کہ اوٹھتا ہے دھوان جانِ حزین سے
جلایا شوق وصل تفتہ جان نے | کیا خاک آتشِ سوزِ نہان نے
انھین فکرون مین سرگردان ہون دن رات | کہ اوس وحشی سے کیونکر ہو ملاقات
ذرا دیکھون تو کیا ہے اوسکی صورت | نکر دے خاک تا شیشہ کدورت
نہ کیونکر رحم آ دے سنکر احوال | کہ ہے اک سرفراز اس طرح پامال
کوئی تدبیر لے تو ہی بتا دے | کسی صورت سے وہ صورت دکھا دے
کہا اوسنے کہ اے سرمایۂ ناز | فدا تیرے ستم پر سب کے انداز
بلا تیری مرے اندوہ و غم مین | کہ وہ کیا مین پری کو لاؤن دم مین
نکال اپنی ہوس ہائے نہانی | ترے قربان عیشِ جاودانی
ذرا دھر کان حرفِ دلنشین پر | نکر بیداد جانِ نازنین پر
کہان تک دوربینی ہے کہان تو | بلا لے شوق سے اوسکو یہان تو
وہ بدگو نام ہی پر چھپ کے آنا | کوئی گر جان لے تو مین نے جانا
عذابِ ہجر تیری جان سے دور | نصیبِ دشمنان اندوہِ مہجور

زمین پر بیقراری سے لٹایا
طپش نے خاک مین اوس کو ملایا
نہ ٹھہرا دل ذرا گو لاکھ سنبھالا
ہوا بیتاب تر جتنا سنبھالا
ادب سے اوٹھ کے وہ تصویر اتاری
کہ تھا گستاخ شوق ہمکناری
ہوا بیہوش چھاتی سے لگا کر
بنا تصویر جان تازہ پا کر

عجب نقش و نگار و حسن تدبیر ... او نہیں مین اک طرف اپنی کھنچی تصویر
وہ جس دم آکے بیٹھا اوس مکان مین ... نہ تھی تاب سکون تاب و توان مین
غضب ہے اس بلا کا کیا ٹھکانا ... پری خانہ مین دیوانے کا آنا
گیا گھر دل مین شوق بے دلی نے ... محل پایا غم آب و گلی نے
ہوا وحشت فزا درد نہانی ... ٹھکانے لگ گئی ہیجا نمانی
زبس ہر صورت خورشید رخسار ... نگاہ شوق کو نظارہ دشوار
سراپا حسرت افزای نظر تھا ... جہان پہونچی نظر گویا کہ گھر تھا
صفا سے گر نہوتی لغزش پا ... تو رہتی پابگل چشم تماشا
سیپہ اک او نمین رشک نقش تسخیر ... کہ تھا جادو کا پتلا وہ نہ تصویر
عجب صورت کہ جس سے ناز ظاہر ... سکون سے شوخی انداز ظاہر
خموشی سے عیان شیرین زبانی ... گل افشان معنی غنچہ دہانی
نشان رشک سواد نقطۂ خال ... کہ وہ بے مثل تھی جس کی یہ تمثال
تظلم فرق معنی کے سبب تھا ... لباس کاغذی بے وجہ کب تھا
وہ صورت دیکھتے ہی اوڑ گیا رنگ ... دکھایا جوش وحشت نے نیا رنگ
ہوا شوق نظارہ محو دیدار ... بنایا بیخودی نے نقش دیوار
گہے خونریز وگاہے اشک افشان ... بنے کلک مصور موے مژگان
خط تقدیر تھا نے نقش ہستی ... کہ ٹوٹا مذہب صورت پرستی

وہاں جان نازک دلربائی — ترحم کو وہ سمجھے بے حیائی
دماغ لطف دلداری کہاں ہے — کہ یہ آرام جان جان جہان ہے
سبھی اوس بیوفا پر دیتے ہین جان — نہین مرنیکا اوسپر کسکو ارمان
ہزارون نیم بسمل جستجو مین — ہزارون مر گئے اس آرزو مین
کہاں ایسے کسی کے بخت بیدار — کہ ہو ہمخواب وہ خورشید رخسار
غرض نام ونشان سارا بتایا — دل گمگشتہ کا یون کھوج پایا
پتا اس سو مکان کا لگ گیا وان — کہ جی تاب و توان کا لگ گیا وان
کیا معلوم جب اپنا ٹھکانا — ہوا وحشت زدہ وان سو زمانہ
چلا بیتاب سوے کوے دلبر — لگا کھینچا جذب دل نے سوی دلبر
کی ایسی پیروی تاب وتوان کی — کہ سیدھی راہ لی اوسکے مکان کی
سر کو سجدہ پامال زمین تھا — نشان پا کی جا نقش جبین تھا
زبان تہنیت گو نالہ مایوس — لب خود کام سرگرم زمین بوس
نگاہ حیرت چشم تماشا — سوے در دوڑتے تھے بے تحاشا
صفا و تاب کیا کیا جلوہ گر تھی — نظر صدقے در و دیوار پر تھی
لگے یکبار پانون لڑکھڑانے — بنایا تھا مگر وان گھر صفا نے
تمنا تھی فدا ہونے کی جی مین — لگا بیتاب پھرنے اوس گلی مین
کہ ناگہ اک کنیز برق رفتار — ہوئی جیون شعلہ آتش نمودار

اگر افسانۂ غم تو سنادے / مجھے نام و نشان اپنا بتادے
تو مین اوس ناز پرور کو سنادون / جواب شوخی و انداز لا دون
کہ ہی میری طبیعت رحم مانوس / جوانی پر تری آتا ہے افسوس
کہا اوسنے کہ اے غمخوار عاشق / دل معشوقہ و دلدار عاشق
مین وہ آوارۂ شہرۂ ورا ہون / کہ ناحق خلق مین رسوا ہوا ہون
اگر اتنی کرے تو مہربانی / کہ پہونچا دے یہ پیغام زبانی
تو مین تیرا غلام زر خریدہ / غلط ہے بندۂ جان آفریدہ
کہ اے بے رحم تو بیدرد ستمگار / دل آزار و دل آرام دل زار
تغافل حال سے میرے نکر تو / خیال امتحان سے درگذر تو
نہین دم مجھ مین کیا تاب تظلم / ترحم اے ستم پیشہ ترحم
تری صورت نے میرا دل لیا ہے / تری تصویر نے حیران کیا ہے
دل آزار تمنا ہے ملاقات / ہوا ہون جان سے بیزار ہیہات
بھری ہی حسرت دیدار دل مین / نہان ہے جلوۂ رخسار دل مین
نہ لاوے لب پہ عذر نازکی دوش / کہ ہے اعضا گسل شوق ہم آغوش
ہوا گستاخ ادب سے حرف مطلب / ہے لب پر التماس بوسۂ لب
سنا اوس تند خو نے جب یہ پیغام / کہا کہدے کہ اے عیار خودکام
عبث ہے مجھسے اظہار محبت / کہ ہون دانا ے اسرار محبت

بجھے ہے جو ترا احوال معلوم
میں الفت میں چلی ہون عشق کی دھوم
سبھا اس غفلت مزاجی پر ہے
کہ تو عاشق ہے لیکن اور پر ہے
نکالے گا کہین باتین بنا کر
یہ دم ہے تو کسی ناتوان کو جا کر
فسون نالہ بے تاثیر ہے یان
سراپا معجزۂ تقریر ہے یان
خدا اسکو سدا رسوا نہ کیجو
کہین اس بات کا چرچا نہ کیجو
رہے اوسکو مبارک جو ہے بدنام
تری ناکامیون سے مجکو کیا کام
کبھی لیجیو نہ مجھ سے زنہار
نہ لینا نام میرا پھر خبردار
ملا جب یہ جواب سامعہ سوز
ہوا سرگرم آہ آتش افروز

[illegible]

خیال خام کی یہ پختہ کاری | کہ دل گرمی غریبی بے قراری
عنان کش جوش وحشت سوے صحرا | طپش رشک رم آہوے صحرا
کیا آخر سفر بیچارگی سے | ہوا ویرانہ گھر آوارگی سے
چلا منزل بمنزل خاک اوڑاتا | ہوا پر خاک کے تودے لگاتا
سراسیمہ پریشان حال بیدل | نہ ہمراہ ؤ نہ سامان و نہ منزل
نہ زیر سایہ وقفہ دوپہر کو | نہ حدّ و انتہا عزم سفر کو
تک و دو جوش وحشت ہے شب و روز | سپہر کجروش کو گردش آموز
روان بیتاب جون رنگ روان وہ | کہ اک صحرا مین گذرا ناگہان وہ
نہ صحرا خانۂ زنبور تھا وہ | کہ نیش خار سے معمور تھا وہ
نہ صحرا رشک میدان قیامت | ملا دی خاک مین شان قیامت
غضب پرہول و پرآشوب و پردرد | تصوّر سے رخ سیّاح ہو زرد
کچھ آیا وہ جنون افزاے جانکاہ | پسند خاطر مشکل پسند آہ
زبس مطبوعہ تر ویرانہ تر تھا | بس ایسا رہ پڑا گویا کہ گھر تھا
اوسی پرہول وشت لق و دق مین | بسر کی ایک مدت پر قلق مین
تمنا بیخود حرمان نصیبی | سیہ مست مے شام غریبی
اگر آتش فشان یاد وطن ہو | نسیم صبح سے گرم سخن ہو
کہ اے باد بہار دلنوازی | نہال خشک کی کچھ چارہ سازی

اسی وابستگی مین خار خار الحال
اسی اندیشے سے آشفتہ احوال
اسی اندوہ مین من مار رہنا
اسی آزار سے بیمار رہنا
اسی سودا سے دن مین ہنسنا اور رونا
اسی غم سے [illegible]

خیال گفتگو سے دل مین خاموش
سر و سامانیٔ غارتگر ہوش
بڑھا غش کا زمانہ رفتہ رفتہ
قریب مرگ پہونچا رفتہ رفتہ
ہوا اس بیخودی سے بیخبر وار
کہ دیوانہ بکار خویش ہشیار
خیال آیا کہ یان مرنے سے حاصل
عبث جی کے فدا کرنے سے حاصل
چلو اوس کوچے مین جا کر مرون مین
علاج حسرت حرمان کرون مین
دم آخر جو پہونچا تا بہ شاید
کہ ہو وہ چارہ تدبیر شاید
[illegible]

جب آیا شہر مین وہ مچ گئی دھوم
قلق سے بہر استقبال دوڑے
سر رہ آلیا اون دشمنون نے
وہ کوے یار تک جانے نپایا
رہا او ہام گوناگون سے مانوس
نہ کبھی پیش جاتے گھر مین آیا
تحمل ناتوانی سے گران تھا
وطن مین وقفہ یہ ہے کوئی دم تھا
نہ ٹھہری لب پہ اکدم نیمجان حیف
زبس اوس کوچے مین جانی نپایا
اقارب آشنا حیران و گریان
فغان و آہ مرگِ ناگہانی
نصیحت گر ہوئے اب نعرہ زن ہائے
دی اوسنے جان کیسی حسرتون سے
اوٹھایا سر پہ گھر ہنگام فریاد
غضب ہے بیکسی کیا کیا اثر تھے
اونھون نے حیف لاش اوسکی دبائی
اقارب کو ہوا یہ حال معلوم
وہ کو بد حال تھی خوش حال دور سے
بجھائی آگ کب آتش زنون نے
کہ سد راہ تھا جو کوئی آیا
کہ تھا ملحوظ اوسکا پاس ناموس
ٹھکانے بہر زہ گردی نے لگایا
کوئی دم کا گھڑی کا میہمان تھا
کہ احرام سفر سوے عدم تھا
کہان آیا تھا اور پہونچا کہان حیف
خیالِ سیر جنت دل مین آیا
تب و تاب و الم سے سینہ بریان
تمامِ عمر آغاز جوانی
پنھایا بخیہ سازون نے کفن ہائے
کہ یہ بیدرد روئے شدتون سے
کیا جن دوستون نے خانہ برباد
کہ جو قاتل تھے وہ بھی نوحہ گر تھے
جنھون نے دوستی کی خاک اوڑائی

دلے وہ بد دماغ و روکشیدہ | گریبان تازہ دامن دریدہ
سکون محو جنون سامانی اوسمین | نہ وہ زندان پہ وہ زندانی اوس مین
پریشان حالت و بیتاب و مضطر | نگاہ شوق مائل جانب در
یہ حالت دیکھہ یہ محو تماشا | اوسی جانب کو دوڑی بیتحاشا
کہ ناگہہ پاسبان نے آن گھیرا | کہا فردوس مین کیا کام تیرا
جو رکھے اپنے دل تفتہ کو محروم | بجز دوزخ ٹھکانا اوسکا معلوم
یہ سنکر وہ جوان مضطر آیا | کہ دیکھون رحم اوس کو کیونکر آیا
کہا روکا کسے جانا نہ ہے یہ | مین اک بندہ ہون صاحب خانہ ہے یہ
نصیب اس باغ کے ای ملئہ خیر | کہ ایسی رشک حور آئی پے سیر
سمجھہ اس گل زمین کی سرفرازی | کہان یہ بید ماغ اور ہرزہ تازی
ہوا گستاخ آخر ولولے سے | یہ کہکر لگ گیا اوسکے گلے سے
کہ بس اب تو نہین کچھہ بدگمانی | یقین آئی وفا و جانفشانی
سحر جو نکلے جو دل بیتاب دیکھا | بس آنکھین کھل گئین وہ خواب دیکھا
چلے آتے تھے آنسو چشم تر مین | کہ وہ ہے ماجرا شب کا نظر مین
نہ بہلی طبع بہلائے سے ہرگز | نہ ٹھہری جان ٹھہرائے سے ہرگز
ہوئی سرگرم استفسار احوال | کہ ہی ضبط نفس سے جان پامال
گئی گھر اوسکے جسپر افترا تھا | کہ تا معلوم ہو یہ قصہ کیا تھا

ملی آپس مین جب وہ [illegible]
ہوئی جا و بیابانی سے فسون ساز
کہا اوسنے کہ وہ [illegible] کہان ہے
تمہارا [illegible] ہے وہ الا کہان ہے
وہی شعور محبت اب تلک ہے
نہ ذوق [illegible] اب بہک ہے
کہا اوسنے کہ لو اپنی جب [illegible]
[illegible] جان [illegible]
مری جان [illegible]
تمہارے صدمے [illegible] ناکام
تمہارے غم مین گیا دنیا سے ناکام
کہ اک عالم مین [illegible] بدنام
ہوئی معلوم [illegible] سب ابتدا سے
مجھے معلوم ہے [illegible] تیری جفا سے
سمجھہ اوسنے [illegible] تیری تصویر
نہین تھی اوس [illegible] تغییر
نہین تھی رنگ رخ مین [illegible]

۲۷۵
دیوان مومن

نہین محو تماشا بن گیا تھا
نہین حیرت کا پتلا بن گیا تھا
کہا دل مین جو سنکر اوس نے افسوس
کہ ایسا عاشق اور مر جائے مایوس
چلی تربت پہ اوسکی جذب دل سے
چلی کیا [illegible] درد جان گسل سے
کسی حیلہ سے اوسکو بھی لیا ساتھ
کہ ساتھ آئے تو جانے کیا [illegible]
ہوئی جب شمع تربت وہ دل افروز
کہا یہ کھینچ کر اک آہ جانسوز
کہ مجھہ بن کس طرح آرام آیا
یہ کیا خواب عدم مین چین پایا
لپٹ کر گور سے [illegible] بس
وہ خاک تفتہ گل ہو گئی بس
طپان ایسا دل مشتاق تھا ہم
کہ شق اس زلزلہ سے ہو گئی قبر

کہانتک اشتیاق بوسۂ لب
فسون خوان فغان و جوش یارب
کرے یون گرم جا بستر مین ہماری
کہانتک سوز شوق بیقراری
کہانتک پاس ہمزبانی جگاوے
پریشان خواب بیداری دکھاوے
کہانتک حسرت ذوق ملاقات
کہانتک تلخکامی ہے مکافات
کہانتک رشک دشمن یار جانی
کہانتک مہربان نامہربانی

رہے وا ماندہ خلوت گزینی
کہانتک آرزوے عشقبینی
نہین دل مانتا سمجھاؤن کیونکر
نہین جان ٹھہرتی ٹھہراؤن کیونکر
نہین جی صبر کرتا کیا کرون مین
کہانتک شوق وصلت مین مرون مین

گلے سے لگ کے اوس آرام جان کے ۔ نکالے حوصلہ جان طپان کے
قیامت مین بہم ربط بر و دوش ۔ کہان سے جی اوٹھا شوق ہم آغوش
نصیب وسکے حیات جاودانی ۔ کرے جو اس طرح سے جانفشانی
یہ مرنا کا ہیکو جینے سے کم ہے ۔ کہ خواب ناز یہ خواب عدم ہے
نہین یہ ماجرا ظالم فسانہ ۔ نہ مین آگاہ ہے سارا زمانہ
سُنو تو ایسے سو قصے سناؤن ۔ اگر باور نہو مر کر دکھاؤن
یہی بہتر کہ دلجوئی کرو تم ۔ ہمارے جان دینے پہ مرو تم
نہین تو جذبۂ شوق ملاقات ۔ خدا جانے کرے کیا کیا مکافات
غضب ہے التفات داد بیداد ۔ بھلا دونگا تغافل مین رہے یاد
دکھاؤن گا تماشا چشم تر کا ۔ رہا یون خشک کب دامن نظر کا
نہین یہ بوالہوس کی عشقبازی ۔ کہ اتنا ہار دی جی چارہ سازی
نہو ارمان دل آزاری کا میری ۔ علاج آئے نہ عیاری کا میری
کہین جانے نہ دی کیا تاب و طاقت ۔ او بے سنگ رہ شوق رفاقت
سراپا محو حیرت آئینہ وار ۔ ترا منھ دیکھتی رہجاے ناچار
وہ کیا سچ تو یہی لے نازنین ہے ۔ کہ بس چلتا ہمارا ابھی نہین ہے
نکالون زلف کا بل میری کیا تاب ۔ کرون اس عقدہ کو حل میری کیا تاب
وہ عاجز ہے مین عاجز تر ستمگر ۔ ترحم کر ترحم کر ستمگر

کہانتک طول ایام جدائی
کہانتک عرض عمر کی نارسائی
کہانتک سوز دل شمع شب تار
کہانتک بخت خفتہ چشم بیدار
کہانتک بیکسی فریاد رس ہے
کہانتک سینہ مین دل خون ہوس ہے
کہانتک بے سبب آرام
کہانتک کچھ نہ دو تقدیر پیغام
کہانتک چھوڑ دون تقدیر پر کام
کہانتک ضعف جی جائے کہانتک
کہانتک کچھ نہین بس اک مدت ہوا مین
حریف پاس اک مدت ہوا مین
کہانتک ضعف جی جائے سلامت
نہین جبتک کہ جی بیتابی قیامت
نہین ہے جلد ہی جی کہانتک طاقت فغان کی
یہی ہے شوق کہ کہان طاقت فغان کی
قسم اوس کی سخن غنچہ دہان کی
نہین

وہ مے جسکی نکہت نسیم بہشت
وہ مے جسکی تلخی نسیم بہشت
وہ مے جو غم زدہ عِ ... نجات
وہ مے جس مین تاثیر آب حیات
وہ مے جسکے مدہوش آداب ... دان
وہ مے ہو وی زبان جسکی تسبیح خوان
وہ مے جسکے تر دامن اہل یقین
وہ مے داغ جسکے گل جیب دین
وہ مے جسکی کلفت صفا ...
وہ مے جسکی قلقل دعا ...
وہ مے نشہ جس کا حضور دوام
وہ مے جسکا ہم اہل نظر جسکا جام
وہ مے جسکی گردش ... نجات
وہ مے جو ہے ... دوام ذات
وہ مے جسکی بو جان صاحبدلان
وہ مے جسکا رنگ آتش مقبلان

نہین تاب و توان آہ شبگیر	دعاے کردہ گی ہو جاے تاثیر
وگرنہ حکم مرگ ناگہان کو	کہ سن لے نالہاے ناتوان کو
بنی ہے ہر طرح دم پر الٰہی	کہان یار آئے جوش داد خواہی
آوائے آرزو کا کس مین حال اب	کرون عرض تمنا کیا مجال اب
الٰہی مومن اتنا ناتوان ہے	کہ ذکر اوس سنگدل کا بھی گران ہے

سخن رفت از توان خاموش گشتم
کشیدم نالۂ و بیہوش گشتم

تمام شد مثنوی ششم

اشعار مثنوی ناتمام

کہان ہے تو اے ساقی تیز ہوش	کہ مانند مے مجکو آیا ہے جوش
شراب سراسر ہدایت پلا	کہین سے مے توبہ تاثیر لا
وہ مے جسکے اہل ورع تشنہ کام	وہ مے جسکو زاہد نجانے حرام
وہ مے فکر عقبیٰ ہے جسکا خمار	وہ مے جسکے آلودہ پرہیزگار
وہ مے جسکا مینا دل اتقیا	وہ مے جسکے دردی کش اہل ریا
وہ مے جس سے روشن ہوا کبار ...	وہ مے جسکے بدمست ہشیار دل
وہ مے جسکا ساقی لب مرسلین	وہ مے جو مزا دے دم واپسین

وہ مے جسکا خمار ...
وہ مے جسکا خمخانہ ...
وہ مے جسکو صوفی کہین معرفت
وہ مے جسکی موجین تجلی طور

وہ جام محبت پلایا ہمیں
کہ ہوش اپنی جان کا نہ آیا ہمیں
ہمیں محتسب اور ہمیں بادہ خوار
کسی کو نہ ہم نے دیا اختیار
[illegible]

اوسی سے کی ہیں شورشیں ہر طرف
وگرنہ کہاں خاک کو یہ شرف
کہ ہو جان اہل فلک خاک رشک
[illegible]
جوان ۶ تون پر بھی ہون ہم خراب
[illegible]

گل گلستان تنزہ نسیم — نسیم ریاض تقدس شمیم
بہار چمن زار بے رنگ و بو — تبسم دہ غنچۂ آرزو
ہیولی طرازندۂ سبزہ و گل — نگارندۂ صورت خار و گل
کہن باغ نخل وجوب و قدم — نوی بخش نخل وجود و عدم
چمن آفرین باغبان دہور — مہین نخلبند جفا و ظہور
ہوائے دل بے ہوا و ہوس — نفس پرور باد عیسیٰ نفس
ادائے شکر خندہ آموز گل — قد افزائے گلبن رخ افزائے گل
طراوت فزائے شمال و صبا — عقوبت ربائے سموم و وبا
فرازندۂ خیمۂ آسمان — نوازندۂ زہرۂ نغمہ خوان
ردا باف برجیس روشن قیاس — قضا طیلسان و بحکم لباس
فروزندۂ مہر عالم فروز — مذہب نمائے مہ تیرہ روز
کمر بند بہرام شمشیر زن — صف آرا و جلاد لشکر شکن
مرصع نگار سریر فلک — قلمدان سپار دبیر فلک
فراتر نہ پایہ گاہ اجل — بنا افگن قصر جاہ زحل
تتق بند جلباب شبہائے تار — خطا پوش ہر عاصی تیرہ کار
کدورت بر چادر ماہتاب — گریبان در صبح زرین نقاب
نگہبان خمخانۂ بے ستون — بدور آور ساغر داثر گون

[illegible]

وہ عالم کہ معلوم ہر بات اوسے — نیاز سخن بے اشارات اوسے
وہ قادر کہ گر چاہے اوسکا کرم — مٹا دے مرے دل سے عشق صنم
نہ قدرت نمائی سے یہ بھی محال — کہ وہ بت کرے آرزوے وصال
سوا اوسکے یہ تو کسی سے نہو — جو وہ کر سکے سو کسی سے نہو
وہ حاکم کہ سب جسکے فرمان پذیر — عناصر سے لے تا بہ چرخ اثیر
اجازت اگر ہو ابابیل کو — کرے طعمہ ہر صاحب فیل کو
اگر حکم اہلاک نمرود ہو — تو پشہ سے جون پشہ نابود ہو
اطاعت کی کیسی ہی قاطع دلیل — کہ رہ قوم موسیٰ کو دے رود نیل
ہو فرعون کو آتش جانگداز — کہان آب کو اس قدر امتیاز
اشارت سے آتش وہ افسردہ ہو — کہ تشبیہ سے لالہ پژمردہ ہو
یہ کیا تاب منکر جو مانگے دلیل — کہ مشہور ہے ماجراے خلیل
جو سمجھین تو کیا دور کفار سے — کہ ہون آب دوزخ کی انکار سے
یہ محکوم ابلیس جا بین کہین — کہ آتش سزاے پرستش نہین
نکلتا اگر اسکی طاعت سے کام — تو پروانہ جلکر نہوتا تمام
بنے امر سے اوسکے صرصر نسیم — اوڑا دے چمن کو بہ رنگ شمیم
گلستان عالم کی یہ خاک اوڑاے — کہ جون گرد دل آہ غمناک اوڑاے
ارم کو بنا دے بر لق و دق — کہ ہو رنگ گل جسکے دیکھے سے فق

نہ ہم جو کہ بالائے عیوق ہین
اوسی ذات سے ہے وجود جہان
اوسی مہر کی تابش آب حیات
وہ بیچون اور ڈھنگ اوسکے ہین سب
ملائک مین ہے وہ نہ انسان مین
نہ نور مجرد وہ خلاق مہر
منزہ کم و کیف سے اوسکی ذات
وہ عالم مین مانند لم جلوہ زن
کرے جلوہ تو بھی نہ آئے نظر
کہان تاب آئینہ عرض صفت
کمال سخن ہے خموشی یہان
عجب راہ ہے کوئی طاقت گداز
نہ سیر و یہان گرم پا بے دلیل
بیان کیا ہو گو سر بسر جوش ہے
کہے کون جز طعنہ یان آفرین
کوئی ہرزہ تازی سے جاوے کہان
کہ گر مدح کو رہنمائی نہ ہو

اوسی دست قدرت کی مخلوق ہین
اگر وہ نہ ہووے تو پھر ہم کہان
کہ ہے خضر ہر ذرہ کائنات
وہ بے رنگ اور رنگ اوسکے ہین سب
وے لے اوسکا جلوہ ہے ہر شان مین
نہ عرش برین ہے نہ محیط سپہر
مبرا تخیل سے اوسکی صفات
کہ ثابت کرے تو ہے نفی سخن
رہے دل مین پر دل وہی بیخبر
کہ حیرت ہے معراج ہر معرفت
دل افسردگی گرم جوشی یہان
رکھین پانون یان پھونک کر شعلہ تاز
کہ جلتے ہین بال و پر جبرئیل
خرد بے خبر ہوش بے ہوش ہے
زبان اور حمد زبان آفرین
نہین کچھ ہی پیش جاتی یہان
تو دل سے زبان تک رسائی نہو

مری خاموشی قبلہ گاہ سخن ہے
زبان لال تھی مین ہوا سرخ رو
نہین زور و رنگ رخ آبرو
ادب وا ہون ہم مجال نہین
کہ طعن سخن کی ملالت نہین
اثر کیا بند ہے زبان
خدایا کرے کسکی زبان سے بیان
پر اوج عرش معلا نہین
ہم اپنی پرواز کی جا نہین

یہ در گرچہ سیم پناہ سخن ہے
مری بے شعوری شعور آشنا ہے
کہ مقصود دونون کا شوق فنا ہے
گمراہ مشکل بنی جان پر
کہ ہمسکی شکوہ جب ہم انسان پر
اگر اوسکی پرستش ہو روز حساب
تو حیران ہون اسمین کہ پھر کیا جواب

[illegible]

وہ مے جسکی تیزی دمِ ذوالفقار | علی ہمسر خوش نشۂ بے خمار
وہ مے مشتری جسکے ہین مےفروش | وہ مے جسکا صدیق ساخم بدوش
وہ مے جسکا خودرفتہ پیرِ ہُدا | صراحی و مینا کی گردن عصا
وہ مے جسکی قلقل ندائے صلوٰۃ | سجود صراحی ادائے صلوٰۃ
وہ مے جسکی موج صفانہ نشین | وہ مے جسکی مستی مین لغزش نہین
وہ مے جسکا میکش نہ گمراہ ہو | وہ مے جس سے گمراہ دل آگاہ ہو
بجھے اوس سے گر تشنہ کامی مری | منقش ہو شیرین کلامی مری
خرابِ شرابِ سخن ہو قبول | بنون میں فروشِ ثنائے رسول
محمد سزائے ستایش گری | مدیح آفرین جسکی پیغمبری
دلِ ساکنانِ سپہرِ برین | سرِ انبیا سیدالمرسلین
وہ امی ولے نقشبندِ علوم | کلام اوسکے سب دلپسندِ علوم
یہ کیسے فنون اوسکو حاصل ہوئے | کہ ساری صحف نقش باطل ہوئے
اسی بات پر حجت اتمام ہے | کہ جو بات ہے وحی و الہام ہے
عجب بات ہی اوسکی نامِ خدا | کہ بعضے سخن ہین کلامِ خدا
کہان ایسا علامۂ روزگار | کہ حکمِ کواکب ہو تقویم پار
اوسی ابر کی ہین دُرافشانیان | کہ یون آب ہو علمِ یونانیان
نہین عقلِ اول کو بھی یہ کمال | اوسی کو ہی معلوم آخر کا حال

گوارا نہ تھا بلکہ ہونا خدا
کہ ہو جلوہ فرما زمین پردہ نور
ہوا جب کہ ہر ہدایت ضرور
کہ اسرار مین خفا سر ادا ہے
نہیں راز یہ قابل اظہار ہے
کہا اوس نے سنت پوچھا وہ تھا بہر
غرض کہ سایہ نہین کیا سبب
کہ یہ مصدر کون گون کمال
کیا عقل کل نے فلک سے سوال

سمجھ مین جو آوے وہ اعجاز کیا — خیالات وسواس پرواز کیا
گیا ہی کدھر فلسفی کا خیال — کہان فکر ناقص کہان یہ کمال
تری عقل کیا اے ظلوم وجہول — کہ حیران ہین یان سب نفوس عقول
فلک سے نہو خضر اوسکی صفات — زیادہ ثوابت سے ہین معجزات
صعود اوسکا گو مرکز خاک ہے — یہ برتر بلندی مین افلاک ہے
جو وہ اوج ہو جلوہ گر پھر کہان — ستارون کی تاب آسمانونکی شان
یہ تابش مین انجم کا پایا نہین — کہ انکے ہی ظل اوسکے سایہ نہین
کدورت کہان جسم اطہر ہے وہ — کہ نور مجرد کا مظہر ہے وہ
نہونے مین سایہ کے کیا بات ہے — یہ ادراک فخر کرامات ہے
نہین یہ پذیرا ہے طبع سلیم — کہ حکمت سے خالی ہو فعل حکیم
لگا پوچھنے اندیشہ چرخ تاز — رہے پاسے بند طریق مجاز
حقیقت کھلی کچھ نہ اس بات کی — عبث سعی مین صرف اوقات کی
نگر جب خدا ہی سے کی التجا — تو ہاتف نے پیر خرد سے کہا
کہ اے نکتہ سنج سراپا شعور — نہونا تھا سایہ کا اوسکے ضرور
ہے تا شہریون کو باہم اجل — نظام جہان مین نہ آسکے خلل
اگر وہ سبب خلق افلاک کا — تو سایہ بھی باعث ہے ادراک کا
اگر ذات واجب وجود اہم — تو سایہ سے آباد ہو عدم

رہا سایہ حاضر حضور خدا
پہ سے اوس تجکو نہیں کیا خبر
کہ دکھا چھوڑ گئے ہین زبان سخن
مصور سے کھنچا اسکا تصویر یار
یہ اس سکون دل بیقرار
مرے دل کی پوچھو تو ہے بات اور
یہ فکر اور ہے سبب کے خیالات اور

[illegible]

حضور اوسکی طلعت کی آب و تاب
یہ ایسا ہے اعجاز شق القمر
یہانتک تو حسن اوسکا مشہور ہے
وہ مستاصلِ بیخ کفر و عناد
دم قتل کفار قہر خدا
زبان گرششِ سخت چالاک و چست
قضا کی نظر سوے ایما رہے
عجب احتساب اوسکا اعجاز جوش
نگہبان صد گونہ اسرار دل
ثبت فقط قول جن و بشر
مطاعِ جہان و مطیع اِلٰہ
بہارِ ازل خاتم المرسلین
کرون کس طرح مین شمار صفات
یہ مشکل گرہ کھولے ہدیت کیا
کہان مین کہان مدح خیر الانام
درود خدا وقف اصحاب و آل
خصوصاً مہین پیروان رسول

چراغ سحر ہے کہین آفتاب
کہ شہین مہر و اوسے دیکھکر
ہوس ہین ملاقات کی جو رہے
کہ جسکی چھڑی تیغ وقت جہاد
ستمگار و خونخوار بہر خدا
شکست بتا نہین لگا پو درست
اجل پر غضب کارہ فرما رہے
خرابات افتادہ جون بادہ نوش
گہہ خواب جون بخت بیدار دل
گواہ نبوت شجر تا حجر
بسر افراز عبد جہان بادشاہ
گل اولین و بر آخرین
کہ ممکن نہین انحصار صفات
مین کیا اور مری فطرت پست کیا
علیہ الصلوٰۃ علیہ السلام
ہوئے ختم جن پر جہان کے کمال
کہ چارون ہین ارکان کاخ نبی

فلک رس ہو غوغا مناجات کا
کرون التماس اپنی حاجات کا

مرا ولولہ خون ترا وی کرے | نہانی خلش سینہ کاوی کرے
جو دم لے فغان کو ملامت کرون | رکے دم تو کیا کیا قیامت کرون
دکھائے مزے مجکو شور جنون | پری طلعتون کا نظارہ کرون
اوڑائین مری خاک رسوائیان | رہے سر پہ جوش تماشائیان
بناؤن مین بازیچہ اس حال کو | ہو شنبہ بھی آدینہ اطفال کو
مرے پند گو مجھسے ڈرتے رہین | لحاظ لگد کوب کرتے رہین
سلاسل پہ پہ زور آزماتا رہون | سدا بیڑیان مین توڑتا رہون
گرفتار ہر بند آفات مین | گہے طوق گردن مین گہ ہاتھ مین
گرین سر ٹپکنے سے دیوار و در | بنا کر رہون قید خانے کو گھر
نہ اولجھے کبھی خار دامان کے ساتھ | جگر چاک ہووے گریبان کے ساتھ
کبھی ہرزہ گردی ٹھکانے لگے | کسی شوخ کو رحم آنے لگے
رہین مر کے بھی وحشتین برقرار | قیامت کو اوٹھون تو دیوانہ وار
یونہین سوی جیب کفن ہاتھ جائے | مری ہرزہ گردی مری ساتھ جائے
کرے دفن اتنا نہووے کوئی | مری بیکسی کو نہ رووے کوئی
سپے گور پاؤن نہ پھیلاؤن مین | کسی وشت مین مر کے رہجاؤن مین
جو نہلائے تو سیل دریا مجھے | کفن دے تو دامان صحرا مجھے
جنازہ اوٹھائے تو روز نشور | کسی دوش کا بار ہون کیا ضرور

فغان ہے مرا شور رندانہ وش | یہی بیخودی بس کہ آجائے غش
لگی چپ پر اسپر بھی کیا کیا کہوں | رہے جب تلک قسم بلکتا رہوں
قلق سے سدا تلملایا کروں | سنے کون پر بلبلایا کروں
رکھے گرم افغان امید اثر | رہیں اجابت دعائے سحر
جہان میں مرے عشق کی دھوم ہو | یہانتک کہ دلبر کو معلوم ہو
مرا نام بدنام کیا نہ ہو | جہان سنیے میرا ہی افسانہ ہو
ہر اک کوچہ میں غل مچاتا پھروں | میں خود خاک اپنی اوڑاتا پھروں
جو چھیڑے کوئی تو قیامت کروں | ملامت گروں کو ملامت کروں
سدا اہل تدبیر سے جنگ ہو | اودھر کف میں ہر ایک دھر سنگ ہو
مری واپسی بینوائی کرے | مری گمرہی رہنمائی کرے
رہوں ہرزہ گرد بیابان شوق | سر خار پامال جولان شوق
بجز پیر وہی دم نہ لیں آبلے | کف پا سے آنکھیں ملیں آبلے
ہوائے طپیدن اوڑائے مجھے | مری بے پری پر لگائے مجھے
مرادم بھرین مضطرب رازیان | مری نام پر جان دین خواریان
مین دیوانہ و دل فراست شعار | مین ناکام و سرگرمی کاروبار
پھروں اپنے احوال مین شاد شاد | ہو یاس آرزو نامرادی مراد
نگہ ہائے حسرت سے دیکھو جدھر | وہ رووے مرے حال کو دیکھ کر

مبارک وصالِ تمنا سے وصل
تجلی مہ روز و شبہا سے وصل

دعا ہے کہ افسون تسخیر ہے
دل راہ معین مجھے تاثیر ہے

تضرع سے بعد اثر کیا حصول
ہر اک شعر میں جلوہ گر ہے قبول

بہت زاری و التجا ہو چکی
بس اب چپ کہ مومن دعا ہو چکی

کہانتک دل زار کا ارمان بیان
مبادا ہوں عرض غم سامعان

مثنوی بمضمون جہاد

پلا مجھکو ساقی شراب طہور
کہ اعضا شکن ہے خمار فجور

کوئی جرعہ دے دین فزا جام کا
کہ آجاے بس نشہ اسلام کا

[illegible]

ہنسو میں رلائے رقیبوں کو وہ	مری طرح روئے نصیبوں کو وہ
نہ پروا کہ ہے منہہ دکھانا کبھی	ترستے رہیں دیکھنے کو سبھی
شرارت کرے آتش افروز یان	جلانیکو ہون میری دل سوز یان
مری ہر طرح جان نوازی کرے	بلا سے کوئی پھر جیے یا مرے
نہو تنگ گر بھیج ڈالا کرون	نہ ملنے کا بدلا نکالا کرون
سدا دلبری دلستانی کرے	عنایت کرے مہربانی کرے
کبھی مجھہ سے ہرگز کنارا نہو	نہو بوالہوس کا گذارا نہو
لگے جی نہ میری مکان کے سوا	نہ ٹھہرے کہیں جان یا نکے سوا
مزا میری ہی ساتھہ کھانے مین آے	اگر یون نعیم جنان ہو بہا سے
لگے ذکر گیا ہے پلک سی پلک	نہو میرے بازو پہ سر جب تلک
مرے پاس آلیٹے جون شام آے	مری ساتھہ سونے مین آرام آے
شکر ریز رغبت مذاق طلب	ملا ہی رکھے مرے لب سے لب
جو اوٹھون تو اوٹھہ جاے وہ پاس سے	نہ پھرنے دے گرد اپنے وسواس سے
محبت مین بھی جان دینی ند ے	بلائین اگر لون تو لینے ند ے
کرے معتمد ساتھہ جاؤن جہان	پس امتحان بھی رہے بدگمان
مین قابو مین تو بھی وہ بے اختیار	وفا پر وفا کا نہو اختیار
رکھے مجھکو جیسا مین اوسکو عزیز	نہ معشوق و عاشق مین ہو کچھہ تمیز

[illegible]

[illegible]

وہ نورِ مجسم وہ ظلِّ الٰہ
کہ سایہ سے جسکے خجل مہر و ماہ

زہے سید احمد قبولِ خدا
سرِ امتحانِ رسولِ خدا

نکو گوہری کا ہو جسکو شرف
علی و حسین و حسن کا خلف

رہی حشر تک زندہ وہ نیک ذات
ہے کفار کی موت اوسکی حیات

خدا نے مجاہد بنایا اوسے
سرِ قتلِ کفار آیا اوسے

دمِ اوس دستِ و بازو پہ لیوے اجل
لبِ تیغ کے بوسے لیوے اجل

جلو مین ہمیشہ دوان ہو ظفر
رکاب اوسکی پکڑے روان ہو ظفر

کہوں کیا لواے امامت کا اوج
کہ ہین غوث و ابدال سب اہلِ فوج

خبردار ہو جاؤ اے اہلِ دل
کہ رحمت برستی ہے اب متصل

ہوا مجتمع لشکرِ اسلام کا
اگر ہو سکے وقت ہے کام کا

ضرور ایسے مجمع مین ہونا شریک
کہ خوش تمسے ہو وحدہ لاشریک

جو داخل سپاہِ خدا مین ہوا
فدا جی سے راہِ خدا مین ہوا

حبیبِ حبیبِ خداوند ہے
خداوند اوس سے رضامند ہے

امامِ زمانہ کی یاری کرو
خدا کے لیے جان نثاری کرو

سمجھ بوجھ کچھ بھی ہے تمکو تمیز
نہ جان آفرین سے کرو جان عزیز

کسیکو نہین ہے اجل کی خبر
کہ آجائے بیٹھے ہوئے اپنے گھر

تو مقدور کس کا کہ آنے نہ دے
تنِ خستہ سے جان کو جانے نہ دے

سعادت ہے جو جانفشانی کرے
یہان اور وہان کامرانی کرے

الٰہی مجھے بھی شہادت نصیب
یہ افضل سے افضل عبادت نصیب

الٰہی اگرچہ ہون مین تیرہ کار
پہ تیرے کرم کا ہون امیدوار

تو اپنی عنایت سے توفیق دے
عروجِ شہید اور صدیق دے

کرم کر نکال اب یہان سے مجھے
ملا دے امامِ زمان سے مجھے

یہ دعوت ہو مقبول درگاہ مین
مری جان فدا ہو تری راہ مین

الٰہی فوجِ حق کے ساتھ محشور ہون
مین گنجِ شہیدان مین مسرور ہون

خاتمہ

سپاس و منت مر خدای را
جلّ شانہ و عم نوالہ کہ سخن بربان
آفریدہ و گوش را از ان ...
ساخت و ابر را گہر افشانی
آموخت

آموخت وصدف را بدان آب تشنی کرد یعنی بی بضاعتان را از گرانمایگان قدری فروتر نواخت
وعارض معنی را فروغ مهر جهانتاب داد ونقاب لفاظ بران بازکشید وجمال مطلق را از بند مستوری
بدر آورد وپردهٔ بیگانگی درمیان انداخت یعنی فرقی نازک درمیانه محرم ونامحرم نهاد ؎
هرکس نشناسندهٔ رازست وگرنه ٭ اینها همه رازست که معلوم عوام ست ٭ ودرود نامحدود
بروح مقدس سید الفصحا وراس البلغا خواجهٔ عالم وعالمیان سیدنا ومولانا ونبینا حضرت احمد مجتبی محمد مصطفی
صلی الله علیه وآله وصحبه وسلم که بدولت گفتار بلاغت آثارش سخن بپایهٔ اعجاز رسید وبتاثیر کلام
معجز نظامش کاریکه از خنجر وسنان برنیاید از زبان برآید نطق را آن مایه شرف وامتیاز حاصل شد
که ملائکه از بهر ادراک این فضیلت از لباس ملکی در زی انسانی فرود آمدند ولسان عربی را
مزیتی در رجحانی بهم رسید که لغت ناشناسان تازی زبان را ناشایسته خطاب گویائی ندانسته بلقب عجم
؎ حق جلوه گر ز طرز بیان محمد است ٭ آری کلام حق بزبان محمد است + اما بعد بنده هیچ میرز
هیچمدان عبد الرحمن خلف میر حسین تسکین غفر الله لهما سیئاتهما وتجاوز عن خطیاتهما بخدمت
نکته سنجان دقیقه گزین واداپرستان سخن آفرین التماس میدارد که این گلکدهٔ معانی وگنج طلسم وجدانی
وشیره خانه روحانی نسخه سحر حلال ومرقع تماثیل خیال وبیت الشرف مهر کمال حجله عرائس مضامین
غرا وروضه ریاحین اشعار سطرا مصداق ان من البیان لسحرا ناسخ زبر الاولین ودستور العمل آخرین مجموعه
افکار خواتین یعنی دیوان بلاغت آگین که بهین نتیجه ایست از نتایج طبع بلند ونفائس افکار ارجمند متقن قواعد سخنوری
وسخندانی ومروج احکام نکته سنجی ونکته رانی غواص قلزم تحقیق وشناور دریای تدقیق نبض شناس سخن ومزاجدان
گفتار عروج کوکب فن وفروغ طالع اشعار نازک خیال ژرف نگاه والا اندیشه بلند نظر رنگین بیان ادا فهم
دقت آفرین معنی پرور سقراط وقت بقراط زمان فلاطون عصر جالینوس دوران استادی ومولائی حکیم
غفران مآب مومن خان متخلص بمومن اسکنه الله تعالی بحبوحة الجنان تا ابد الابدین وفاض علیه من
شآبیب الرحمة والرضوان فی اعلی علیین بسکه وارستگی وآزادگی لازم طبیعت خان مبرور بود وازین
رو بتالیف وترتیب کلام خویش چه ریخته وچه فارسی سری نداشتند تنها در زمان حیات ایشان از حلیه
انتظام معطل واز پیرایه ترتیب معری بود عاقبت چون تشنگی طلب ارباب ذوق بغایت رسید دعوی
خریداران از حد درگذشت جناب مستطاب نواب عالی درجات قدسی صفات محمد مصطفی خان بهادر

مدظله العالی بجمع و تدوینش همت عالی مصروف داشتند و در فراهم آوردن اصناف کلام ریختهٔ حضرت مصنف دقیقه از دقائق فرو نگذاشتند اما از انجا که هنوز آن قلزم فیض در روانی و آن ابر رحمت در گهر افشانی بود کلام بلاغت نظامش آناً فاناً متزائد و متضاعف و یوماً فیوماً متکاثر و متواتر میشد تا آنکه بدر کمال راز مان خسوف فراپیش آمد و آفتاب مهر نزدیک لب بام رسید یعنی جناب خان ممدوح را مرض الموت در گرفت و آثار مرگ از آغاز مرض بر ناصیهٔ حال ایشان آشکار گشت چون آن وا فرسا رحمت قدری دیر کشید بنده کمینه که از بدو صبا تا آخر عمر حضرت سابق الوصف در کنار عاطفت ایشان منظور نظر تربیت مانده و باوجود نسبت برادر زادگی علاقه پسر خواندگی با آنجناب هم وارد فرصت وقت را که فی الحقیقه فرصت پروانهٔ محفل و در آخر شب فرصت مرغ صبح در آمد ز مهر پیش بنود غنیمت شمرده و نسخه که بجهد بلیغ و سعی موفور مطابق مجموعه فراهم آوردهٔ نواب معلی القاب با بسیاری از غزلیات و رباعیات و مخمسات و مثنویات و افراد دیگر که بعد از ترتیب اولین از صفحهٔ اندیشه بر لوح بیان ریخته بود بقلم خود نگاشته بودم از اول تا آخر بامید تصحیح و تقدیر بنهج ترتیب خویش پیشگاه مصنف علیه الرحمة بر خواندم چنانچه پاره را بزیور اصلاح و حلیهٔ تهذیب آراستند و پاره بحال خود گذاشتند و سه روز در وفات ایشان باقیمانده بود که دیوان تشریف تمامی در بر کشید و این مصرعه از زبان حال خان مغفور ترا و ش یافت

سے حوالت با خدا کردیم و رفتیم ؛

اکنون بجزم و یقین میتوان گفت که بعد این تدوین و ترتیب که مرة بعد اولی و ثانیاً بعد اخری ابر روی کار آمده هر که بیرون ازین سفینه بیتی از ابیات و فردی از افراد از نتایج فکر صاحب دیوان نشان دهد باید دانست که الحاقی بیش نیست یا خود از کلام او نیست یا مطروح و منسوخ سخن کوتاه کتابی است عدیم النظیر و نسخه الیست فقید البدل حروفش دلنشین و معانیش نوائین انچه در گفتار میر و میرزا جسته جسته توان یافت اینجا دسته دسته میتوان دید منصفی باید صاحب ذوق و ماهر فن تا در یابد که سخنور شاعری نکرده است بلکه ساحری کرده شناوران سخن را مژده باد که دیوان مومن حلیهٔ الطباع پوشیده چون ماه کنعان در بازار مصر رسید حرفی چند بیارند و اضاعتی با خود برند و صحائف پشیمانی از دست بیند ازند

سے هان اهل نظر وقت وداع دل و دین است

یوسف بخرید آمده در قافلهٔ ما ؛

فقط والحمد لله اولاً و آخراً و ظاهراً و باطناً والصلوة والسلام علی خیر خلقه سیدنا محمد و آله و صحبه اجمعین تمام شد

تقریظ چکیدهٔ قلم شاعر بی‌عدیل و سهیم رشک سلیم منشی امیر احمد نوراحسین تسلیم

حمد خالق لوح و قلم و نعت خواجهٔ شفیع الامم و منقبت آل مکرم و محمدت اصحاب المعظم بید ابیست بی پایان
و دانائیست بیکران چالاکش کنان فسحت آباد خیال گام ازین راه گردانیده اند و آشنایان بحر زخار
اندیشه طیلسان پندار از دوش برکشیده اگر کور رورره کورشتابد غیر از مضحکهٔ هیچ ثمره نیابد بمثل هم چو بنی که
محض مسیو اوباشد و مطلق نی استعداد و غشاوهٔ رعونت بر دیده نهند و بفتوای ابلهی نابینا یا نه گنبد گنبد باشد
که سر زیر و پا بالا باشد و گروه اطفال خشک زن بر قفایان اگر دریده ممدوح و لنیعمت که عین شکر رازق مطلق است
زمزمه سرا بید و ترنم نماید + مقام شناس از مجاز راه بره حقیقت خواهند برد و از دائره صورت و نا موس
معنی خواهند آورد آری آغاز در تعریف باشد و سزاوار توصیف چنانکه کاشف دقائق مروت واقف حقائق
فتوت عنوان صحیفهٔ قدردانی و دیباچه جرائد مهربانی محبت کیش الفت اندیش آب و رنگ شگفته روئی شمع انجمن
دلجوئی رفیق پرور کرم گستر آسمان زمین مهر پروری نیر و بان مه ل بدست آوری منصف مزاج عذر پذیر
عطا پاش خطا پوش ملجای مردم نزدیک و دور جناب منشی نول کشور صاحب مالک مطبع اوده اخبار
دکا نپور که ابر نیسان ایکی ست از بحر عطایش و حکایت حاتم مقدمهٔ الیست از دفتر سخایش همت بمرتبهٔ غایت
است که در نقصان خود فائده دیگران را سود پندارند و حوصله بدرجهٔ نهایت است که در رنج خود راحت
عالم را مطمح نظر کیمیا اثر دارند بفضل ایزد بسیار بخشش و نق و ترقی کارست و هر وقت بهر دکاکین کتب گرمی
روز بازار کتب مطبوعه را از منزلت بها انداخته بجز گ خودم لعل را کم میرزا از خازف ریزها ساخته در هر
کارخانهٔ مطبع کتاب نادر الوجود زیر تجویز طبع ست و در طبع آن خیال تمتع بر داشتن خاص و عام مقصود
بالطبع مدح ممدوح از حد بیان متجاوز است که دست و زبان تحریر و تقریر آن عاجز هم پیشگان تخم کاوش
در کشمند سینه میکارند و با بخت بلبیر مایهٔ خویش سخت آویزش زانو را ستون جبین کرده اند و چادر رشک
بر سر آورده ادنی در شیوهٔ دلداریها انیست و لب لباب فسانه ام چنین است که بر خواهش عزیزان
علامه عصر و شهرهٔ آفاق محسود شیوا زبانان عجم و عراق نیرو بهادران عرصهٔ تحریر پا بزوری دلاوران معرکهٔ تقریر
شیر بیشهٔ فصاحت بلبل بوستان بلاغت ناخدای سفینهٔ سلاست تاجدار قلمرو متانت ناظم
صاحب کمال ناثر عدیم المثال مقنن قوانین اردوی معلا در ایجاد فن سخن یکتا و بیهمتا

فخر المتقدمین صاحب زمان شعرا بیان حکیم مومن خان که رحمت خدا بر روح پاکش باد و
داخل مدینه منوره خاکش کلیات کرامت آیات آن رضوان پناه مغفرت دستگاه را بی مزد و
مطبع کانپور طبع فرمودند و بلکه عوض حق تالیف و مبلغ شوق آنان زر نقد پیش نمودند من کجا و
کجا تعریف دیوانش من کجا و کجا ستودگی زبانش بندش چست تلاش درست نشست
الفاظ سبحان الله تازگی مضمون واه واه زور قوت سخن هیدری و شور طاقت فن شنیدنی سلحه هی
در پرده شاعری کرده و دل صورت پرستان معنی بدست آورده لمعانی معانی روشنش آفتاب
را در تاب و تب انداخته و ابرو نازک کردن مصرعه بلندش بر هلال کار نازک ساخته کل کانپی
کلیات فیض بنیاد مشق تازه کدام کاتب متوطن بلده شاهجهان آباد یگان یگان در نقص انتخاب
زردی کاغذ برق شراب سیاهی را با سپندی اتحاد و را عداد و خرابی کاغذ بران مستزاد خط شکسته
چون خط جوهری از قسمت توصیف و تعریف بری تصرف طبع کاتب بران مزید حکم طبع بتعجیل و
تاکید نحیف لیف بشغل کار دیگر مطبع هر قدر که توانست نقش اول و دوم و سوم را دید یعنی کاپی
و پروف و فرد را بی اعانت دیگری بصحت رسانید نقش اولین که بی سنگ وید نشین بود مانند
دانه سپند سر آتش نشست بر سنگ قبول ننمود آگهی تو به مست بودم عنان اختیار از دست
رها کردم و در ترانه مدح و للغنیمت نغمه خارج آهنگ پرداختم بهان به که بخاتمه تقریظ در سازم و
بدعای ترقی آقا پردازم فقط تاریخ چون درین مطبع کلام مومن ❊ منطبع از کرم
سبحان گشت ❊ گفت تسلیم بسال طبعش ❊ طبع از دیدن آن شاد ان گشت

۱۲۸۴ھ

خاتمة الطبع جدید

بعد حمد خدا و نعت حضرت سرور انبیا صلی الله علیه و آله و سلم کے واضح ہو کہ کلیات
حکیم مومن خان مرحوم دہلوی کا مطبع فیض منبع جناب منشی
نول کشور صاحب واقع کانپور میں
ماہ نومبر ۱۸۸۵ء میں چھپا فقط
کتبہ وزیر خان

گلدستۂ نعت - کلام اردو و فارسی از محمد جمیل الدین احمد -

گلدستۂ درخشندگان - کلام منشی صفدر علی متخلص بہ درخشندان -

شمس الفیض - قصائد مدحیہ در محامد ولی عہد بہادر سورٹھ از غلام محمد خان -

گلشن فیض - قصائد مدحیہ از شیخ بہاؤالدین خرلیہ در تہنیت نامہ اقتدار ...ؔ بہادر خان ولی عہد ریاست سورٹھ -

کلیات و دواوین فارسی

کلیات حزین - کلام اہل زبان شیخ علی حزین مشمولہ ہشت کتاب -

۱ - سوانح عمری مصنف - ۲ - تواریخ سلاطین ۳ - قصائد نعتیہ حضرات ائمہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین ۴ - دیوان مصنف - ۵ - مثنویات ضمیر دل و مجمع الجمن - ۶ - مثنویات خرابات - ۷ - فرہنگ نامہ - ۸ - تذکرۃ العاشقین -

کلیات حکیم خاقانی - شروانی مشتمل در جملہ قصائد عربی فارسی غزلیات و رباعیات کا پورا مجموعہ -

کلیات مرزا عبد القادر بیدل - شامل چار کتاب -

۱ - دیوان بیدل - ۲ - عناصر بیدل ۳ - رقعات بیدل - ۴ - نکات بیدل -

کلیات سعدی مشمولہ شش کتاب -

۱ - دیباچۂ کلیات - ۲ - کریما - ۳ - گلستان - ۴ - بوستان - ۵ - قصائد عربیہ و فارسیہ و مراثی و ترجیعات ۶ - طیبات و بدائع و خواتیم و غزلیات قدیم

و مقطعات و صاحبیات و مثنویات و قطعات و رباعیات و مفردات و ہزلیات وغیرہ -

کلیات مرزا جلال اسیر شہرستانی -

کلیات انوری - از حکیم اوحد الدین انوری -

کلیات عرفی - از کلام سید محمد عرفی -

کلیات جامی - از عبد الرحمن جامی -

کلیات نظیری - نیشاپوری -

کلیات ظہیر فاریابی - از صدر الحکماء حکیم ابو نصر فاریابی -

کلیات نظم غالب دہلوی - کلام میرزا اسد اللہ غالب دہلوی -

کلیات مولوی غلام امام شہید -

مجموعۂ منتخب دواوین عناصر خمسہ از امیر خسرو دہلوی طوطی ہند خلاصہ چار دیوان حضرت خسرو - ۱ - دیوان تحفۃ الصغر کلام صغر سن ۲ - وسط الحیات کلام عنفوان شباب ۳ - دیوان غرۃ الکمال کلام کمال عمر کا - ۴ - دیوان بقیہ نقیہ کلام ہنگام پیری کا -

کلیات صائب - از میرزا محمد علی صائب تبریزی

انتخاب دیوان صائب - ایضاً -

دیوان شمس تبریز - عارفانہ کلام حضرت محمد بن ملک داد معروف بہ شمس تبریز -

دیوان خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رضہ -

دیوان احمد جام زندہ پیل رضہ -

دیوان خواجہ معین الدین چشتی رضہ -

دیوان حضرت غوث الاعظم - نام مبارک شیخ محی الدین عبد القادر جیلانی رضہ -

دیوان حافظ - کلام لسان الغیب حافظ شیرازی